JAME-AL-RAMAL

جامع الرمل

رمل کے بادشاہ

پنڈت گردھاری لال

عثمان پبلی کیشنز

بعنوان صناع مکین ومکان وفعلِ خلاق زمین وآسمان

بفضلِ لب الارباب علم رمل کالب لباب رسالہ باثبات کاشف حالات معصوم بہ

جامع الرمل

آئینہ غیب

مصنف

پنڈت گردھاری لعل نجم وجفار سیالکوٹی

ہر قسم کی بکس کے لیے یا وی پی بکس منگوانے کے لیے اس پتہ پر رابطہ کریں۔

ناشر **عثمان پبلی کیشنز** جلال دین ہسپتال اُردو بازار لاہور

موبائل: 0333-4275783 042-7640094

جملہ حقوق محفوظ ہیں

محمد عثمان نے ندیم پونس پرنٹرز پریس لاہور
سے چھپوا کر عثمان پبلی کیشنز سے شائع کی۔

ذیل کے نقشہ سے اپنے برتھ سٹون کا انتخاب کیجئے۔

نمبر شمار	تاریخ پیدائش	نام کا پہلا حرف (اگر تاریخ، پیدائش صحیح نہ ہو)	متعلقہ ستارہ	متعلقہ بُرج	موافق برتھ سٹون	متعلقہ دن	متعلقہ تاریخ	متعلقہ رنگ
-1	22 مارچ تا 20 اپریل	ا۔ل۔ع۔ی	مریخ	حمل	مرجان (مونگا)	منگل	13	سُرخ
-2	21 اپریل تا 21 مئی	ب۔د	زہرہ	ثور	الملباس (ہیرا)	جمعہ	14	نیلا
-3	22 مئی تا 21 جون	ق۔ک	عطارد	جوزا	زمرد (پیسہ)	بدھ	17	زرد سرخی مائل
-4	22 جون تا 23 جولائی	ح۔ہ	قمر	سرطان	مروارید (موتی)	پیر	18	سفید۔ہلکا نیلا
-5	24 جولائی تا 23 اگست	م	شمس	اسد	یاقوت برمانی (لعل)	اتوار	19	اورنج
-6	24 اگست تا 23 ستمبر	پ۔غ	عطارد	سنبلہ	لاجورد (نیلم)	بدھ	2	گہرا زرد
-7	24 ستمبر تا 23 اکتوبر	ر۔ت۔ٹ۔ط	زہرہ	میزان	سنگ دُودھیا۔زیرجد	جمعہ	3	ہلکا گلابی و نیلا
-8	24 اکتوبر تا 22 نومبر	ذ۔ز۔ض۔ظ۔ن	مریخ	عقرب	مرجان (مونگا)	منگل	4	گہرا سُرخ
-9	22 نومبر تا 22 دسمبر	ف	مشتری	قوس	پکھراج	جمعرات	7	ہلکا ارغوانی
-10	23 دسمبر تا 20 جنوری	ج۔خ۔گ	زحل	جدی	گاؤمیدک	ہفتہ	8	گہرا نیلا۔سلیٹی
-11	21 جنوری تا 19 فروری	س۔ش۔ص۔ث	زحل	دلو	عقیق یمنی	ہفتہ	9	سیاہ
-12	20 فروری تا 21 مارچ	د۔چ	مشتری	حوت	لاجورد (نیلم)	جمعرات	12	غیر معمولی سبز

ادارے کی دیگر کتب

شمس المعارف ولطائف العوارف (شرح بمعہ اردو ترجمہ) ازقلم: علامہ ابوعباس بونی مترجم: پروفیسر گل بہار لکھیرو مولوی اول
روحانی عملیاتو تعویزات پر مشتمل ایک ضخیم، مستند اور قدیم عربی کتاب کا اردو ترجمہ جس میں خواص اسماء الحسنیٰ، اسمائے عظام، اسم اعظم، قرآن کریم کی سورتوں کے خاص اثرات، حروف کی طاقت، بروج و کواکب، منازل قمر و سیارگان، صنعت الٰہی، حجر مکرم، علم اکسیر و کیمیا، حروف کے اسرار و چلہ کشی، حب و تسخیر، آسیب، جادو کا توڑ اور ہر ضرورت کے اعمال درج ہیں

قیمت -/300 روپے

تلقین مرشد کامل (ہدائق الاخبار) ازقلم: حضرت محمد صادق فرغانی
شریعت، طریقت اور حقیقت کے بلند پایہ موضوع پر اکی برگزیدہ انسان کی بلند پایہ لافانی کتاب

قیمت -/90 روپے

عملیات سنت قرآنی ازقلم: مولوی اول شاہ رضوی
"ہم نے قرآن شریف میں مومنوں کے لئے شفاء اور رحمت نازل فرمائی"۔

قیمت -/90 روپے

تردید سحر و آسیب ازقلم: محمد عمران اعظم
کالے جادو ٹونے، سفلی اعمال اور آسیب، جن، بدروح کے اثرات کو ختم کرنے کے لئے ایک لاجواب کتاب۔

قیمت -/240 روپے

دعوت موکلات ازقلم: حضرت محمد صادق فرغانی
ہر قسم کے نادر عجیب و غریب عملیات و تعویزات براءء جملہ کام اور حاضری موکلات

قیمت -/75 روپے

مقبول عملیات ازقلم: میاں مقبول احمد
محبوب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبوب دعائیں، نقوش و خواص کلام ربانی، فضائل حاجات، قرآنی دعائیں، باب الشفاء، عملیات غفرانی، نقوش و تعویزات، استخارہ کشف باب الشفاء

قیمت -/150 روپے

ہر قسم کی بکس منگوانے کے لیے اس پتے پر خط لکھیں یا فون کرے۔

عثمان پبلی کیشنز ۔ ل دین ہسپتال چوک اردو بازار لاہور P- # 042-7640094 Mob # 0333-4275783

باب اوّل

دربیان جدول سوالات

جاننا چاہیے کہ اس کتاب میں کل رمل کے زائچہ ابتداء سے انتہا تک درج کر دیئے گئے ہیں۔ کوئی زائچہ ان سے باہر نہیں تیار ہوگا۔ ہر ایک زائچہ کے متعلق 34 سوال رکھے گئے ہیں جو جلی قلم سے مندرج ہیں اور اس زائچہ کی 3 شکلیں جلی قلم سے ہر ایک صفحہ کے اول میں دکھلا دی گئی ہیں اور اول ہم نے ذکر کر دیا ہے کہ ہر ایک زائچہ کے متعلق چند سوال محدود ہیں پس ہم وہ سوال ذیل میں درج کرتے ہیں جو شخص سوال کا جواب دیکھنا چاہے۔ اول وہ جدول ذیل سے اپنا سوال معین کرے اور بعد ازاں زائچہ بنا کر 3 شکلیں یعنی 15,14,13 کو کتاب سے نکال کر اس کے متعلق جواب لکھ دے۔

جدول سوالات

نمبر شمار		سوالات	نمبر شمار		سوالات
-1	منسوب	فلاں جگہ یا مکان کس قسم کا ہے؟	-2	ضمیر	میں نے دل میں کیا سوال سوچا ہے؟
-3	خبایا	میری مٹھی میں کیا چیز ہے؟	-4	دفین	ہمارے گھر میں گنج مدفونہ ہے؟
-5	نفس	میری حالت اِن دنوں کیسی ہے؟	-6	مال	مجھ کو کسی جگہ سے روپیہ ملے گا؟
-7	برادران	بھائیوں یا خویش واقارب سے فائدہ ہوگا؟	-8	نقل وحرکت	مجھ کو نقل وحرکت نزدیک سے مفاد ہوگا؟
-9	باپ	میرے والد کی کس حالت سے مجھ کو مفاد ہوگا؟	-10	املاک	میرے ملک واملاک کی کیا حالت ہوگی؟
-11	عمر	میری عمر کس طرح گزرے گی اور کب تک زندہ رہوں گا؟	-12	فرزندان	میری اولاد کی کیا حالت ہوگی کیا مجھ کو فائدہ ہوگا؟
-13	معشوق	کیا معشوق میرا مجھ کو ملے گا؟ اگر ملے گا تو کب تک ملے گا؟	-14	خبر	کیا مجھ کو آج کل کوئی خوشخبری آئے گی؟
-15	بیمار	فلاں شخص کو بیماری سے شفا ہوگی؟	-16	حاملہ	اس حاملہ عورت کے لڑکا ہوگا یا لڑکی؟
-17	غلام	کنیز یا غلام کا خریدنا کیسا ہے؟	-18	گریختہ	ایک شخص بھاگ گیا ہے کب تک آئے گا؟
-19	نکاح	میری شادی کس عورت سے ہوگی؟	-20	شراکت	فلاں شخص سے شراکت کرنے میں نفع ہوگا یا نقصان؟
-21	غائب	فلاں شخص پردیس میں گیا ہوا ہے کب آئے گا؟	-22	غالب ومغلوب	کیا میں اس کے مقابلہ میں غالب ہوں گا؟
-23	دُزد	چور کا حلیہ کیا اور کب تک ملے گا؟	-24	قرض	کیا دادوشد کے معاملہ میں فائدہ ہوگا؟
-25	خواب	میرے خواب کی تعبیر کیا ہوگی؟	-26	سفر	کیا میرے واسطے یہ سفر مبارک ہوگا؟
-27	روزگار	میرا روزگار کب کشادہ ہوگا؟	-28	مادر	مجھ کو والدہ سے فائدہ ہوگا؟
-29	احوال سال	یہ سال خلق اللہ کے لیے کیسا گذرے گا؟	-30	دوست	کیا دوست میری مدد کریں گے؟
-31	دشمن	میرے دشمن دفعہ ہوں گے یا مجھ کو تکلیف دیں گے؟	-32	محبوس	فلاں شخص بند یخانہ سے رہا ہوگا کہ نہیں؟
-33	چارپایہ	مجھ کو چارپایہ جانوروں سے مفاد ہوگا؟	-34	تجارت	کیا خرید وفروخت تجارت میں فائدہ ہوگا؟

نوٹ: چونکہ منسوب ضمیر جنایا۔ دفین یہ چاروں سرخی مجمل طور پر لکھی ہیں۔ منسوب کی عبارت بہت جگہ پر رمل میں کام آتی ہے مثلاً فلاں شخص کس قسم کے مکان میں رہتا ہے یا فلاں مکان کا حلیہ کیا ہے وغیرہ وغیرہ اور ضمیر کی سُرخی جو ہے اس کے بتلانے کے لیے بھی عقل کی رتی درکار ہے اور جو سرخی خبایا کی ہے یہ بھی مجمل طور پر لکھ دی گئی ہے۔ اس کے متعلق باب سوم میں کچھ حال مفصل لکھا ہے اور دفین کی سرخی صرف ان لوگوں کے کارآمد ہوگی جن کو کامل طور پر اپنے مکان میں دفینہ کا گمان ہو مگر اصل جائے دفینہ وغیرہ کا مفصل حال دیکھنے کے لیے اصول علیحدہ ہیں۔

س: میں دلی مشکور ہوں کہ آپ نے مجھ کو اس کے اصلی بھید سے آگاہ فرما دیا ہے مگر آپ نے یہ نہیں بتلایا کہ ہم اپنے زائچہ کی شکل مستخرج کو کتاب سے کس طرح دیکھیں۔ یوں تو ورق گردانی کرنے میں عقل بھی چکرا جائے گی درجہ اول میں آپ نے سرخی کتاب کے خانہ سے کیا مراد رکھی ہے؟

ج: نہیں صاحب آپ کو ورق گردانی کرنے کی چنداں ضرورت نہیں۔ میں ذیل میں کل زائچوں انڈکس درج کر دیتا ہوں پس جس زائچہ کی شکل دیکھنی منظور ہو۔ اول اس کو انڈکس میں دیکھو جہاں درج ہو۔ ان کے مقابل کے خانہ میں کتاب کا صفحہ لکھا ہے پس وہی صفحہ دیکھ لو اس زائچہ کی وہ شکلیں اس میں درج ہوں گی۔ یہ بھی یاد رہے کہ اس کتاب میں جدول زائچہ ہائے نمبر ایک سے 252 صفحہ تک درج ہیں۔ صفحہ کی پیشانی کے سر پر وہ شکلیں اور زیریں اس کے سوالوں کے جواب درج ہیں۔ فی صفحہ 17 سطریں جن میں 17 سوالوں کے جواب اور بقیہ اس صفحہ کا دوسرے صفحہ کی پشت پر درج ہے مگر پیشانی صفحہ کی جو شکلیں ہیں۔ ان کی ترتیب یوں ہے۔ دست راست میں شکل زائچہ خانہ 13 دست چپ میں شکل زائچہ خانہ 14 اور درمیان میں شکل زائچہ خانہ 15 کی جوان ہر دو کی ضرب سے نکلی ہے۔ درج کی گئی ہے۔

سرخی سوال در کتاب سے یہ مراد ہے کہ ہر ایک سوال کو ہم نے کتاب میں مخفف کر کے اس سوال کی پیشانی لکھ دی ہے اور جدول سوالات میں ہر ایک پیشانی کا مفصل سوال اس کے مقابل میں لکھ دیا ہے۔

فصل پنجم

انڈکس کل زائچہائے رمل

ترتیب شکل زائچہ	صفحہ نمبر	ترتیب شکل زائچہ	صفحہ نمبر	ترتیب شکل زائچہ	صفحہ نمبر	ترتیب شکل زائچہ	صفحہ نمبر
	2ت1		34ت33		66ت65		98ت97
	4ت3		36ت35		68ت67		100ت99
	6ت5		38ت37		70ت69		102ت101
	8ت7		40ت39		72ت71		104ت103
	10ت9		42ت41		74ت73		106ت105
	12ت11		44ت43		76ت75		108ت107
	14ت13		46ت45		78ت77		110ت109
	16ت15		48ت47		80ت79		112ت111
	18ت17		50ت49		82ت81		114ت113
	20ت19		52ت51		84ت83		116ت115
	22ت21		54ت53		86ت85		118ت117
	24ت23		56ت55		88ت87		120ت119
	26ت25		58ت57		90ت89		122ت121
	28ت27		60ت59		92ت91		124ت123
	30ت29		62ت61		94ت93		126ت125
	32ت31		64ت63		96ت95		128ت127

ترتیب شکل زائچہ	صفحہ نمبر	ترتیب شکل زائچہ	صفحہ نمبر	ترتیب شکل زائچہ	صفحہ نمبر	ترتیب شکل زائچہ	صفحہ نمبر
	130ت129		162ت161		194ت193		226ت225
	132ت131		164ت163		196ت195		228ت227
	134ت133		166ت165		198ت197		230ت229
	136ت135		168ت167		200ت199		232ت231
	138ت137		170ت169		202ت201		234ت233
	140ت139		172ت171		204ت203		236ت235
	142ت141		174ت173		206ت205		238ت237
	144ت143		176ت175		208ت207		240ت239
	146ت145		178ت177		210ت209		242ت241
	148ت147		180ت179		212ت211		244ت243
	150ت149		182ت181		214ت213		246ت245
	152ت151		184ت183		216ت215		248ت247
	154ت153		186ت185		218ت217		250ت249
	156ت155		188ت187		220ت219		252ت251
	158ت157		190ت189		222ت221		254ت253
	160ت159		192ت191		224ت223		256ت255
14-15-13	0	14-15-13	0	14-15-13	0	14-15-13	0

باب دوم

طریقہ نکالنے جواب کل زائچہائے رمل
از جدولات صفحہ نمبر 1 تا 256

واضح ہو کہ تمام زائچہائے رمل کو ہم نے 256 صفحہ میں درج کیا ہے۔ ہر ایک زائچہ کے متعلق 34 سوال ہیں جن کو ہم نے جدول مذکورہ فصل چہارم میں لکھ دیا ہے۔ پس اول اس جدول سے اپنا سوال جس کا کوئی جواب مطلوب ہے۔ دیکھ لو۔ بعدازاں زائچہ رمل حسب قاعدہ مذکورہ فصل سوم تیار کرو جب زائچہ بنالو تو اس زائچہ کی شکل خانہ نمبر 15,14,13 کو انڈکس فصل پنجم میں دیکھو۔ شکل 13 دست راست میں اور شکل 14 دست چپ میں اور شکل 15 جوان کی ضرب سے حاصل ہوئی ہے۔ درمیان میں ملیگی پس جب یہ شکلیں مل جائیں تو ان کے مقابل دیکھو کہ وہ کتاب کے کس صفحہ میں درج ہے پس جو صفحہ اس کے مقابل درج ہے نکال کر دیکھ لو۔ وہ شکلیں اس صفحہ میں مندرج ہوں گی اور پھر اس صفحہ میں اپنے سوال کو دیکھ کر مقابل اس کا جواب لکھا ہوا پڑھ لو۔

سوال: مہربانی کر کے ایک زائچہ مع طریقہ استخراج جواب بتلا دیں۔

جواب: اچھی بات لو سنو مثلاً ایک شخص نے سوال کیا۔ کیا معشوق میرا مجھ کو ملے گا، اگر ملے گا تو کب ملے گا؟ پس زائچہ رمل کھینچا تو یہ صورت ظاہر ہوئی پس ہم نے قاعدہ مذکورہ بالا شکل 15,14,13 کو دیکھا تو یہ صورت معلوم ہوئی۔





انڈکس میں دیکھا تو معلوم ہوا کہ یہ شکلیں کتاب کے صفحہ 140,139 میں مندرج ہیں پس اس صفحہ کو نکال کر ہم نے معشوق کی سرخی کو دیکھا تو وہاں اس

سوال کا جواب یہ تحریر ہے کہ اس خیال کو ترک کرو کیونکہ وہ تمہاری بالکل پرواہ نہیں کرتا پاس طرح کل سوالوں کے جواب معلوم ہوں گے۔

سوال: میں تو کیا بلکہ جو لوگ اس کتاب کو دیکھیں گے وہ آپ کے نہایت مشکور ہوں گے کیونکہ آپ نے دریا کوزہ میں بند کرنے کی مشہور مثل کو عملی طریقہ سے ثابت کر دکھایا ہے اور طرفہ کہ ایک معمولی اردو خواں بھی بلامدد اس کتاب سے سوال کا جواب معلوم کر لے گا کیونکہ یہ کتاب حقیقت میں گوہر نایاب ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ

اگر فردوس بر روئے زمین است
ہمین است وہمن است وہمین است

جواب: بیشک آپ کا خیال درست ہے مگر میں نے کوئی طریقہ ایجاد نہیں کیا۔ یہ سب کچھ اُستادان متقدمین متاخرین کے قواعد مخفیات ہی ہیں جن کو آج کل کے وقیانوس جوتشی پوشیدہ رکھتے ہیں مگر میں نے محض فائدہ عام کے لیے اس گوہر نایاب کو مرتب کیا ہے کوئی قدر کرے نہ کرے۔ میں نے تو بلحاظ انسانیت اپنے فرائض منصبی کو پورا کیا ہے اور بقول شخصی ثنائے خود بخود گفتن نہ زیبد مرد عاقل را۔ مگر آخر پھر میں شائقان علم رمل وقدردان علم وہنر کی خدمت میں نہایت عاجزی سے التجا کرتا ہوں کہ بقول شخصے گر قبول اُفتد زہے عز و شرف۔

سوال: میں آپ کی راست بیانی کا مشکور ہوں۔ کرپا کر کے یہ تو بتلا دیں کہ جفت شکلوں کے مثلث کے علاوہ اگر طاق شکلیں ہوں تو ان کے احکام کیونکر دیکھیں اور اگر ان کے علاوہ کوئی سوال دیکھنا ہو تو اس کے واسطے کیا ترکیب ہے؟

جواب: طاق شکلوں کے مثلث موجفت کے مختصر طور پر مخبر تقدیر حصہ دوم میں درج کر دی گئی ہیں اور 256 سوالات میں طریقہ استخراج جواب کے رسالہ مثیر تقدیر میں درج ہیں۔ اس کو منگا کر دیکھ لو۔

سوال: بہت اچھا۔ مجھ کو جامع الرمل کا دیدار کرائیے گا؟

جواب: دیکھو بھائی صفحہ نمبر 1 سے 256 تک کل زائچہ رمل کے جواب درج ہیں۔



سوال	جواب
منسوب	مسجد، مینارہ وجائے عبادت وروح اور پھول شگفتہ ہے۔
ضمیر	واسطے حصول مال وروزگار یا برائے وصال محبوب۔
خبایا	معدنی ضرب خوردہ یا حیوانی جوف سوراخدار۔
دفین	بطرف شرق از قسم روپیہ یا اشرفی وغیرہ۔
نفس	ہر طرح سے خوش وخرم مگر متفکر برائے حصول زر۔
مال	خانہ مال میں ترقی ہو اور کسی جگہ سے حصول مال ہو۔
برادران	خوشی وخورمی سے ہوں اور محبت اندرونی رکھیں۔
نقل وحرکت	کسی نزدیک جگہ کا سفر ہو جس سے فائدہ پہنچے۔
باپ	مہربان رہے مگر اکثر رنجیدہ ہوا کرے۔
املاک	میں ترقی اور سرسبزی ہو۔ فائدہ پہنچے۔
عمر	عیش وعشرت سے گزرے 4یا45سال میں خوف مرگ ورنہ 72سال کی عمر ہو۔
فرزندان	سعادت مند اور دولت سے مالا مال ہو اس کے علاوہ ایک دختر بھی ہوگی۔
معشوق	مطیع مگر سائل بے مہر ہو۔ پندرہ روز کے بعد ملاقی ہوگا۔
خبر	کسی جگہ سے کوئی خوشخبری ملے۔
بیمار	دردشکم میں مبتلا ہو، جمعہ تک اندیشہ ہے بعد اس کے صحت ہوگی۔
حاملہ	تم کو خوش ہونا چاہیے، حاملہ کو لڑکا ہوگا۔
غلام	بموجب تمہاری منشاء کے خیرخواہی سے کام کرے گا۔

ادارے کی دیگر بکس

غالب کے سو اشعار تنقیدی وتحقیقی جائزہ

چوٹی کے دس مشہور معروف شاعروں نے غالب کے ان مشہور زمانہ سو اشعار کو اپنی زبان میں کس طرح پیش کیا۔ غالب کے اشعار کا طلسم آپ کے سامنے پیش ہے۔ غالب واحد شاعر ہیں جن کے کلام کی اتنی زائد شرحیں لکھیں گئی ہیں اور تمام شرحوں کو لوگوں نے پسند کیا۔ ان شرحوں میں یہ شرح بھی آپ کو ایک انوکھی شرح کی طرح پسند آئے گی۔ اس شرح کا تقابلی مطالعہ بذات خود ایک دلچسپ مفید موضوع ہے جس پر تنقید وتحقیقی کام کر دیا۔ خرم علیم کی اس شرح کو لوگ پسند بھی کریں گے جیسے غالب کا تنقید مطالعہ پیش کیا ہے یہ واقعی دلچسپ کتاب بن گئی ہے۔

ماءالحیات "شرح دیوان خواجہ میر درد"

خواجہ میر درد ایک صوفی شاعر مانے جاتے ہیں اس لئے ان کی شاعری میں صوفیانہ رنگ بدرجہ اتم موجود ہے وہ مسائل تصوف کو بڑے دلنشین انداز میں بیان کرتے ہیں ان کا ایک ایک شعر روحانیت اور عشق حقیقی میں ڈوبا ہوا ہے وہ دنیا کی بے ثباتی کو کچھ اس انداز سے پیش کرتے ہیں کہ آدمی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ امان اللہ کاظم نے خواجہ میر درد کے اشعار کی شرح کچھ اس انداز سے لکھی ہے کہ لطف دوبالا ہو جاتا ہے شروع سے آخر تک یہ ایک فن پارہ ہے۔ کاظم صاحب کا انداز تحریر بڑا سلیس اور سادہ، دلنشین، شستہ اور دلکش ہے اس کتاب کا ہر گھر میں ہونا ضروری ہے تاکہ دین سے اور ادب سے محبت رکھنے والوں کی محبت جواں رہے۔

خونناب خم "شرح دیوان حکیم مومن خان مومن"

حکیم مومن خان مومن جو رنگین طبع اور رنگین مزاج شاعر مشہور ہے جس کی عاشقانہ شاعری عشقیہ شاعری کے دلدادگان کیلئے ایک انمول تحفہ ہے اس کے دیوان کا ہر شعر عشق ومحبت میں ڈوبا ہوا ہے۔ امان اللہ کاظم نے مومن خان مومن کے اشعار کی بہت ہی سادہ اور دلنشین انداز میں شرح لکھی ہے اس طرح کہ ہر شعر کا حسن نکھر کر سامنے آگیا ہے ایک شاعر کے کلام کی شرح ایک شاعر کے قلم سے پہلی بار منظر عام پر آرہی ہے ہر شعر میں مستعمل مشکل الفاظ کے معانی بھی ساتھ ساتھ لکھ دیئے گئے ہیں تاکہ قاری کو کسی قسم کی زحمت نہ اٹھانا پڑے اور اس کے علم میں اضافہ بھی ہوتا رہے تشنگان علم بھی اس سے اپنی پیاس بجھا سکتے ہیں آپ کی لائبریری میں اس کتاب کا ہونا لازمی ہے۔

ملنے کا پتہ ہماری بکس یا کسی بھی ادارے کی بکس بارعایت منگوانے کیلئے اس پتہ پر خط لکھیں۔

عثمان پبلی کیشنز ناشران وتاجران کتب اردو بازار لاہور

جلال دین ہسپتال اُردو بازار لاہور 0333-4275733 042-7640094



سوال	جواب
گریختہ	بھاگا ہوا جمعہ تک آ گیا تو بہتر ورنہ 45 یوم تک آئے گا۔
نکاح	مبارک ہے وہ عورت حسین، رنگ گندم میانہ قد ہے اس پر بدگمانی نہ کرنا۔
شراکت	جس شخص سے شراکت کرتے ہو۔ اس سے فائدہ ہوگا۔
غائب	وطن آنے کے واسطے متردّد ہے جلد آئے گا۔ اُس کے آنے کی میعاد میں 45 روز ہیں۔
غالب ومغلوب	دشمن زیر ہوگا تم فتح پاؤ گے۔
وزد	میانہ قد رنگ سرخ۔ پہلو پر نشان ممکن ہے کہ مغہ مال کے عرصہ 45 یوم تک تم کو ملے۔
قرض	قرض لینا اور دینا مفید نہیں ہے۔
احوال خواب	تم نے کسی مرد بزرگ کو دیکھا ہے۔ اس کی تعبیر نیک ہے کوئی معشوق ملے گا۔
سفر	اس سفر میں فائدہ ہوگا اور تم جلد واپس آؤ گے۔
روزگار	تم خود ترک کرو گے۔ 24 روز میں حسب مراد نوکری ملے گی۔
مادر	ہر طرح سے خوش اور درست ہے۔
احوال سال	میوہ بہت ہو۔ زیادہ لوگ خوش نظر آئیں۔ گرمی زیادہ، سردی اوسط پر ہے۔
دوست	بباعث کسی دلربا کے متفکر ہوں۔
دشمن	درمیانہ قد، رنگ سرخ وسفید شاید کہ فرزند ہو مگر تم غالب رہو گے۔
محبوس	خدا سے دعا مانگو۔ امید ہے 44 روز میں امید ملنے کی ہے۔
چہارپایہ	فائدہ ہو۔ اگر گم ہو گیا ہو تو 44 روز میں خلاصی پائے۔
تجارت	منافع ہوگا بشرطیکہ کوئی آفت ارضی نہ پڑے۔



سوال	جواب
منسوب	جائے عشرت وسبزہ زار اور آب رواں وخانہ مشربان یا تجارت گاہ سے۔
ضمیر	برائے حصول مال وروزگار یا وصل عورت ہے۔
جنایا	دوجنس معدنی کم قیمت، نقش دار رنگ سرخ حیوانی سفید یا زردی مائل۔
دفین	بطرف مشرق گمان پڑتا ہے کہ ہو۔
نفیس	بباعث کسی دلربا کے متفکر مگر باطن میں خوش۔
مال	حسب منشاء خرچ ہوگا اور فائدہ بھی پہنچے گا۔
برادران	بحالت خوشی اور سعادت مند ہوں مگر علیحدگی پسند ہوں۔
نقل وحرکت	کسی جگہ جانے کا اتفاق ساتھ فائدہ کے ہو۔
باپ	والد سے فائدہ ہو اور مہربان ہو۔
املاک	آباد اور ہر طرح سے فائدہ پہنچے۔
عمر	خوش وخورمی سے گزرے 23 یا 24 سال میں خوف مرگ ورنہ 45 سال کی عمر ہو۔
فرزندان	پسر ہوگا اگر ہو تو اس کے روزگار میں ترقی اور بلند اقبال کی دلیل ہے۔
معشوق	نافرماں بردار سرکشی کرے گا۔ 44 روز میں امید وصل ہے۔
خبر	کسی دوست کا پیغام خوشی کا پہنچے۔
بیمار	اسہال وسردی، تپ سے نالاں ہو، روز پنجشنبہ گزرنے پر امید صحت رکھنی چاہیے۔
حاملہ	اگر حمل ہے تو لڑکا ہوگا ورنہ حمل جلد ہوگا۔
غلام	ملازم سے فائدہ ہو جو کام کرے مفید ہوگا۔



سوال	جواب
گریختہ	بھاگا ہوا 44 روز تک ہاتھ آئے گا۔
نکاح	دیر سے ہوگا۔ حلیہ عورت گندم گوں، کوچک سر، بلند بالا گول چہرہ و پیوستہ ابرو سرکش مگر پارسا ہوگی۔
شراکت	نیک ہوگی۔ فائدہ طرفین کو پہنچے گا۔
غائب	جائے مقیم پر خوش ہے۔ پنجشنبہ سے یکشنبہ تک امید آمد ورنہ 44 روز کے بعد آئے گا۔
غالب مغلوب	سائل ظفریاب ہوگا مگر انجام بصلاح ہوگا۔
وزد	مذکر دراز قد بال چھوٹے، رنگ گندمی، سر میں نشان اور زیر ناک خال 44 روز کے بعد ظاہر ہوگا۔
قرض	دینے میں فائدہ لینے میں نقصان سابقہ قرضہ میں زیر باری ہوگی۔
احوال خواب	کسی حسین دلربا کو دیکھا ہے۔ اس کی تعبیر یہ ہے کہ روپیہ کا فائدہ ہوگا۔
سفر	مبارک ہوگا، فائدہ زر و مال ہوگا، ترقی مرتبہ ہوگی۔
روزگار	44 روز منحوس ہیں۔ بعدازاں حسب المراد کام ہوگا۔
مادر	تندرست ہے مگر اُسے فائدہ چنداں نہیں ہوگا تو بمشکل۔
احوال سال	بارش خوب، ہوا معتدل، غلہ میوہ بہت ہوگا، نرخ ارزاں، گرمی و سردی درمیانہ رہے گی۔
دوست	ہر کام میں مشورہ نیک دیں گے اور امداد کریں گے۔
دشمن	کوئی دوست ہے جس کا رنگ گندم گون، چھوٹا سر، قد بلند اور منہ پر سیتلا کے داغ ہیں۔
محبوس	مشکل سے رہائی کی امید رکھتا ہے، امداد کا خواستگار ہے۔
چہارپایہ	اگر گم ہوگیا ہے تو 44 روز کے بعد ملے گا۔
تجارت	تجارت میں فائدہ ہوگا، گندم کی تجارت مفید ہوگی۔



سوال	جواب
منسوب	جائے ویران و جنگل بیابان و کوہستان اور جو جگہ کہ گرم ہو۔
ضمیر	واسطے حصول مال یا بیمار یا سفر کے لیے ہوگا۔
خبایا	از قسم آہن کم قیمت رنگ کبود و تیرہ دیگر حیوانی سفید و سبز سوراخ دار، عمل در آتش گذشتہ۔
دفین	بطرف مشرق یا جہت شمال ورنہ ندارو۔
نفس	در تباہی و پریشانی 3 ماہ تک سخت تکلیف ہوگی۔
مال	آمدن و خرچ مساوی رہے گا البتہ 45 یوم کے بعد صورت دیگر ہوگی۔
برادران	کوئی فائدہ نہیں ہوگا، مطلب پرست رہیں گے۔
نقل و حرکت	سفر نزدیک پیش آئے گا اور کسی قدر امید نفع ہے۔
باپ	حالات بدرجہ اوسط اور طبیعت طرف سفر کے زیادہ مائل ہوگی۔
املاک	اکثر خراب ہوگا مگر پھر بھی چنداں نقصان نہ ہوگا۔
عمر	تنگدستی سے گزر ہوگا اکثر سفر کے لیے تردّد لگا رہے گا اور 25 یا 55 یا 90 سال میں خوف دور، 107 سال کی عمر ہوگی۔
فرزندان	اگر فرزند ہو تو اس کی حالت تنگدستی کی ہو اور اگر فرزند نہیں ہے تو آئندہ ایک دختر کے بعد ہوگا۔
معشوق	کیوں اس کے لیے حیران ہوتے ہو بدوں مال کے وصل مشکل ہے۔ اگر منشاء ہو تو 15 روز کے بعد نقدی ملے۔
خبر	پیغام خوشی کا پہنچے گا، دل کو تقویت ہوگی۔
خبر	پیغام خوشی کا پہنچے گا، دل کو تقویت ہوگی۔
بیمار	تپ لرزہ ہے دوشنبہ تک خوف ہے اور بعدازاں جلدی صورت شفاء ہوگی۔
حاملہ	کے دختر ہوگی۔ اگر حمل نہیں تو جلد ہوگا۔
غلام	نوکر کا رکھنا ہر طرح سے مفید ہوگا۔



سوال	جواب
گریختہ	اگر 45روز تک مل گیا تو بہتر ورنہ 3ماہ تک اس کا ملنا محال ہے۔ بعدازاں ملے گا۔
نکاح	وہ عورت بلند، سبز رنگ، باریک میان ،شرم وحیا مگر باہم سلوک نہ ہوگا آخر طلاق دینا پڑے گا۔
شراکت	معاملہ بدرجہ اوسط رہے گا۔ چنداں مضر نہیں ہے۔
غائب	جائے سکونت پر خوش ہے اگر 45روز کے اندر آ گیا تو بہتر ورنہ تین ماہ پندرہ یوم کو خود آئے گا۔
غالب ومغلوب	چونکہ دشمن غالب ہوگا۔ صلح ہونا بہتر ہے۔
وُزد	حلیہ۔ درازقد، تیرہ رنگ نوعمر اوپر ران یا منہ کے خال ہے اگر 45روز تک نہ ملا تو بہتر ورنہ نہیں ملے گا۔
قرض	اگر قرض دیا ہوا ہے تو اس سے نصف ملے گا۔
احوال خواب	کوئی کوہ آتش فشاں دیکھا ہے۔ اس کی تعبیر یہ ہے کہ روپیہ کا فائدہ ہوگا۔
سفر	نیک سفر کے لیے تیار رہو۔ فائدہ زر ومال کا ہوگا اور جلد واپس آؤ گے۔
روزگار	بمشکل امید بر آئے گی۔ 45روز توقف کرو۔ پردہ غیب سے تمہاری روزی کھل جائے گی۔
مادر	ولد سے تم کو فائدہ کافی پہنچے گا۔ متابعت کرنا تمہارا فرض ہے۔
احوال سال	سردی بہت پڑے گی۔ احوال خلق اللہ میانہ رہے گا۔ بارش عمدہ مگر نرخ بدرجہ اوسط۔
دوست	خوش ہیں مگر تمہاری نسبت دل میں کدورت رکھتے ہیں۔ امید 45روز یا 3ماہ 15روز کو بر آئے گی۔
دشمن	تمہارا طالع نحوست میں ہے۔ دشمن قوی بلند قد سرخ رنگ سے واسطہ پڑا ہے۔ خدا خیر کرے۔
محبوس	جلد رہائی پائے گا مگر کچھ توقف ہے۔
چہارپایہ	اگر گمشدہ ہو تو دیر ہاتھ آئے اگر خریدو تو فائدہ مند ہو۔
تجارت	کام تجارت میں امید منافع ہو مگر نقصان بھی کسی قدر ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	جائے خوش وارالضرب وآب رواں درخشاں بے برگ۔
ضمیر	واسطے سفر یا ضائع ہونے مال یا برائے عورت۔
خبایا	دوجنس برنگ سفید پیدائش دریائے۔
دفین	بطرف غرب یا جہت شمال وشرق گمان ہے۔
نفس	قوت میں ہے مگر بعد تین ماہ ایک روز کے بہتری ہوگی۔
مال	فضول خرچی سے زیادہ ہو کے تنگ دستی ہوگی۔
برادران	باہم بے اتفاقی ہوگی۔ بصد مشکل مطلب حاصل ہوگا۔
بقل وحرکت	نزدیک کی نقل وحرکت میانہ رہے گی۔
باپ	متفکر وحیران سائل کو باعث پدر رحمت ہو۔
املاک	ہاتھ سے نکل جائے گا۔ طبیعت حیران ہوگی۔
عمر	تنگدستی سے گزرے گی۔ 15یا 45سال میں خوف مرگ ورنہ 65سال کی عمر ہوگی۔
فرزندان	اگر ہیں تو بدحال ہوں اگر نہیں تو ہوگا مگر فعل بد اور معیوب۔
معشوق	التفات نہیں کرتا۔ دل میں تمہارے ملنے کا خواہشمند۔
خبر	پیغام خوشی کا لیکن جھوٹا۔
بیمار	تپ اور آزاد شکنجہ میں نالاں ہو۔ شب یکشنبہ تک خوف ہے۔ بعد جلد صحت ہوگی۔
حاملہ	بہت جلد بارآور ہوگی مگر اندیشہ اسقاط اور خوف زندگی کا ہے۔
غلام	نوکروں اور زیردستوں سے نقصان پہنچے گا۔



سوال	جواب
گریختہ	اگر 45 روز تک آ جائے تو بہتر ورنہ خیال چھوڑ دو۔
نکاح	اس میں ناسازگاری ہوگی، وہ عورت مکروہ شکل اور ہر وقت آمادہ فساد رہے گی۔
شراکت	طرفین میں باہم خصومت ہوگی۔ حذر بہتر ہے۔
غائب	اگر 45 روز میں وطن واپس آ جائے تو بہتر ورنہ وہ کسی اور جگہ چلا جائے گا۔
غالب ومغلوب	صاحب زائچہ دشمن پر غالب ہوگا۔
وزد	حلیہ چور گندم گوں کشادہ اور ابرو اور منہ پر نشان مگر 45 روز تک ہاتھ آ گیا تو خیر ورنہ کوشش فضول ہوگی۔
قرض	دیا ہوا بڑی مشکل سے ملے گا مگر رنج پہنچے گا۔
احوال خواب	کسی نہر یا دریا یا باغ کو دیکھا ہے مگر تعبیر اس کی کوئی سفر بامید نفع ہو۔
سفر	فائدہ نہیں ہوگا بلکہ تکلیف ہوگی۔
روزگار	45 روز نحوست ہے کوشش رائیگاں ہوگی۔ بعدازاں حصول مراد ہوگی۔
مادر	متفکر وبدحال ہے تم کو اس سے رنج پہنچے گا۔
احوال سال	آشفتہ ہے۔ بارش کم، نرخ اوسط، چہار پائیوں پر آفت نازل ہوگی۔
دوست	امید بعہ چار ماہ یا 3 ماہ دس یوم کو دوستوں سے برآئے گی۔
دشمن	دو شخص ہے جسکے ساتھ تم نے ہزاروں نیکیاں کیں۔ خیر نتیجہ تمہارے حق میں نیک ہوگا۔
محبوس	دیر میں خلاصی پائے گا یاد خدا کرے۔
چہار پایا	نقصان ہوگا یا مر جائیں گے۔ اگر ہاتھ سے نکل گئے ہیں تو تین ماہ دس روز تک پتہ ملے گا۔
تجارت	نفع ہوگا مگر تم اپنے فائدہ کی پرواہ نہ کر کے نقصان اٹھاؤ گے۔



سوال	جواب
منسوب	جائے زراعت وبازار صرافاں وخزانہ ومعاملہ کی جگہ وغیرہ۔
ضمیر	حصول جاگیر یا آمد غائب یا روزگار کے۔
خبایا	دو جنس یکے سفید رنگ دیگر حیوانی سفید بزروی مائل۔
دفین	ظن غالب ہے کہ بطرف جنوب ومشرق کے کچھ ہو۔
نفس	بباعث حصول مال متفکر ہو۔ امید کامیابی۔
مال	غائب سے فائدہ کی صورت پیدا ہوگی۔
برادران	نیک حال وتندرست ہیں۔ سائل کو فائدہ پہنچے گا۔
نقل وحرکت	جانا ممکن اگر جاؤ تو فائدہ ہوگا۔
باپ	خوش حال زر ونعمت سے مالامال۔ فائدہ ہوگا۔
املاک	معمور رہے گا جو شخص اس میں رہیں گے۔ خوشحال رہیں گے۔
عمر	اکثر اندیشے ہوں گے 18 یا 23 سال میں خوف مرگ اگر یہ گزر گئے تو 68 سال کی عمر ہوگی۔
فرزندان	موجودہ عقلمند وبلند اقبال ہوں گے اور سائل کے لڑکی ہوگی۔
معشوق	محبت میں سرشار ہے۔ چہارشنبہ یا شنبہ کو ملے گا ورنہ 45 روز توقف کرو۔
خبر	کسی عزیز کا پیغام خوشی کا عنقریب آئے گا۔
بیمار	چہارشنبہ تک خوف ہے۔ بعدازاں توقف سے صحت ہوگی۔
حاملہ	کے دختر پیدا ہوگی۔ نیک طالع مبارک قدم۔
غلام	نوکروں سے فائدہ پہنچے گا مگر کنیزک سے دھوکا ہوگا۔



سوال	جواب
گریختہ	چہارشنبہ تک ملے گا ورنہ 45 روز۔ اگر نہ تو 4ماہ توقف سے ملے گا۔
نکاح	مبارک ہوگا۔ وہ عورت بلند قد، سبز رنگ اور ہمیشہ تابعداری کرے گی۔
شراکت	معاملہ کرنا نیک ہے۔ انجام اچھا ہوگا۔
غائب	اپنے مسکن پر خوش ہے۔ 45 روز میں مراجعت کرے گا ورنہ 4ماہ توقف رہے گا۔
غالب ومغلوب	سائل فتح پائے گا یا صلح ہو جائے گی۔
دزد	اس کا رنگ سبز و بلند قد پس یہ یہ گمان ہے کہ ہمسایہ ہو اوپر پاؤں کا نشان 4ماہ کے بعد ملے گا۔
قرض	4ماہ کے بعد جو دیا ہوا ہو وصول کرو اور ہرگز نہ دو۔
خواب	جس طرح خواب میں تم کو فائدہ پہنچا ہے اس طرح کسی جگہ سے عنقریب فائدہ پہنچے گا۔
سفر	بعد چار ماہ کے اگر سفر کرو گے۔ کامل فائدہ زرنقدی کا اٹھاؤ گے۔
روزگار	جو روزگار ہے یا ملے گا وہ پائیدار ہوگا۔
مادر	والدہ سے تم کو فائدہ پہنچے گا وہ پائیدار ہوگا۔
احوال سال	بارش بہت ہوگی۔ غلہ زیادہ ہوگا۔ خلق اللہ میں خوشی وخرمی زیادہ رہے گی۔
دوست	عمدہ حال میں ہیں مگر فائدہ دیر سے پہنچے گا۔ امید بعد ماہ کے حاصل ہوگی۔
دشمن	بہت ہیں تنگ ضرور کریں گے مگر آخر میں تم فتح پاؤ گے۔
محبوس	رہائی مشکل ہے۔ عاقبت بخیر ہوگی۔
چہارپایا	جانوروں سے فائدہ ہوگا اگر گم ہو گیا ہے تو توقف سے ہاتھ آئے گا۔
تجارت	بیوپار کرو۔ فائدہ کافی ہوگا۔ خیرات ضرور کرنا۔



سوال	جواب
منسوب	مقام مکتب یا صحرا وجائے اجتماع لشکر۔
ضمیر	برائے وصول یا حصول مال یا آمد غائب۔
خبایا	یک جنس، کم قیمت دیگر حیوانی سوراخدار۔
دفین	بطرف مشرق درجہت شمال دفینہ قسم نقدی۔
نفس	غائب کی طرف سے متفکر ہونا، مگر ہر طرح سے خوشی وخرمی حاصل ہوگی۔
مال	آمدنی عمدہ ہوگی اور کسی معاملہ میں منافع کثیر پہنچے گا۔
برادران	سب طرح سے خوش ونیک حال ہیں اور ان سے فائدہ پہنچے گا۔
نقل وحرکت	45 روز تک توقف ہوگا۔ بعدازاں حسب المراد کامیابی ہوگی۔
باپ	والد سے فائدہ پہنچے گا۔ وہ تمہارے فائدہ کے لیے حصول مال کی کوشش کرتا ہے۔
املاک	سے فائدہ پہنچے گا اور ہمیشہ آباد رہے گا۔
عمر	تم کامل آرام پاؤ گے زر ونعمت کا فائدہ ہوگا۔ 25یا29 سال میں خوف مرگ ورنہ عمر 61 برس۔
فرزندان	موجودہ فرزندوں کا طالع سعادت میں ہے۔ تمہاری امید پوری ہوگی۔
معشوق	گھبراؤ نہیں 45 روز کے بعد روز یکشنبہ کو وصل ہوگا مگر دشمن رخنہ انداز ہیں۔
خبر	کسی دوست یا عزیز کی خبر خوش ملے گی۔
بیمار	مریض کو تپ وخشکی ہے۔ روز یکشنبہ وچہارشنبہ سخت ہے۔
حاملہ	وضع حمل بآسانی مگر دختر ہوگی۔
غلام	نوکروں سے فائدہ ہوگا اگر بدگمانی کرو گے تو نقصان ہوگا۔



سوال	جواب
گریختہ	اگر روز یکشنبہ تک آ گیا تو بہتر ورنہ ایک ماہ 20 روز توقف کرنا لازم ہے۔
نکاح	مبارک وہ عورت بلند قد گندم گون خوش سخن پیوستہ ابرو فراخ چشم تابعداری میں افضل ہے۔
شراکت	جس سے معاملہ شراکت کا کرو گے فائدہ ہوگا۔
غائب	حصول مال میں کوشش کر رہا ہے جلد آئے گا اگر توقف ہوا تو 45 روز میں مراجعت کرے گا۔
غالب ومغلوب	تم کو دشمن پر فتح ہوگی یا آخرکار صلح ہوگی۔
وزد	گندم گون بڑا سر اوپر گردن کے نشان یا چہرہ پر نشان اگر جلد مل گیا تو خیر ورنہ 45 روز میں۔
قرض	اگر 45 روز میں مل گیا تو بہتر ورنہ 4 ماہ تک ملے گا۔
خواب	یہ خواب ناقص تو نہیں مگر تمہاری امید کچھ عرصہ تک بستہ ہونے کی دلیل ہے۔
سفر	45 روز تک سفر درست نہیں۔ بعدازاں تم کو سفر سے کامل فائدہ ہوگا۔
روزگار	اگر روزگار ہے تو خوب ہے۔ اگر متلاشی ہو تو جلد صورت پیدا ہوگی۔
مادر	والدہ سے تم کو کافی فائدہ پہنچے گا۔
احوال سال	ہوا زیادہ چلے گی، غلہ بہت پیدا ہوگا مگر نرخ اوسط پر رہے گا۔
دوست	دوستوں سے تمہاری امید 45 روز کے بعد حاصل ہوگی۔
دشمن	دشمنوں سے ضرر پہنچے گا تم کو ہر وقت ان کے مکر سے بچنا چاہیے۔
محبوس	زندانی کی حالت عمدہ رہے گی مگر دیر سے رہا ہوگا۔
چہارپایا	جانوروں سے فائدہ ہوگا اگر گم گئے ہیں تو بعد 45 روز کے پتہ معلوم ہوگا۔
تجارت	خرید وفروخت میں منافع ہوگا۔ دل کھول کر تجارت کرو۔



سوال	جواب
منسوب	جائے قلعہ وقبرستان وتاریک جگہ سے متعلق ہے۔
ضمیر	برائے وصلت محبوب یا بیمار یا روزگار وغیرہ
خبایا	دو جنس کافی کم قیمت رنگ سرخ وسیاہ وحیوانی برنگ زردی مائل۔
دفین	مال مدفونہ تھا مگر اس جگہ سے نکال گیا ہے شاید کہ اب بھی کچھ ہو۔
نفس	متفکر وحیران ہے بعد 55 روز کے استقلال ہوگا۔
مال	آمدن کم خرچ زیادہ ہوگا۔ کچھ نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔
برادران	خویش واقارب ہر طرح سے خوش وخرم رہیں گے۔
نقل وحرکت	کسی نزدیک جگہ کا جانا مبارک ہوگا۔
باپ	والد کا طالع سعادت میں ہے۔ تم کو فائدہ پہنچائے گا۔
املاک	ہر طرح سے معمور اور رہنے والے خوش رہیں گے۔
عمر	دن دوگنی رات چوگنی ترقی ہوگی۔ طالع بلند ہوگا 19 یا 39 سال میں خوف مرگ اور عمر 90 سال ہو۔
فرزندان	موجودہ فرزند صاحب ہمت اور عالی مرتبہ ہوں گے اور فرزند بھی پیدا ہوگا۔
معشوق	نافرمانی کرے گا۔ اس کا حلیہ میانہ قد، باریک بینی اور تلون مزاج 45 روز وصل میں توقف۔
خیر	خوشخبری ملے گی جس سے خوشحالی ہوگی۔
بیمار	مریض اسہال سے تکلیف پائے گا۔ روز یکشنبہ خوف بعدازاں صحت ہوگی۔
حاملہ	وضع حمل بآسانی، فرزند صاحب طالع ہوگا۔
غلام	نوکروں سے منفعت ہوگی۔ ہر طرح سے خیرخواہ رہیں گے۔



سوال	جواب
گریختہ	اگر 45 روز تک آ گیا تو بہتر ورنہ 4ماہ تک آ جائے گا۔
نکاح	توقف سے ہو گا۔ اس عورت کا میانہ قد گندم گون باریک بینی پارسا مگر بدمزاج البتہ بزرگ خاندان سے ہے۔
شراکت	جس شخص سے کرو گے دھوکا کھاؤ گے۔
غائب	جائے مسکن پر خوش ہے۔ 45 روز ورنہ 4ماہ 6روز تک مراجعت کرے گا معہ مال وزر۔
غالب مغلوب	صلح کر لو ورنہ تم مغلوب ہو جاؤ گے۔
وزد	شخص باریک بینی کشیدہ آبرو پاؤں یا سینہ کے خال ہے۔ 4ماہ6روز کو معہ مال کے ظاہر ہو گا۔
قرض	کسی سے مت مانگو ہرگز نہیں ملے گا۔ لیت ولعل کریں گے۔
خواب	کسی مُردہ یا قبرستان کے دیکھنے کا گمان پڑتا ہے اس کا نتیجہ فائدہ کی دلیل ہے۔
سفر	زر ومال کا فائدہ ہو گا، خوشی سے جاؤ، خوشی سے واپس آؤ گے۔
روزگار	عمدہ تو نہیں ملے گا مگر تھوڑے عرصہ کے بعد حسب دل خواہ امید رکھو۔
ماور	والدہ سے فائدہ ضرور ہو گا وہ تم پر ہر طرح سے خوش ہے۔
احوال سال	میوہ کم ہو گا، نرخ غلہ ارزاں، گرمی زیادہ، سردی کم ہو گی۔
دوست	عزت ومرتبہ کافی حاصل کریں گے۔ تم کو فائدہ ہو گا۔
دشمن	زبردست ہے۔ تمہارا طالع نحس ہے۔ 45 روز تک خوف حاسدوں سے بچو۔
محبوس	جلد صورت رہائی کی نمودار ہو گی۔
چہارپایہ	جانوروں سے فائدہ ہو گا۔ اگر گم گئے ہیں تو ان کا ہاتھ آنا مشکل ہے۔
تجارت	خرید وفروخت میں منافع قلیل ہو گا۔



سوال	جواب
منسوب	کوہپائے بلند وتخت بادشاہ وشہر وجائے بلند۔
ضمیر	برائے روزگار یا بیمار یا احوال شخص بزرگ۔
خبایا	معدنی ضرب خوردہ برنگ زرد مائل سفیدی۔
دفین	جنوب اور غرب کلی طرف گمان موجودگی گنج ہے۔
نفس	نصرت وقوت میں ہے مگر خیالات گوناں گوں رہتے ہیں۔
مال	بمشکل حاصل ہو گا۔ روز دوشنبہ تک توقف بہتر ہے۔
برادران	بھائیوں سے تکلیف ہو گی وہ رنجوری اور پریشانی کی حالت میں ہیں۔
نقل وحرکت	کسی جگہ کا ارادہ مت کرو۔ تکلیف ہو گی۔
باپ	طالع والد نحس ہے۔ تم کو گاہے رنج گاہے راحت پہنچے گی۔
املاک	ملک خراب ہو گا جو شخص اس میں بود وباش کرے گا۔ رنج اٹھائے گا۔
عمر	رنج وتفکر میں گزرے گی۔ 30یا40 سال میں خوف مرگ ورنہ عمر 57 سال ہو گی۔
فرزندان	موجودہ فرزندوں سے نفع نہیں ہو گا اور جو فرزند ہو گا وہ بھی بدفعل ہو گا۔
معشوق	روپیہ کا یار ہے اس عورت کا حلیہ سیاہ رنگ کوتاہ قد ہے۔ 55روز تک امید وصل محال ہے۔
خبر	جو خبریں ملے گی ناخوش اور جھوٹی ہوں گی۔
بیمار	درد پشت وپیچش میں مبتلا ہو گا روز یکشنبہ تک خطرہ ہے بعدازاں صورت شفابد ہو گی۔
حاملہ	وضع حمل میں تکلیف ہو البتہ لڑکا صاحب عمر ہو گا۔
غلام	ملازموں سے زحمت اور نقصان کا اندیشہ ہے۔



سوال	جواب
گریختہ	کوئی شخص سیاہ رنگ کا اس کو گرفتار کرے گا مگر 55روز تک ملنا محال نظر آتا ہے۔
نکاح	وہ عورت سیاہ رنگ، میانہ قد، بزرگ پستان ہمیشہ خصومت اور جھگڑا کرے گی۔
شراکت	ہرگز نہ کرو خیانت ہوگی باہم فساد ہوگا۔
غائب	اگر روز یکشنبہ تک آ گیا تو بہتر ورنہ 55روز تک نہیں آئے گا۔
غالب ومغلوب	دشمن تمہارا مغلوب ہوگا تم کامیاب رہو گے۔
وزد	مذکر ہے گمان ہے کہ غلام مادہ ہو بڑا بدفعل اور بدچلن ہے اس کا ملنا محال ہے صبر کرو۔
قرض	اگر دینا چاہتے ہو تو 55روز تک نہ دو۔ اگر دو گے نقصان ہوگا۔
خواب	کوئی بلند جگہ قلعہ یا تخت دیکھا ہو تو یقین رکھو کہ تم عزت ومرتبہ بے وسائل پاؤ گے۔
سفر	ارادہ ترک کرو اگر جاؤ گے تو رنج اٹھاؤ گے۔ 55روز کے بعد مقصود حاصل ہوگا۔
روزگار	روزگار ملے گا مگر کچھ توقف ہے۔ جلدی مت کرو۔
مادر	والدہ تمہاری فکر میں ہر وقت حیران ہے۔
احوال سال	یہ سال میانہ رہے گا۔ گاہے گراں گاہے ارزاں۔ درمیان خلق کے رنج پیدا ہوگا۔
دوست	یار تمہارے حق میں نیکوکار ہیں مگر تشویش میں ہیں۔
دشمن	تم دشمن پر فتح پاؤ گے مگر اس کے دھوکا سے ضرور بچو۔
محبوس	اندروں قلعہ پابندی خانہ میں عرصہ تک رہے گا۔
چہار پایہ	ضائع ہوں گے اگر گم ہو گیا ہے تو دو ماہ تک پتہ ان کا ملے گا۔
تجارت	ہرگز نہ کرو نقصان اٹھاؤ گے۔



سوال	جواب
منسوب	پتھروں کی جگہ یا کنواں خشک یا بطخانہ یا خرگاہ سے نسبت ہے۔
ضمیر	برائے نکاح یا قد وہ غائب یا روزگار کے لیے۔
خبایا	حیوانی نجوف کم قیمت برنگ سرخ وسفید مائل سیاہی سوراخدار دیگرے پیدائش، زمین تیرہ رنگ۔
دفین	غرب اور شمال کی طرف گمان پڑتا ہے۔
نفس	حیران وسرگرداں اور بعض امورات تشویش وپریشانی۔
مال	بمشکل حصول ہو مگر مال حرام کا ہوگا پرہیز بہتر ہے۔
برادران	باعث نقصان مال متفکر وپریشان ہیں اور سائل سے نفاق رکھتے ہیں۔
نقل وحرکت	48روز تک صبر کرو بعدازاں اختیار ہے۔
باپ	طالع والد 28روز تک نحوست میں ہے۔
املاک	خراب ہوگا اکثر خیانت کا اندیشہ ہے۔
عمر	گمان ہے کہ تنگدستی سے گزارے 45سال میں خوف مرگ اگر اس سے زیادہ گزرے تو 66سال عمر ہوگی۔
فرزندان	موجود تو ہوں گے اور موجود نہیں تو بعد ایک سال کے فرزند ہوگا۔
معشوق	تم کو وہ عورت نہایت دوست خیال کرتی ہے بلند قد رنگ سرخ وسفید گریہ چشم اگر جلد مل گئی ورنہ توقف 45روز۔
خبر	کسی عزیز یا دیگر شخص کی خبر خوش ملے گی۔
بیمار	مریض فساد خون یا درد ریح میں مبتلا ہو روز شنبہ تک خوف ہے۔ بعدازاں صحت کی امید ہوگی۔
حاطہ	وضع حمل بآسانی اور فرزند پیدا ہوگا۔
غلام	بدفعل، معیوب، نقصان دیں گے۔ پرہیز کرنا ضروری ہے۔



سوال	جواب
گریختہ	بھاگا ہوا بفضل خدا جلد پکڑا جائے گا۔
نکاح	نہ کرنا اچھا ہے اگر ہوا تو اس عورت سے خصومت اور جھگڑا رہے گا۔ آخر تم بدگمان ہو جاؤ گے۔
شراکت	یہ دن ناقص ہیں۔ شراکت میں نقصان ہوگا۔
غائب	جائے مسکن پر ناخوش ہے۔ 48روز میں امید واپسی ہے اگر زائچہ میں شکل غلبہ کرے یا خانہ 2,8,6 ہیں تو غائب یا قید ہے۔
غالب ومغلوب	تم مغلوب ہو گے ہرگز مقابلہ نہ کرنا۔
وزد	مذکر گربہ چشم سرخ رنگ بلند قد جامل نشان یا زخم اس کے منہ پر ہے اگر 28روز میں ظاہر نہ ہو تو 45روز کے بعد خیال چھوڑ دینا۔
قرض	28روز تک نہ کسی کو دو اور نہ کسی سے مانگو۔
خواب	کسی آسمانی ہیئت کا نظارہ ہوا ہے تو کوئی مصیبت نازل ہونے کی دلیل ہے۔
سفر	نہ جانا اچھا ہے۔ اندیشہ ہے کہ چوروں سے نقصان پہنچے گا یا پاؤں میں کوئی ضرب لگے گی۔
روزگار	45 روز تک کوئی کام سرانجام متعلق روزگار نہیں ہوتا۔
مادر	طالع والدہ کا منحوس ہے اکثر بیماری میں مبتلا رہتی ہے۔
احوال سال	گرمی زیادہ بارش کم خونریزی بہت ہوگی۔ نرخ غلہ اوسط پر رہے گا۔ فعل بد کی کثرت ہوگی۔
دوست	دوستوں سے امید بعد 28روز کے بر آئے گی۔
دشمن	دشمن زبردست ہے تم کو ضرر پہنچائے گا۔ پرہیز کرو۔
محبوس	28روز اس پر زیادہ سخت
چہارپایہ	نقصان ہوگا۔ اگر گم ہو گئے ہیں تو 51روز کے بعد دستیاب ہوں گے۔
تجارت	سرخ رنگ کی جنس خرید و نفع ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	جائے آتشکدہ، تنور یا وہ جگہ جو جل کر راکھ ہو گئی ہو۔
ضمیر	برائے رنج وغم یا مال گم شدہ یا خواہش عورت ہو۔
خبایا	معدنی مجوف کم قیمت مگر دیگر جنس ہو تو از قسم خاک وراکھ وغیرہ ہو۔
دفین	گمان غالب ہے کہ مشرق یا شمال کی جہت میں ہوگا۔
نفس	برائے حصول مال یا عشق میں حیران وسرگردان ہے۔
مال	کسی قدر مال حرام ساتھ محنت ومشقت کے حاصل ہو۔
برادران	میں سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ جھوٹی امید کو ترک کرو۔
نقل وحرکت	کسی جگہ آنا جانا نہیں ہوگا۔ خیال خام ہے۔
باپ	والد سے زحمت پہنچے گی وہ خود متفکر رہتا ہے۔
املاک	بہت سا حصہ خراب وتباہ ہوگا۔ مقدر کا کھیل ہے۔
عمر	رنج زیادہ، خوف کم 40یا43سال میں خوف مرگ ورنہ 63سال کی عمر ہوگی۔
فرزندان	موجودہ ناقص وبدنام کنندہ آئندہ دختر ہوگی۔
معشوق	تمہاری طرف سے بدگمان ہے۔ 39روز کے بعد کدورت صاف ہوگی اور شاید تم کو ملے۔
خبر	پیغام رنج ومتفکر کے پہنچیں گے شائد بعد دروغ ہوں۔
بیمار	امراض خشکی وقبض شکم میں مبتلا روز شنبہ گراں بعدازاں صورت صحت ہوگی۔
حاملہ	وضع حمل میں تکلیف ہوگی اور لڑکی پیدا ہوگی۔
غلام	ملازموں پر بھروسہ نہ کرو کیونکہ وہ خیرخواہ نہیں ہیں۔



سوال	جواب
گریختہ	اگر جلد پکڑا گیا تو بہتر ورنہ 36 روز توقف۔
نکاح	نامبارک ہوگا۔ وہ عورت مکارہ ہوگی۔ آخرکار تمہاری جان کی دشمن ہو جائے گی۔
شراکت	ہرگز نہ کرو نقصان اٹھاؤ گے۔
غائب	جائے قیام پر متفکر ہے اگر جلد آ گیا تو بہتر ورنہ 36 روز کے بعد آئے گا۔
غالب ومغلوب	دشمنوں اور مخالفوں پر تم کامیاب ہو جاؤ گے۔
وزد	چور سیاہ چہرہ جس کے جسم میں کوئی عیب ہو اگر ایک ہفتہ کے اندر مل گیا تو بہتر ورنہ نہیں ملے گا۔
قرض	جو لے گا ہرگز نہ دے گا۔ اگر تم لو گے تو ادا نہ ہوگا۔ توقف کرو۔
خواب	خوفناک، حیرانی وپریشانی کا دیکھا ہو کچھ خیرات کرو تاکہ نحوست اس کی دفع ہو۔
سفر	اگر جاؤ گے واپس آؤ گے 36 روز تک صبر کرو۔
روزگار	اگر ہے تو خوف معزولی ہے اگر نہیں ہے تو 36 روز کے بعد صورت ہوگی۔
ماور	طالع والا نجس ہے کوئی امید اپنی بہتری کی نہ رکھو۔
احوال سال	نرخ ارزاں ہوگا۔ گرمی زیادہ، سردی کم مگر خشک ہوئی۔
دوست	دشمن ہو جائیں گے۔ کوئی امید 45 روز تک نہ رکھو۔
دشمن	سخت دشمنی کریں گے مگر آخرکار مغلوب ہوں گے۔
محبوس	بندی میں سخت تکلیف اٹھائے گا۔ خدا فضل کرے۔
چہارپایا	ضائع ہوں گے اگر چلا گیا ہے تو 45 روز کے بعد ملے گا۔
تجارت	ہرگز نہ کریں۔ بجائے منافع کے نقصان ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	بخانہ دلکشا اور جائے آب رواں وباغ ودرخت پرمیوہ وسبزہ زار کے۔
ضمیر	برائے سفر یا حصول زر یا وصل عورت کے لیے ہوگا۔
خبایا	دو چیز ہوں۔ حیوانی برنگ زردی ودیگر سفید جو کہ پانی کی پیدائش ہو۔
دفین	جانب جنوب یا بطرف مشرق دیکھو مل جائے گا۔
نفس	عیش وعشرت میں طبیعت کا میلان زیادہ ہوگا۔
مال	بروز جمعتہ تک آمدن مبارک۔ دور معاملہ نیک ہوگا۔
برادران	آخرکار برادران سے حصول مراد بخوشی ہوگی۔
نقل وحرکت	تم خود ارادہ ترک کر دو گے خواہ فائدہ ہی ہو۔
باپ	طالع والد سعادت میں ہے اور وہ ہر طرح سے خوشی ہے۔
املاک	ملک سے فائدہ ہوگا جبکہ اور بھی خریدو گے۔
عمر	مالی حالت عمدہ رہے گی۔ خوب ترقی کرو گے اگر 20 سال و48 سال میں موت سے بچ گئے تو 80 سال عمر ہوگی۔
فرزندان	بلند اقبال، دولتمند، صاحب مرتبہ ہوں گے۔
معشوق	تمہارے ملنے کو ازحد مشتاق ہے۔ جلد تم کو ملے گا، صبر کرو۔
خبر	ہر طرح سے خبریں خوش پہنچیں گی۔
بیمار	تپ درد سینہ میں مبتلا ہو، جمعہ تک تکلیف ہے بعد صورت شفا ہوگی۔
حاملہ	گو وضع حمل میں تکلیف ہو گی مگر لڑکا پیدا ہوگا۔
غلام	ملازم عیاش وعیش پسند ہوں گے۔ ان کی نگرانی ضروری ہے۔



سوال	جواب
گریختہ	بروز یکشنبہ کو پائے گا ورنہ توقف لازم ہے۔
نکاح	جلد ہو گا وہ عورت بلند گول چہرہ، خوش طبع، پیوستہ ابرو لطیف اندام ہر طرح سے مطیع و فرمانبردار رہے گی۔
شراکت	شراکت کرنے میں فائدہ ہو گا ضرور کر لو۔
غائب	اپنے جائے قیام پر خوش ہے چھ روز تک امید واپسی کی ہے ورنہ 45 روز تک آئے گا۔
غالب مغلوب	دشمن تمہارا غالب ہو گا، صلح کرنا واجب ہے۔
وزد	چور دراز قد گول چہرہ فراخ چشم اگر 6 روز تک مل گیا تو بہتر ورنہ 45 روز کے بعد پتہ ملے گا۔
قرض	دینا درست نہیں ہے اگر دو گے تو مشکل سے ملے گا۔
خواب	اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ یا تو تم سفر کرو گے یا تم کو کسی عزیز کی خاطر خوشی پہنچے گی۔
سفر	45 روز تک درست نہیں۔ اگر جاؤ گے تو فائدہ کم ہو گا۔
روزگار	موجودہ میں ترقی ہو گی۔ اگر طالب ہو تو جا روزگار تم کو ملے گا۔
مادر	ہر طرح سے خوش و خرم ہے کوئی فکر مت کرو۔
احوال سال	ہر طرح سے امن و امان رہے گا۔ غلہ بہت، باراں وقت پر ہو گی۔
دوست	ہر طرح سے مدد کریں گے۔ امید ان سے 45 روز کے بعد حاصل ہو گی۔
دشمن	زبردست ہے۔ اس سے ہر طرح پرہیز کرو۔
محبوس	بندی خانہ میں خوش ہے۔ 45 روز تک کوئی صورت رہائی نہ ہو گی۔
چہارپایہ	فربہ ہوں گے۔ فائدہ پہنچے گا اگر گم ہو گیا ہے تو جلد ملے گا۔
تجارت	سفید رنگ کی جنس خرید و منافع ہو گا۔



سوال	جواب
منسوب	ساتھ جائے عیش و عشرت زناں زہر جبین اور وہ جگہ جہاں رانگ رنگ ہوتا ہو۔
ضمیر	برائے وصل محبوب و توقع مال اور سفر وغیرہ
خبایا	وہ چیزیں یکے معدنی سفید مائل زردی دیگر نباتی سفید کم قیمت۔
دفین	امید ہے کہ جنوب یا مشرق کی طرف مدفونہ ہو۔
نفس	جوش دل اور عیش کی طرف زیادہ متوجہ ہو۔
مال	فائدہ بہت ہو گا مگر اس مال سے چنداں نفع نہیں۔ مال حرام ہو بجائے حرام رفت۔
برادران	بھائیوں سے فائدہ اور وہ ہر طرح سے خوش و خرم ہیں۔
نقل و حرکت	جانا نہیں ہو گا۔ اگر چلے گئے تو فائدہ اٹھاؤ گے۔
باپ	طالع والد سعادت میں ہے تم کو اس سے فائدہ پہنچے گا۔
املاک	ملک سے فائدہ ہو گا اور سرسبز رہے گا۔
عمر	عیش و عشرت سے گذرے گی مگر 10 سال اور 9 سال میں خوف مرگ اگر زندہ رہے تو 108 سال کی ہو گی۔
فرزندان	وہ موجودہ ہر طرح سے خوش و خرم رہے تم آرام پاؤ گے۔
معشوق	حسین بلند قد پیوستہ ابرو رنگ سفید کوش طبع تمہارے ملنے کو کوشش کرتا ہے 10 روز کے بعد ملاقات ہو گی۔
خبر	کسی عزیز دل ربا کا پیغام ملاقاتی پہنچے گا۔
بیمار	سردی و بلغم میں مبتلا ہو۔ روز دوشنبہ تک خوف مرگ ورنہ بعد ازاں آہستہ آہستہ صحت ہونی شروع ہو گی۔
حاملہ	حاملہ کے کچھ دنوں کے بعد لڑکی پیدا ہو گی۔
غلام	ملازموں زیردستوں سے نفع پہنچے گا مگر تم کنیزک پر مفتون رہو گے۔



سوال	جواب
گریختہ	اگر 10 روز میں مل گیا تو خیر ورنہ 45 روز توقف کرو۔
نکاح	جلد سرانجام ہوگا۔ وہ عورت خوش چلن، حسین تمہاری تابعداری میں صبح وشام رہے گی۔
شراکت	جس شخص سے شراکت کا کام کرو گے فائدہ پہنچے گا۔
غائب	جائے قیام پر خوش ہے۔ 10 روز میں آنے کا ارادہ کرے گا ورنہ 45 روز کے بعد آ جائے گا۔
غالب مغلوب	تم بے فکر رہو، نتیجہ میں تم کامیاب رہو گے۔
دزد	چور فربہ درمیانہ قد پیوستہ ابرو اور گردن پر اس کے نشان ہے شاید ہی ملے۔
قرض	45 روز تک نہ دو اور نہ لو۔ دیا ہوا طلب کرو۔
خواب	تمہاری دلی آرزو بحکم خدا جلد جلد پوری ہوگی۔ تشویش بے فائدہ ہے۔
سفر	ارادہ ترک کرو گے کیونکہ تم کو ایک سے ملنا ہے۔
روزگار	اگر نوکر ہو پائداری ہوگی اگر طالب ہو روزگار جلد ملے گا دوشنبہ کا دن تمہارے لیے مبارک ہے۔
مادر	طالع والدہ خوب ہے تم کیا اس سے فائدہ پہنچے گا۔
احوال سال	اول میں بارش کم آخر میں زیادہ میوہ بہت نرخ غلہ اکثر ارزانی پر رہے گا۔
دوست	تمہارے لیے ہمیشہ صورت نیکی کی پیدا کریں گے۔
دشمن	اگرچہ دشمن قوی ہے مگر تم اس پر غالب رہو گے۔
محبوس	حالت عمدہ ہے اور جلد کوشش سے رہائی کی صورت ہوگی۔
چہارپایہ	فربہ ہوں گے تم کو فائدہ ہوگا۔ اگر گم ہیں تو 45 روز میں ملیں گے۔
تجارت	چاولوں اور دیگر قسم کی تجارت سے فائدہ ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	ساتھ مکان مفرح اور باغ وشہر آباد وآب رواں کے ہے۔
ضمیر	واسطے روزگار یا معشوق برائے حصول زر کے ہوگا۔
خبایا	یکے حیوانی، برنگ سبز ومنقش، دیگر نباتی زرد رنگ ہو۔
دفین	شمال یا غرب کی طرف ظن غالب ہے۔
نفس	خوشی وخورمی میں ہے البتہ خیالات گوناگوں۔
مال	بعد 45 روز کے آمد زر اچھی ہوگی۔ خبردار ہو۔
برادران	خویش واقارب تمہارے فائدہ میں ہیں۔ گھبراؤ نہیں۔
نقل وحرکت	اگر تم نقل وحرکت کرو گے تو بھی راستہ سے واپس آؤ گے۔
باپ	طالع والسعادت میں ہے تم کو اس سے فائدہ پہنچے گا۔
املاک	عمدہ اور سرسبز بلکہ پیداوار سے منافع کافی ہوگا۔
عمر	خوشی سے گزرے گی۔ 28 سال و 45 سال میں خوف مرگ ہے اگر بچ گئے تو 108 سال کی عمر ہوگی ورنہ مرتبہ بلند ہوگا۔
فرزندان	تمہاری اول عشق بازی میں تباہ ہوگی تم کو فائدہ نہیں پہنچے گا۔ بعد مدت کے تمہارے گھر لڑکا پیدا ہوگا۔
معشوق	وہ عورت سبز رنگ خوش خلق ہے اور ہمیشہ تم کو دوست رکھے۔ 45 روز تک تمہیں اپنے وصل سے شاد بامراد کرے گی۔
خبر	دن میں کئی خبریں سننے کا اتفاق ہوگا۔
بیمار	قبض شکم اور قولنج میں مبتلا چہارشنبہ گراں ہے گزرنے پر جلد صحت ہوگی۔
حاملہ	بعد مدت بسیار کے حمل ٹھہرے گا اور لڑکا ہوگا۔
غلام	کسی کو نوکر رکھنا مفید اور فائدہ مند ہوگا اور کوئی کنیزک حسین ملے گی۔



سوال	جواب
گریختہ	اگر چہارشنبہ تک مل گیا تو بہتر ورنہ دو ماہ 6روز توقف ہوگا۔
نکاح	بڑی مشکل سے بخیر وخوبی سرانجام ہوگا۔ وہ عورت خوش طبع نیکوکار ہوگی۔
شراکت	طرف ثانی خیانت کرے گا۔
غائب	45 روز تک آ گیا تو بہتر ورنہ 4ماہ6روز کے بعد آئے گا۔
غالب مغلوب	تم غالب رہو گے۔ دشمن کے فریب سے بچنا۔
وزو	چور بلند قد سبز رنگ اس کے سینہ کے اوپر نشان یا ران پر خال ہے۔ 2ماہ6روز تک آئے گا ورنہ ناامیدی۔
قرض	سابقہ دیا ہوا دو ماہ 6روز کے بعد ملے گا۔
خواب	کسی بزرگ مرتبہ صاحب سے ملاقات ہوگی اور دل کی مراد پاؤ گے۔
سفر	ہرگز نہ جانا ہوگا۔ 2ماہ 6روز تک توقف شاید اس اثنا میں سفر درپیش آئے۔
روزگار	بڑی مشکل سے کام سرانجام ہوگا۔ روز یکشنبہ وچہار شنبہ تمہارے لیے ٹھیک ہے۔
مادر	بڑی کوشش سے تم کو فائدہ ہوگا۔
احوال سال	عمدہ بارش بسیار نرخ ارزاں میوہ زیادہ ہوگا۔ اہل قلم کی عزت بڑھے۔
دوست	تمہارے حق میں ہمیشہ دعائے خیر کرتے ہیں۔
دشمن	تمہارے ہمیشہ درپے آزار لگے رہتے ہیں۔ خبردار رہنا۔
محبوس	ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجا جائے گا۔ 4ماہ 6روز نحوست ہے۔
چہارپایہ	اگر گم گئے ہیں تو چار ماہ 6روز میں حاصل ہوں گے۔
تجارت	عطاری وحکمت پیشہ کے متعلق تجارت کرنے سے فائدہ ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	جائے منقش اور کشتی ومقام حکماء یا صیدگاہ مرغان سے۔
ضمیر	برائے حاکم یا حصول روزگار یا کارتجارت کے لیے ہوگا۔
خبایا	چیزے معدنی منقش دیگر نباتی برنگ زردی مائل ہو۔
دفین	اگر کچھ ہے تو وہ طرف غرب وشمال کے ہوگا۔ دیکھو تو سہی۔
نفس	قوی وسعادت میں ہے۔ حصول عزت ومرتبہ کی ہوس ہے۔
مال	روز پنجشنبہ تک کوئی چیز حاصل ہوگی۔
برادران	گو تمہارے خویش واقارب عمدہ حال میں ہیں مگر تم سے کم محبت کرتے ہیں۔
نقل وحرکت	توقف ہے اگر تم جاؤ گے تو فائدہ ہوگا۔
باپ	والد تمہارا اپنے حال میں خوش وخرم ہے۔
املاک	تمہارے ملک کو رخنہ انداز خراب کرنے کے خیال میں ہیں۔
عمر	دن دوگنی رات چوگنی ترقی ہوگی 14سال و45سال میں خوف مرگ ورنہ 95سال عمر ہوگی۔
فرزندان	خوش وخرم وصاحب طالع بلند مرتبہ ہوں گے اور ایک دختر تمہارے گھر ہوگی۔
معشوق	شعلہ چشم خوش گفتار پردہ نشین ہے تمہارے خیال میں ہمیشہ محو رہتی ہے تم کو جلد وصل ہوگا۔
خبر	پیغام نیک اور خوشی کے جلد ملیں گے۔
بیمار	مبتلا مرض سردی ہے اور پنجشنبہ گراں ہے بعد ازاں صحت ہوگی۔
حاملہ	اگر حمل نہیں ہے تو جلد ہوگا اور دختر صاحب حسن پیدا ہوگی۔
غلام	ملازم نیک ہیں اور فائدہ رساں ملیں گے۔



سوال	جواب
گریختہ	روز پنجشنبہ تک ملے گا ورنہ 78روز تک توقف۔
نکاح	جلد ہوگا اور وہ عورت بلند بالاکشیدہ رو پیوستہ ابرو ہمیشہ مطابعت میں رہے گی۔
شراکت	زر ومال کا فائدہ ہوگا۔
غائب	خوش وخرم ہے جلد آئے گا ورنہ 78روز کے بعد مراجعت کرے گا۔
غالب مغلوب	دونوں مساوی رہو گے اور صلح کرو گے۔
دزد	چور بلند قد گندم لوگ بر پہلو نشان یا خالی بزرگ نسب 78روز تک پتہ نہ ملے گا۔
قرض	2ماہ 8روز تک دینا لینا قرض کا بند رکھو۔
خواب	کسی کے خیال میں محو سرگردان ہو گے اور کوئی امر حصول مراد کے لیے کرو گے۔
سفر	بعد 78روز کے سفر مبارک ہوگا۔
روزگار	جلد حاصل ہوگا۔ اگر روزگار ہے تو ترقی منصب ہوگی۔
مادر	طالع والد وسعادت میں ہے تم کو فائدہ پہنچے گا۔
احوال سال	پر نعمت اور غلبہ بہت ہوگا۔ نرخ ارزاں رہے گا۔
دوست	خوش اور اپنی طرف سے تم سے سلوک کریں گے۔
دشمن	یہ شخص شاید ہے کہ سابق میں دوست ہو اور کسی کی ترغیب سے دشمن ہو گیا ہو۔
محبوس	اپنے احوال میں ناخوش ہے۔ رہائی میں توقف ہے۔
چہار پایہ	تم اور خریدو گے۔ فروخت سے فائدہ اٹھاؤ گے۔
تجارت	اشیاء تجارت میں نفع ہوگا مگر قلیل کیونکہ آفت اراضی سے نقصان بھی ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	وہ جگہ جہاں اصطبل خانہ ہے یا جائے ویران یا لوہارخانہ سے نسبت رکھتی ہیں۔
خبایا	حصول مال یا برائے عشق یا خوف از جانب حاکمان سے ہو۔
دفین	چیزے جنس سنگ یا آہن برنگ سیاہ یا زرد ودیگر کبود رنگ ومنقش ہوگی۔
نفس	موجود نہیں اگر تم کو شک ہے تو شمال یا مشرق کی طرف دیکھو۔
مال	بمشکل حاصل ہوگا اور جلدی خرچ ہو جائے گا۔
برادران	بھائیوں سے نفع کیا ہوگا۔ وہ بیچارے خود متفکر ہیں۔
نقل وحرکت	15روز ملک نقل وحرکت نہ کرو۔ نقصان اٹھاؤ گے۔
باپ	متفکر وپریشانی میں ہے تم کو گاہے نیک اور گاہے بدخیال کرتا ہے۔
املاک	فائدہ نہیں پہنچے گا بلکہ خوف آتش ہے۔ ملک خراب ہوگا۔
عمر	مال حرام کھانے میں خدا نے تم کو مرتبہ اعلےٰ بخشا ہے۔ مزے سے کھاؤ۔ 15یا45سال میں خوف مرگ ہوگا۔
فرزندان	بدفعل وعشق باز ہوں گے اور شہوت پرستی میں مشہور زمانہ ہوں گے۔
معشوق	تم خواہ مخواہ عشق جتلاتے ہو۔ اس خیال کو چھوڑ دو خطا کھاؤ گے۔
خبر	بادہوائی خبریں تم کو اکثر پہنچے گی۔
بیمار	تپ لرزہ وخون میں مبتلا ہوگا۔ سہ شنبہ دیک شنبہ تک تکلیف ہوگی۔
حاملہ	وضع حمل میں تکلیف ہوگی۔ آخر لڑکی پیدا ہوگی۔
غلام	بدفعل ہوں گے۔ ان کی معرفت کبھی کوئی کام نہ کرنا۔

سوال	جواب
گریختہ	روز یک شنبہ تک ملے گا ورنہ 45 روز تک توقف کرو۔
نکاح	دیر سے ہو گا اور وہ عورت درازقد برنگ سرخ وسفید گانے کی شائق نافرمانبردار رہے گی۔
شراکت	نقصان اٹھاؤ گے ہرگز نہ کرنا صبر کرو۔
غائب	آنے کے واسطے متردد ہے۔ روز یک شنبہ یا سہ شنبہ تک آئے گا ورنہ 45 روز تک توقف کرو۔
غالب مغلوب	تم مغلوب ہوجاؤ گے اس لیے کوشش صلح کی کرلو۔
دزد	چور میانہ قد سرخ وسفید رنگ اگر عورت ہو گی تو اس کے سر میں زخم ہو گا۔ 15 روز تک ملے گا ورنہ 45 روز کے بعد مایوسی۔
قرض	کسی کو مت دو اگر دو گے زحمت ورنج اٹھاؤ گے۔
خواب	تم کسی دوست کی بدولت نقصان اٹھاؤ گے اس خواب کی تعبیر بالکل خراب ہے۔
سفر	اگر تم آرام سے سفر کا ارادہ کرو تو بہتر ورنہ جلدی میں نقصان اٹھاؤ گے۔
روزگار	روزگار کے ملنے میں سخت تکلیف ہو گی۔ کوشش کرنا تمہارا فرض ہے۔
مادر	اکثر نفاق تم سے والدہ کا ہو گا مگر تم تابعداری کرو۔
احوال سال	بارش اگر کم ہو تو بے وقت میوہ آفت ناگہانی سے ضائع ہو گا۔ نرخ گراں رہے گا۔
دوست	تم سے نفاق کریں گے خواہ کتنا ہی ان سے سلوک کرو۔
دشمن	قوی اور زبردست ہیں۔ ان سے پرہیز کرو۔
محبوس	بعد کوشش بسیار کے صورت بہتر ہو گی۔
چہارپایہ	خریدنے سے نقصان ہو گا۔ گم شدہ 45 روز تک ملیں گے۔
تجارت	سرخ رنگ کی تجارت کی فروخت کرو۔ نفع ہو گا۔

سوال	جواب
منسوب	جائے آب رواں اور درخت سبزہ زار یا مکان جس میں سرخ پتھر لگا ہو۔
ضمیر	برائے گم شدہ یا اشیاء دُزد بُردہ یا عورت کے لیے ہو۔
خبایا	یکے معدنی کم قیمت دیگر حیوانی دیگرے نباتاتی ہو۔
دفین	امید تو نہیں اگر تم کو گمان ہے تو شمال اور مشرق کی طرف دیکھو۔
نفس	گمان پڑتا ہے کہ تمہارا دل کسی ماہ جبین کے لیے تڑپتا ہو گا۔
مال	چوری گیا ہوا مال بمشکل کچھ ملے 21 روز کے بعد بہتری ہو گی۔
برادران	تم کوئی امید خویش واقربا پر مت رکھو وہ تمہارے دشمن ہیں۔
نقل وحرکت	نقل وحرکت بھی تمہارے لیے مفید نہیں ہو گی۔
باپ	والد سے امید قطع کر دو۔ اس کا اپنا کیس تنگ ہے۔
املاک	برباد وتباہ کرنے کے واسطے کئی دشمن رجوع ہیں۔
عمر	گمان پڑتا ہے ساتھ رنج وتفکر کے گزرے گی۔ 21 و 43 سال میں خوف مرگ ورنہ 50 سال عمر ہو گی۔
فرزندان	نامراد وبدفعل تمہارے حق میں مفید نہ ہوں گے۔
معشوق	تمہارے خیال میں ضرور ہے مگر مواصلت وموافقت نہیں کرے گا۔
خبر	ہولناک وپریشانی کی خبریں پہنچے گی۔
بیمار	اسہال یا کسی ضرب سے زخمی ہو گا۔ شنبہ یا سہ شنبہ تک خوف ہے بعدازاں صحت ہو گی۔
حاملہ	وضع حمل میں سختی ہو گی۔ لڑکا ہو گا۔ 21 روز تک خوف ہے۔
غلام	ہرگز نہ رکھنا ورنہ نقصان اٹھاؤ گے۔



سوال	جواب
گریختہ	گمان ہے کہ 41روز میں ضرور پکڑا جائے گا۔
نکاح	سرانجام نہ ہوگا اگر ہوگیا تو ناسازگاری ہوگی وہ بدفعل اور نابکار عورت ہے۔
شراکت	اگر کرو گے تو آخرکار تم کو علیحدہ ہونا پڑے گا۔
غائب	تنگدستی کی حالت میں ہے کچھ دنوں میں واپس آئے گا۔
غالب مغلوب	دشمن سخت دشمنی کرے گا مگر آخر تم کو فتح ہوگی۔
دزد	چور باریک اندام آزرو چشم بدفعل دندان شکستہ برشکم خال یا نشان اگر 45روز میں ملا تو بہتر ورنہ ترک کردو۔
قرض	جو تم نے دیا ہے مشکل سے ملے گا اگر تم مانگو تو کوئی نہیں قرض دے گا۔
خواب	اس کا نتیجہ تمہارے لیے ٹھیک نہیں۔ آگ یا چور کا خوف ہوگا اور کچھ نقصان ہوگا۔
سفر	بے اختیار سفر پیش ہوگا مگر خوف واندیشہ از جانب منداں او رایک عرصہ تک واپسی نہیں ہوگی۔
روزگار	روزگار میں قلت ہوگی اگر غالب ہو دیری سے ملے گا۔
مادر	تندرست رہے گی لیکن طالع اس کا نحوست میں ہے۔
احوال سال	واردات ڈاکہ زنی وچوری وخونریزی کی بہت ہوں گی۔ بارش کم نرخ گراں رہے گا۔
دوست	جن پر بھروسہ کرتے ہو اُن سے تکلیف پہنچے گی اور دشمنی کریں گے۔
دشمن	تم کو خراب کریں گے مگر خود بھی حیرانی وپریشانی اٹھائیں گے۔
منسوب	زمین خشک وجائے تاریک ومسان یا جہاں مردے دفن کیے جاتے ہیں۔
ضمیر	واسطے نکاح یا آمد غائب یا مخالفان کے لیے ہو۔
خبایا	ازجنس سنگ یا آہن کم قیمت وزن ثقیل ہو۔
دفین	جانب مغرب یا شمال کے دیکھنا چاہیے کچھ ملے گا۔
نفس	پریشان وحیران 36روز تک یہی حال رہے۔
مال	36روز تک حصول مال سے محرومی۔ خرچ زیادہ۔
برادران	بباعث مخالفان پریشان ہوں بلکہ ان کے مخالف تم کو بھی نقصان پہنچا دیں۔
نقل وحرکت	ہرگز نہ کرو۔ سخت تکلیف اٹھاؤ گے۔
باپ	بباعث کسی مخالف کے تکلیف میں ہے اور متفکر رہتا ہے۔
املاک	نفع کم ہوگا بلکہ بعض مخالف املاک کو نقصان پہنچا دیں گے۔
عمر	تنگ دستی سے گزرے گی۔ کوئی نہ کوئی دشمن درپے آزار رہے گا۔ 26روز میں آرزو بر آئیں گی۔
فرزندان	عیش بازی میں روپیہ ضائع کریں گے تم پرہیز کرو۔
معشوق	تمہارے خیال میں محو ہے مگر وصل کے لیے کسی موقع کا منتظر ہے۔ 26 روز میں آرزو بر آئیں گی۔
خبر	کوئی منحوس خبر پہنچے گی۔ طبیعت منتشر رہے گی۔
بیمار	خرابی خون اور تپ ہے۔ دوشنبہ وچہارشنبہ گراں ہے بعدازاں صحت ہوگی۔
حاملہ	وضع حمل میں سختی ہوگی اور دختر معیوب پیدا ہو۔
غلام	اور کنیزک نامراد بدفعل ہوں گے۔ ان پر بھروسہ مت کرو۔



سوال	جواب
گریختہ	روز شنبہ تک امید ہے کہ پکڑا جائے گا مگر تم کو حیرانی زیادہ ہو گی۔
نکاح	ہو گا مگر تم پریشان ہو گے کیونکہ اس عورت سے سازگاری نہیں ہو گی۔
شراکت	جس شخص پر بھروسہ رکھتے ہو۔ آخر میں نقصان دے گا۔
غائب	جلد پہنچنے کی امید ہے۔ روز شنبہ ورنہ 36 روز کے بعد آئے گا۔
غالب مغلوب	بعد جھگڑا و فساد کے مخالف غالب آئے گا۔
دزد	شخص کوزہ پشت لنگڑا ہے ملنا محال ہے شاید 36 روز کے بعد پتہ لگے گا۔
قرض	چار ماہ تک خیر نہیں ہو گا بلکہ قرضخواہ تنگ کریں گے۔
خواب	ہولناک ہو گا۔ تعبیر اس کی بدی پر دلالت کرتی ہے۔
سفر	جاؤ گے تو راستہ میں سخت تکلیف اٹھاؤ گے۔ بہتر تو یہ ہے کہ 36 روز صبر کرو۔
روزگار	36 روز نحس ہیں بنا ہوا روزگار بگڑے گا۔
مادر	طالع منحوس اور ہر وقت فکر و تشویش میں رہتی ہے۔
احوال سال	نرخ گراں، بارش ندارد، باہم خلق اللہ میں رنج و زحمت کے آثار ہوں گے۔
دوست	پریشان ہیں تم سے عداوت کریں گے۔ امید دیر سے بر آئے گی۔
دشمن	سخت دشمنی کریں گے، آخرکار مغلوب رہو گے، سبب فساد کی بنیاد کوئی عورت ہو گی۔
محبوس	سخت تکلیف میں ہے 36 روز منحوس ہیں۔
چہارپایہ	ضائع ہوں گے بلکہ تم کو خرید سے نقصان ہو گا۔
تجارت	خرید و فروخت میں نقصان ہو گا۔ 36 روز کے بعد کوئی کام شروع کرنا۔



سوال	جواب
منسوب	موضع خوفناک و شہر ترکستان و لشکر و جائے خونریزی سے متعلق ہے۔
ضمیر	واسطے گمشدہ یا برادر یا کسی خوف و اندیشہ کا ہو۔
خبایا	اگر دو چیزیں ہوں تو کیے معدنی دیگر حیوانی ابریشم و پوست وغیرہ۔
دفین	جائے مشتبہ پر دیکھو اس کے جانب غرب یا جنوب سنگ سرخ نکلے گا۔
نفس	واسطے محبت کسی سنگ دل کے متحیر و متفکر ہے بعد 28 روز تشویش رفع ہو گی۔
مال	کوئی شخص دھوکا دے کر کچھ مال نقصان کرے گا۔
برادران	تم سے خوف کرتے ہیں اور اصل معاملہ میں تم سے پرہیز رکھتے ہیں۔
نقل و حرکت	اگر نقل و حرکت کرو گے امید سے مایوس ہو جاؤ گے۔
باپ	وہ شخص کسی کی بدولت نقصان اٹھا چکا ہے۔ اس لیے حیران ہے۔
املاک	دشمن آپ کے املاک کو غارت اور تباہ کرنے کے خیال میں ہیں۔
عمر	15 یا 35 سال میں خوف مرگ ورنہ 66 سال عمر ہو گی اور روز مرگ شنبہ ہو گا۔
فرزندان	جھگڑالو، فسادی، فتنہ انگیزی کرتے ہو، خدا رحم کرے۔
معشوق	جس طرح تم حیران ہو اس طرح وہ ہے دیر کے بعد امید وصل رکھو شاید 28 روز کے بعد ہو۔
خبر	فتنہ و فساد اور مرگ کی خبریں سننے میں آئیں گی۔
بیمار	کسی اندرونی غم میں بیمار ہے سہ شنبہ و چہارشنبہ گراں ہے بعد ازاں جلد صحت ہو گی۔
حاملہ	وضع حمل میں آسانی اور خدا لڑکا دے گا۔
غلام	اور کنیزک کا خریدنا اور فروخت کرنا نامبارک ہے۔



سوال	جواب
گریختہ	اس شخص کو کوئی مرد سپاہی پکڑ کر لائے گا۔
نکاح	اس کا معاوضہ دینا پڑے گا مگر یہ عورت نامبارک ہو گی کیونکہ سنگدل عشقباز اور زانی ہو گی۔
شراکت	طرفین میں خیانت ہو گی۔ اس لیے نقصان ہو گا نہ کرنی اچھی ہے۔
غائب	متحیر و متفکر اور بے اختیاری کی حالت میں ہے اگر رمل میں غلبہ کرے تو مردہ تصور کرو۔
غالب مغلوب	اول میں تم غالب اور آخر میں طرف ثانی غالب ہو گا۔
وزد	شخص گریہ چشم اور بدن پر کوئی نشان سوختگی آتش ہو مال ملنا محال ہے۔
قرض	اگر طلب کرو گے نہ ملے گا اور دیا ہوا بھی وصول نہ ہو گا۔ چند روز صبر کرو۔
خواب	اس خواب کی تعبیر یہ ہے کہ تم کو کسی دشمن سے مقابلہ کرنا ہو گا۔
سفر	راستہ میں خوف چوروں اور رہزنوں کا ہو گا۔ اس لیے پرہیز رکھو۔
روزگار	28 روز تک خاموش رہو۔ طالع منحوس ہے۔ بنا ہوا کام بگڑے گا۔
مادر	بیمار اور بعض حالات دنیاوی میں حیران ہے۔
احوال سال	واردات خون وقتل کی بہت ہوں گی۔ غلہ گراں مگر گوشت ارزاں رہے گا۔
دوست	تشویش و پریشانی میں ہے تم کو ان سے رنج پہنچے گا۔
دشمن	بباعث کسی عورت کے دشمنی ہو گی اور تم دونوں پریشان اور حیران ہوں گے۔
محبوس	کوئی امید بہتری کی نہیں۔ خدا فضل کرے تو دوسری بات ہے۔
چہارپایہ	نقصان اور ضائع ہوں گے شاید مر جائیں۔ 28 روز تک نہ خریدو۔
تجارت	28 روز تک خرید و فروخت میں نفع نہیں بلکہ نقصان ہو گا۔



سوال	جواب
منسوب	ابر و باراں و باغ و بوستان اور جائے بارونق اور جگہ سرسبز سے۔
ضمیر	واسطے سفر یا روزگار یا حصول مال کے لیے ہو۔
خبایا	اگر ہو تو وہ چیز جو پانی کی پیدائش ہوں، رنگ سفید۔
دفین	جائے مشتبہ کے جانب جنوب یا شمال دیکھو کوئی سفید جنس ملے گی۔
نفس	خوش و خورم مگر خیال واسطے سفر کے لگا رہے۔
مال	اس روز تک آمد خرچ مساوی بعد ازاں نیک۔
برادران	خوشحال اور مطیع و فرمانبردار رہیں گے، فائدہ ہو گا۔
نقل و حرکت	جہاں جاؤ گے مراد حسب منشاء حاصل ہو گی۔
باپ	تمہارے فائدہ کے لیے ہمیشہ تیار ہے مگر تم ناخوش ہو۔
املاک	سرسبز و شاداب رہے گا بلکہ کوئی کنواں لگاؤ گے۔
عمر	خوشی سے گزرے گی۔ 30 یا 40 سال میں خوف مرگ ورنہ عمر دراز ہو یوم مرگ دوشنبہ ہو گا۔
فرزندان	تم جو خیال دل میں رکھتے ہو۔ ان سے حاصل ہو گا عروج پائیں گے۔
معشوق	امید ہے کہ دوشنبہ کو وہ خود یا کوئی پیغام دے گا ورنہ بعد 10 یوم کے ملاقات ہو۔
خبر	خوشی اور فرحت کی خبر عنقریب پہنچے گی۔
بیمار	بلغم اور سردی روز چہارشنبہ و دوشنبہ گراں ہے بعد ازاں صحت ہو گی۔
حاملہ	ایک دختر صاحب جمال پیدا ہو گی۔ مبارک قدم والدہ کے لیے سعد ہے۔
غلام	اور کنیزک مطیع اور فرمانبردار رہیں گے اور تم کو خوش رکھیں گے۔



سوال	جواب
گریختہ	گمان پڑتا ہے کہ کچھ نقدی بھی لے گیا ہے۔ اس وقت آب رواں کی جگہ بیٹھا ہے 10 روز کے بعد ملے گا۔
نکاح	جلد ہو گا وہ عورت خوبصورت خوش مزاج تابعداری کرے گی اگر 15 روز تک نہ ہوا تو 4 ماہ توقف ہو گا۔
شراکت	اس شخص سے نہیں بلکہ کسی دوسرے شخص سے کرو فائدہ ہو گا۔
غائب	دس روز تک امید واپسی کی ہے۔ وہ جائے قیام پر خوش ہے۔
غالب مغلوب	تم غالب رہو گے مگر آخرکار صلح ہو جائے گی۔
وزد	شخص سفید رنگ ابرو پر نشان دس روز میں امید گرفتاری ورنہ 4 ماہ توقف ہو۔
قرض	جس شخص سے مانگو گے وہ ضامن یا کاغذ تمسک طلب کرے گا۔
خواب	کسی حسین یا دلربا کی ملاقات ہو گی مگر فائدہ نہیں ہو گا۔
سفر	یہ سفر تمہارے لیے مبارک اور ہر طرح سے مفید ہے۔
روزگار	اس روز میں فائدہ کثیر ہو گا اور پائیدار رہے گا۔
مادر	طالع اس کا ان دنوں سعادت میں ہے اور ہر طرح سے خوش ہے۔
احوال سال	بارش موقع پر ہو گی' غلہ کا نرخ ارزاں رہے گا' دریاؤں میں پانی بہت آئے گا۔
دوست	جو امید تم رکھتے ہو ان کی وساطت سے جلد پوری ہو گی۔
دشمن	یہ دشمن خدا کے فضل سے رفع ہو گا' کوئی فکر مت کرو۔
محبوس	10 روز تک امید رہائی ورنہ 4 ماہ توقف ہو گا۔
چہارپایہ	خرید و فروخت جانوروں میں معقول فائدہ ہو گا۔
تجارت	اجناس سفید رنگ خریدو' بڑا بھاری منافع ہو گا۔



سوال	جواب
منسوب	تخت و نشست گاہ و جائے بلند و لشکر بادشاہ دارالسلطنت سے متعلق ہے۔
ضمیر	برائے بادشاہ یا روزگار یا سفر کے لیے ہو گا۔
خبایا	چیزے معدنی عزیز و خوش رنگ ہو گی۔
دفین	اگر گمان ہے تو جائے مشتبہ کے مشرق کی طرف دیکھو۔
نفس	واسطے سفر اور بلندی مرتبہ کے متفکر ہو۔
مآل	خرچ زیادہ آمدن کم 4 ماہ 16 روز یہی حال رہے گا۔
برادر	بلند اقبال صاحب عزت ہوں گے تم کو فائدہ ہو گا۔
نقل و حرکت	جاؤ مبارک اور ہر طرح سے کامیابی کی دلیل ہے۔
باپ	ایک عمدہ عزت پبلک میں رکھتا ہے اور عقلمند اور بزرگ ہے تم کو فائدہ ہو گا۔
املاک	[illegible] بادر ہے گا۔ دن دوگنی اور رات چوگنی ترقی ہو گی۔
عمر	تندرستی اور خوشی سے گزرے گی یا 40 سال میں خوف مرگ ورنہ عمر دراز ہو گی یوم حالت یکشنبہ ہو گا۔
فرزندان	تم کو ان کی سعادت مندی سے راحت پہنچے گی۔
معشوق	سرکش رہے گا تم اس کے خیال کو ترک کر دو۔
خبر	کسی حاکم یا بزرگ کی خبر ملاقات کی پہنچے گی۔
بیمار	حرارت اور اسہال ہیں۔ یکشنبہ یا چہارشنبہ گراں ہے بعد صحت ہو گی۔
حاملہ	آسانی سے وضع حمل ہو گا۔
غلام	اور کنیزک آزادی پسند ہوں گے شاید خود بھاگ جائیں۔



سوال	جواب
گریختہ	اگر یکشنبہ یا چہارشنبہ تک ملا تو بہتر ورنہ اس جگہ سے چلا گیا اور 4ماہ 16یوم توقف ہو۔
نکاح	مبارک ہوگا اگر جلد ہوا تو بہتر ورنہ 4ماہ 16روز توقف سے کام ہو۔
شراکت	تم دونوں میں محبت رہے گی اور فائدہ اٹھاؤ گے۔
غائب	جائے قیام پر خوش ہے جلد آئے ورنہ 4ماہ 16روز دیری ہوگی۔
غالب مغلوب	تم غالب رہو گے لیکن دوسرے آدمی صلح کرا دیں گے۔
دزد	شخص میانہ قد بزرگ نسب گندم گوں اوپر سینہ کے نشان مال کا ملنا محال۔
قرض	جس شخص سے طلب کرو گے وہ فوراً دینے کا وعدہ کرے گا۔
خواب	کسی مرد بزرگ سے ملاقات ہوگی اور تم کافی فائدہ اٹھاؤ گے۔
سفر	بہتر اور مبارک ہے مگر تم جانے سے انکاری ہو گے۔
روزگار	جلد ملے گا اور حصول مراد ہوگی۔ عزت اور مرتبہ چند روز میں بڑھے گا۔
مادر	تندرست اور خوشحال ہے تم کو فائدہ ہوگا۔
احوال سال	حیوان آرام پائیں گے' غلہ ارزاں ہوگا مگر بزرگ لوگ راہی ملک عدم زیادہ ہوں گے۔
دوست	خوش مزاج ہیں' تم کو فائدہ پہنچا دیں گے۔
دشمن	گو زبردست ہے مگر تمہارے حال پر خدا کا فضل ہے۔
محبوس	طالع تو سعادت میں ہے شاید خدا رحم کرے۔
چہارپایہ	سے فائدہ ہوگا اگر دست رفتہ ہیں تو جلد ملیں گے۔
تجارت	خرید وفروخت میں فائدہ ضرور ہوگا کوئی کام شروع کرو۔



سوال	جواب
منسوب	درختاں میوہ دار اور شہر ہائے آباد وجائے سرسبز وغیرہ۔
ضمیر	برائے بادشاہ یا احوال دوست یا نکاح کے لیے ہو۔
خبایا	چیزے معیوب پیدائش آب رنگ زردی مائل ہو۔
دفین	معلوم ہوتا ہے کہ مکان مشتبہ میں کچھ مال مدفونہ ہوگا۔
نفس	طبیعت مستقل اور نئے کام کے شروع کرنے میں رجوع ہو گے منشاء پورا ہوگا۔
مال	عنقریب روزگار سے فائدہ ہوگا' کوئی معاونت کرے گا۔
برادران	تم سے محبت اور پیار کرتے ہیں' تمہارا کہنا مانتے ہیں۔
نقل وحرکت	مبارک ونیک ہوگی لیکن حصول مراد میں توقف ضرور ہے۔
باپ	طالع والد سعادت اور بزرگی میں ہے۔
املاک	معمور رہے گا۔ اس میں رہنے والے خوش رہیں گے اور ہمیشہ فرمانبردار رہیں گے۔
عمر	خوشی سے گزرے گی 38یا50سال میں خوف مرگ بعد گزرنے اس معیاد کے عمر 78سال ہوگی۔
فرزندان	سعادت مند تمہارے حسب منشاء کام کریں گے اور ہمیشہ فرمانبردار رہیں گے۔
معشوق	تم دونوں کو باہم وصل کا اشتیاق ضرور ہے یہ معشوق درحقیقت حسین دلربا ہے۔
خبر	کوئی پیغام کسی کی ملاقات کا آئے گا۔
بیمار	یکشنبہ وچہارشنبہ وچہارشنبہ تک بیماری بڑھے گی۔ اس کے بعد صورت شفا ہوگی۔
حاملہ	اگر حمل ہے تو لڑکی پیدا ہوگی۔ مبارک قدم ہوگی۔
غلام	اور کنیزک ہر طرح سے مشیع رہیں گے اور پیار کریں گے۔



سوال	جواب
گریختہ	ایک جگہ قیام نہیں رکھے گا البتہ 2 ماہ 28 روز کے بعد دستیاب ہوگا۔
نکاح	ایک خوش خلق اور حسین عورت سے تجویز نکاح ہوگی مگر کام سرانجام دیری سے ہوگا۔
شراکت	جس شخص سے تمہارا ارادہ ہے وہ ایماندار اور دیندار آدمی ہے۔
غائب	جلد آئے گا روز پنجشنبہ کو امید ہے ورنہ 2 ماہ 18 روز توقف ہوگا۔
غالب مغلوب	تم مغلوب ہوگے کیونکہ وہ قوی ہے مقابلہ مت کرو۔
وزد	امید جلد گرفتاری ہے گمان پڑتا ہے کہ کوئی عورت اڑا کر لے گیا ہے۔ 28 روز کے اندر اندر پتہ ملے گا۔
قرض	معاملہ داد وستد میں شامل ہوگا۔
خواب	کسی جگہ سے فائدہ اٹھاؤ گے یا کوئی بزرگ صاحب عمل سے ملاقات ہوگی۔
سفر	اگر جاؤ گے فائدہ اٹھاؤ گے مگر گمان پڑتا ہے کہ تم اپنا ارادہ ملتوی کر دو گے۔
روزگار	ترقی ہوگی۔ عنقریب حصول مراد بوساطت کسی مرد بزرگ صاحب عمل سے ملاقات ہوگی۔
مادر	تندرست ونیک حال ہے مگر مقصود حاصل نہ ہوگا۔
احوال سال	نرخ ارزاں بارش عمدہ میوہ بہت پیدا ہوگا۔ خلق اللہ میں خوشی ہوگی۔
دوست	نیک ہیں تمہارا مقصود ان سے جلد حاصل ہوگا۔
دشمن	قوی وزبردست ہے اس کے معاون بہت ہیں تم کو زیر بار کر دے گا اس کے دفعیہ کے لیے خدا سے دعا مانگو۔
محبوس	2 ماہ 10 یوم تک اس کا طالع نحوست میں ہے۔
چہارپایہ	خرید وفروخت نیک ہے اگر گمشدہ ہیں تو جلد ہاتھ آئیں گے۔
تجارت	کاروبار تجارت میں فائدہ ہونے کی دلیل ہے۔



سوال	جواب
منسوب	زمین سنگستان ودرخت افتادہ وجائے ویران۔
ضمیر	گمشدہ یا غائب یا کسی دوست کے پہنچنے کے لیے ہو۔
خبایا	چیزے معدنی قیمتی از قسم آہن رنگ سرخ منقش ہوگی۔
دفین	کوئی چیز موجود نہیں۔ گمان غلط ہے اگر تم کو شبہ ہے تو شمال وجنوب کی طرف دیکھو۔
نفس	اور غم پریشان وحیران بعد 20 روز حال نیک ہوگا۔
مال	تنگدستی بلکہ خوف ضائع ہونے کا ہے۔ 41 روز اس طرح گزریں گے اس کے بعد بہتری ہوگی۔
برادران	کوئی دشمن ان کے درپے ہے جو ان کو ہر وقت تکلیف دیتا ہے۔
نقل وحرکت	نامرادی اور زحمت کی دلیل ہے۔ توقف کرو۔
باپ	بدحال بلکہ تمہارا دشمن ہے پرہیز کرو۔
املاک	خراب وتباہ ہوگا۔ گمان ہے کہ تمہارے قبضہ سے بھی کچھ حصہ نکل جائے گا۔
عمر	تکلیف اٹھاؤ گے زخم آتش یا آہن کا لگے گا اور 30 سال میں خوف مرگ ورنہ عمر 57 سال ہوگی۔
فرزندان	معیوب اور ہمیشہ تمہارے زر ومال کو نقصان پہنچائیں گے۔
معشوق	تمہارے ملنے کے لیے حیلے کرتا ہے مگر حیران ہے اگر شب چہار شنبہ تک ملا تو خیر ورنہ 2 ماہ تک توقف ہو۔
خبر	منحوس اور ہولناک خبریں سننے میں آئیں گی۔
بیمار	آزار شکم یا تپ ہے شب شنبہ یا چہار شنبہ گراں ہے بعد ازاں صورت صحت ہو۔
حاملہ	گمان پڑتا ہے کہ یہ حمل گر جائے گا اور سخت تکلیف ہوگی۔
غلام	اور کنیز یک فرار ہوں گے اور نقصان پہنچائیں گے۔



سوال	جواب
گریختہ	مدت دراز میں گرفتار ہو گا کیونکہ ایک جگہ قیام نہیں کرتا آج یہاں اور کل وہاں۔
نکاح	دشمن بنے ہوئے کام کو بگاڑیں گے مگر خیال رہے کہ یہ نکاح تم کو مفید نہیں ہو گا۔ خیال چھوڑ دو۔
شرائت	ہرگز مت کرو نقصان زر و مال ہو گا۔
غائب	اگر شب شنبہ تک آ گیا تو بہتر ورنہ 4 ماہ تک امید نہ رکھو سفر دیگر کرے گا۔
غالب مغلوب	تم مغلوب ہو گے لیکن نقصان جان بہت ہو گا۔
وزد	شخص دنداں شکستہ دراز قد پیوستہ اور بڑا چالاک حرامزادہ ہے ملنا محال ہے۔
قرض	مشکل سے معاملہ دادوستد ہو گا۔ صبر کرنا بہتر ہے۔
خواب	اس کا نتیجہ پریشانی اور حیرانی ہے' خدا رحم کرے۔
سفر	منحوس اور تکلیف ہو گی' بہتر تو یہی ہے کہ ارادہ ترک کر دو۔
روزگار	موجودہ روزگار میں بھی خلل ہونے کا اندیشہ ہے 21 روز تک خاموش رہو۔
مادر	رنج و زحمت بہت اٹھا چکی ہے اس وقت بھی متفکر ہے۔
احوال سال	ظالم اور جابر حاکم رعایا کو تنگ کریں گے۔ چہار پایہ بہت مریں گے شریفوں کو ذلت کا منہ دیکھنا پڑے گا۔
دوست	کوئی امید ان پر نہ رکھو اگر رکھو گے نقصان اٹھاؤ گے۔
دشمن	نہایت تکلیف دیں گے' ناحق نقصان مال کریں گے' پرہیز کرو۔
محبوس	طالع اس کا منحوس ہے کسی کی مدد کارگر نہ ہو گی۔
چہار پایہ	شاید کہ چوری چلا جائے یا مر جائے بہر حال نقصان ہو گا۔
تجارت	کوئی کام شروع مت کرو' نقصان مال ہو گا۔



سوال	جواب
منسوب	گنبد و مینار دو آب رواں و جائے لشکریاں و مقام ترکاں۔
ضمیر	واسطے پیار یا حصول مال یا کسی دلربا کی خواہش ہو۔
خبایا	چیزے کم قیمت برنگ کبود دیگرے نباتی ہو۔
دفین	کوئی سرخ رنگ کی چیز مدفونہ ہے جانب شمال و جنوب دیکھو۔
نفس	کسی شخص کی یاد میں حیرانی ہے 15 روز کے بعد حالت بدل جائے گی۔
مال	بسیار کوشش اور محنت سے کسی قدر مفاد پہنچے گا۔
برادران	باہم خصومت اور جھگڑا کریں گے اور اپنے اپنے کیے پر پشیمان ہوں گے۔
نقل و حرکت	نہایت منحوس ہے' صبر بہتر ہے۔
باپ	حالت درست نہیں کسی جسمی بیماری میں مبتلا ہو گا۔
املاک	بباعث آتشزدگی کسی قدر ملک تباہ ہو جائے گا۔
عمر	وجہ معاش بدفعلی سے ہو گی اور تم خیالات بیہودہ میں رہو گے باعث موت زخم یا غرق دریا ہو گا۔
فرزندان	فتنہ و فساد میں مشغول رہیں گے تم کو فائدہ نہیں ہو گا۔
معشوق	گول چہرہ رنگ سرخ و سفید خوش طبع ہے تم دونوں وصل کے خواہشمند ہو۔
خبر	کسی ماہ جبین کی خبر واسطے وصل کے پہنچے گی۔
بیمار	تکلیف ضرور ہے مگر جلد شفا کی صورت ہو گی۔
حاملہ	بدشواری دختر پیدا ہو گی۔
غلام	دکیمزک و بدفعل و معیوب ہیں' خرید و فروخت سے نقصان ہو گا۔



سوال	جواب
گریختہ	اگر 15روز تک گرفتار نہ ہوا تو 4ماہ توقف ہوگا۔
نکاح	مشکل سے ہو مگر وہ عورت ظریف ہے خیانت بھی کرے گی بہتر ہے کہ اس سے پرہیز کرو۔
شراکت	درست نہیں کیونکہ نقصان زر و مال ہوگا۔
غائب	اگر 15روز تک نہ آیا تو 4ماہ توقف ہوگا۔
غالب مغلوب	تم مغلوب ہو گے مگر آخرکار صلح ہو جائے گی۔
دزد	جو کچھ ان کے ہاتھ لگا۔ اس نے شراب نوشی اور عیاشی میں تباہ کر دیا۔ اب تلاش فضول ہے۔
قرض	جو تم نے دینا ہے وہ 4ماہ کے بعد ادا ہوگا اور قرضہ نہیں ملے گا۔
خواب	آشفتہ و پریشاں دیکھا ہو تو تعبیر ناقص پڑے گی اگر مے نوشی کی ہے تو فائدہ ہوگا۔
سفر	اتفاق جلد ہوگا مگر راستہ میں خوف دزواں ہونے کا گمان پڑتا ہے۔
روزگار	بہت مشکل سے کامیابی ہوگی۔ 15روز نحس ہیں۔
مادر	حالات درست نہیں' فکر اور رنج میں مبتلا رہتی ہے۔
احوال سال	چوری بلکہ سینہ زوری کی وارداتیں بہت ہوں گی' میوہ وغلہ گراں رہیں گے۔
دوست	دوستوں سے مفاد نہیں بلکہ نقصان پہنچے گا۔
دشمن	کوئی حریص تم کو نقصان پہنچاتا ہے اور تم اس پر اعتبار کرتے ہو۔
محبوس	پندرہ روز منحوس ہیں مگر 4ماہ کے بعد طالع سعادت میں ہوگا۔
چہارپایہ	خرید و فروخت میں نقصان بلکہ اندیشہ ہے کہ مر جائیں۔
تجارت	کسی بخیل آدمی کی بدولت خرید و فروخت میں نقصان ضرور ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	شہر یائے معظمہ و درختاں بلند و آب دان و جائے راگ و رنگ ہے۔
ضمیر	واسطے حصول ملک یا کسی شخص سے حصول مراد کے لیے یا وصل محبوب کا ہو۔
خبایا	چیزے حیوانی برنگ سفید زردی مائل دیگرے معدنی ہو۔
دفین	امید ہے کہ جانب جنوب یا شمال جائے مشتبہ سے ہوگا۔
نفس	مشغول راگ و رنگ یا کسی دلربا کی یاد میں محو ہے۔
مال	جلد حاصل ہوگا۔ امید ہے کہ 6روز میں کوئی چیز ملے گی۔
برادران	خوش و خرم ہیں بلکہ تم کو کافی فائدہ پہنچا دیں گے۔
نقل و حرکت	ساتھ کامیابی و حصول مراد کے ہوگی۔
باپ	عاقبت میں تم کو کافی ورثہ ملے گا' تابعداری کرو۔
املاک	آباد ہوگا بلکہ کوئی ملک بزرگوں کی عنایت سے ملے گا۔
عمر	خوشی سے گزرے گی۔ 30و40سال میں خوف مرگ ہے اگر گزر گئی تو عمر 70سال ہوگی۔
فرزندان	صاحب ہمت اور بلند مرتبہ ہوں گے۔ تمہارا نام ہوگا۔
معشوق	ملنے کا خواہشمند ہے وہ عورت دراز قد گداز فراخ چشم پیوستہ ابرو گندم گوں ہو گی۔
خبر	کوئی خوشخبری آنے والی ہے جس سے فرحت حاصل ہوگی۔
بیمار	روز جمعہ تک خوف ضرور ہے صدقہ دو' خدا فضل کرے گا۔
حاملہ	دیر سے بارآور ہوگی اور دختر پیدا ہوگی۔
غلام	اور کنیزک سے خوشی حاصل ہوگی' تمہارے لیے مبارک ہیں۔



سوال	جواب
گریختہ	بہت جلد ملنے کی امید ہے ورنہ 6ماہ توقف ہوگا۔
نکاح	جلد ہوگا وہ عورت صاحب برکت مبارک قدم اور نیک طالع ہے۔
شراکت	جس شخص سے ارادہ ہے وہ ایمانداری سے برتاؤ کرے گا۔
غائب	ایک معزز شخص اس کے ہمراہ ہے 6روز تک امید ہے کہ آئے گا ورنہ 4ماہ کے بعد آئے۔
غالب مغلوب	تم مغلوب ہوکر آخرکار صلح کرو گے۔
وزد	شخص بلند قد اوپر گردن کے زخم اور منہ پر مسہ 7یوم تک امید بعدازاں مایوسی ہوگی۔
قرض	دیا ہوا نہ ملے گا بلکہ اور طلب کریں گے اگر مقروض ہوتو 6ماہ کے بعد ادا ہوگا۔
خواب	کسی حاکم یا مرد بزرگ سے عزت بڑھنے کی دلیل ہے۔
سفر	اس سفر سے بجائے فائدہ کے زحمت ضرور پہنچے گی۔
روزگار	جلد حاصل ہوگا۔ موجود ہوتو عزت اور مرتبہ بڑھے اور سروپا ملے۔
مادر	خوش اور مرفع الحال ہے۔ سائل کو فائدہ پہنچے۔
احوال سال	بارش باموقع' میوہ بہت' نرخ غلہ ارزاں لوگوں میں عیش وعشرت کے سامان نظر آئیں۔
دوست	طالع ان کا سعادت میں ہے' تم کو خوشی ہوگی۔
دشمن	زبردست اور صاحب حوصلہ ہے تم کو تکلیف پہنچے گی' موافقت نہ کرو۔
محبوس	جلد بہتری ہوگی ورنہ 4ماہ توقف معلوم ہوتا ہے کہ محبوس کوئی عورت۔
چہارپایہ	اگر گمشدہ ہیں تو جلد بن جائیں گے' گھبراؤ نہیں' صبر کرو۔
تجارت	کار تجارت خرید وفروخت میں حسب منشاء فائدہ ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	جائے مکتب مدرسہ صدوق الماری یا جائے منقش سے متعلق ہے۔
ضمیر	واسطے حصول عزت ومرتبہ یا پہنچے کسی عورت کے ہو۔
خبایا	چیزے حیوانی برنگ زرد معیوب جس پر نقش کیے گئے ہوں۔
دفین	مکان کی دیوار جو شمال یا جنوب کی جانب سے اس کو دیکھو کوئی ڈبیہ مدفونہ ہو۔
نفس	سلامت اور آسودہ حال ہے مگر دوستوں اور عزیزوں کی طرف سے اندیشہ ہو۔
مال	توقف سے ملے گا' زیادہ سے زیادہ 2ماہ 6روز ہیں بعدازاں فائدہ ہوگا۔
برادران	نیکوحال خوش قسمت ہیں جو کام کریں گے فائدہ اٹھائیں گے۔
نقل وحرکت	بیشک وشبہ مبارک ہوگی' توقف نہ کرو۔
باپ	نیک بخت' صاحب قسمت تم کو پیار کرے گا مگر بھائی تمہارے ناراض رہیں گے۔
املاک	آبادی زیادہ ہوگی اور معقول فائدہ ہوگا۔
عمر	خوشی وخوری سے گزرے گی' بیماری اور ناگہانی حادثہ کئی دفعہ ہوں گے مگر عمر 80سال ہوگی۔
فرزندان	صاحب قسمت تو ضرور ہیں مگر تم کو کوئی فائدہ نہیں پہنچائیں گے۔
معشوق	خود بخود تم کو ملے گا' کوشش چھوڑ دو' 2ماہ 6روز کے بعد اتفاق ہوگا۔
خبر	ایک خبر پہنچے گی جس سے دل کو ازحد خوشی ہوگی۔
بیمار	روز چہارشنبہ گراں ہے' دعا کرو' بعدازاں صحت ضرور ہوگی۔
حاملہ	سخت تکلیف کے بعد ایک دختر ہوگی۔
غلام	اور کنیزک سے تم محبت کرو گے مگر فائدہ کچھ نہیں ہوگا۔



سوال	جواب
گریختہ	پندرہ روز کے اندر ملنے کی امید ہے اگر نہ ملا تو 6ماہ 6روز کے بعد امید رکھو۔
نکاح	یہ عورت بلند قد سفید رنگ دستکار' عاقل' ہمیشہ تابعداری کرے گی مگر کام دیری سے ہوگا۔
شراکت	جس شخص سے ارادہ کرتے ہو نہ فائدہ نہ نقصان مساوی ہے۔
غائب	کسی بندرگاہ پر مقیم ہے چہارشنبہ تک پہنچے گا ورنہ 2ماہ 6روز توقف ہوگا۔
غالب مغلوب	تم دشمن پر فتح پاؤ گے مگر وہ صلح کرے گا۔
وزد	شخص رنگ گندم اوپر منہ کے نشان یا سینہ پر خال چہارشنبہ تک ملے ورنہ 2ماہ 6روز تک۔
قرض	4ماہ تک کوئی معاملہ دادوستد کا راست نہیں ہوگا۔
خواب	کسی اہل علم کی بدولت فائدہ ہوگا' کام راست ہوں گے۔
سفر	تری کے سفر سے فائدہ تو ہوگا مگر گمان پڑتا ہے کہ تمہارا ارادہ فتح ہو جائے گا۔
روزگار	دیری سے ملے گا مگر پائیدار ہوگا 2ماہ 6روز تک طالع تو سعادت میں ہے۔
مادر	تندرست ہے مگر تم کو چنداں فائدہ نہیں ہوگا۔
احوال سال	نرخ اوسط پر رہے۔ گرمی وسردی مساوی اہل علم وہنر کی قدردانی ہو۔
دوست	تمہارے لیے نیک ہیں مگر زبانی جمع خرچ کرنے والے ہیں۔
دشمن	بزرگ نسب شاید کہ اہل قلم ہو' تم کو مقابلہ نہ کرنا چاہیے۔
محبوس	طالع منحوس ہے شاید کسی دوسری جگہ جائے خداحافظ۔
چہارپایہ	فربہ ہوں گے' خرید وفروخت میں توقف ہوگا۔
تجارت	توکل بخدا کام شروع کرو' فائدہ ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	چورستہ وعام گذرگاہ ونہر ودریائے اور جائے سفید رنگ۔
ضمیر	برائے غیب یا سفر یا واسطے شادی کے ہوگا۔
خبایا	دو چیزیں یکے معدنی دیگرے نباتی وزن ثقیل۔
دفین	منقلب شکلیں ہیں۔ اس لیے امید نہیں' اگر ہوگا تو نکل گیا ہوگا۔
نفس	متردد واندیشہ مند اور بطرف رجوع ہو۔
مال	کیسہ خالی' آمدن کم' خرچ زیادہ 3ماہ تک اس طرح کرے گا۔
برادران	دوخہران خوشحال مگر تم بے التفات رہو گے۔
نقل وحرکت	ایک جگہ طبیعت نہیں لگے گی' متردد رہو گے۔
باپ	حالات متوسط ہیں باہم یک دیگر فائدہ کم ہو۔
املاک	جس حالت میں ہے اسی طرح رہے گا نہ خراب نہ عمدہ۔
عمر	بلغمی امراض سے اکثر تکلیف ہوگی 20اور39 سال میں خوف مرگ ورنہ عمر دراز ہو۔
فرزندان	تم سے کوسوں بھاگیں گے' کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔
معشوق	اس کے قول وفعل کا اعتبار نہیں ہوگا دوست ہے دشمن ہوگا۔ 3ماہ کو ایک روز کے بعد وصل ہوگا۔
خبر	کوئی منقلب خبر جس پر اعتبار نہ کرنا چاہیے' سننے میں آئے گی۔
بیمار	عجب حالت ہے کبھی زیادہ کبھی کم کچھ آسیب معلوم ہوتا ہے دوشنبہ کے بعد صورت شفا ہوگی۔
حاملہ	تم کو خوشخبری سنا دی جاتی ہے کہ لڑکا پیدا ہوگا۔
غلام	اور کنیزک کے خرید وفروخت میں فائدہ پہنچے گا۔



سوال	جواب
گریختہ	اگر دوشنبہ تک آ گیا تو بہتر ورنہ 3ماہ ایک روز کے بعد امید رکھو۔
نکاح	امید نہیں اس خیال کو ترک کر دو کیونکہ وہ عورت مکار ودروغگو ہے طلاق دینا پڑے گا۔
شراکت	انتظار نہیں ہوگا باہم شرائطوں میں نامنظوری ہوگی۔
غائب	کسی جنگل یا دریا کی سیر کر رہا ہے اگر دوشنبہ تک نہ آیا تو 3ماہ کے بعد آئے گا۔
غالب مغلوب	سخت عداوت ہوگی' عاقبت میں تم غالب رہو گے۔
وزد	شخص بلند قد سبز رنگ داڑھی تھوڑی اوپر پہلو کے نشان اگر دوشنبہ تک نہ ملا تو خیال چھوڑ دینا۔
قرض	معاملہ دادوستد میں تم کو حیرانی و پریشانی ہوگی۔
خواب	کوئی شخص تم کو بلا کر سفر پر مستعد کرے گا۔ نتیجہ مبارک نہ ہوگا۔
سفر	تم کو یہ سفر مبارک ہوگا اور ہر طرح سے خوش رہیں گے۔
روزگار	3ماہ کے بعد حصول مدعا ہوگا' ترقی ہوگی' دل خوش ہوگا۔
مادر	سلامت نیکوحال مگر تم کو چنداں فائدہ نہ ہوگا۔
احوال سال	نرخ غلہ کے کئی رنگ بدلیں گے کبھی گراں کبھی ارزاں بادل خوب آئیں گے مگر بارش کم ہوگی۔
دوست	نفع ہوگا بلکہ تم سے کشیدہ روئی اختیار کریں گے۔
دشمن	خود بخود خوار ہوں گے تمہارا صبر ان کو زیر کر دے گا۔
محبوس	جلد رہائی پائے گا' امداد کرنا تمہارا فرض ہے۔
چہارپایہ	احوال میانہ ہوگا' گم شدہ مل جائیں گے' خرید وفروخت نحس ہے۔
تجارت	خرید وفروخیت سے چنداں نفع نہیں۔ 3ماہ کے بعد کوئی کام شروع کرنا بہتر ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	جائے خشک وکوہستان اور جہاں خشت پختہ ہوں۔
ضمیر	واسطے نکاح یا روزگار یا بیمار کے لیے ہوگا۔
خبایا	چیزے معدنی سفید زردی مائل اگر دو چیزیں ہوں تو دیگرے پیدائش زمین تیرہ لنگ۔
دفین	جائے مشتبہ کے جانب غرب یا شمال کے دیکھنا چاہیے۔
نفس	ترقی مرتبہ اور بزرگی کے لیے کوشش کرنے کا خیال کرتے ہو۔
مال	خرچ زیادہ آمدن کم اور مشکل سے کوئی فائدہ کی صورت نمودار ہوگی۔
برادران	خویش واقارب میں باہم بباعث زناں رنجش رہے۔
نقل وحرکت	کچھ دن توقف کرو' طالع درست نہیں' امید سے مایوس ہو جاؤ گے۔
باپ	بباعث دشمنان متفکر ہے' مقروض ہو' قرض خواہ تنگ کریں۔
املاک	چند روز کے بعد ملک خریدو گے اس سے فائدہ اٹھاؤ گے۔
عمر	ابتدائے عمر میں آرام آخر میں تکلیف ہوگی۔ 30یا 57سال میں خوف مرگ بعدازاں عمر دراز ہوگی۔
فرزندان	نافرمانبردار خودسر مگر متفکر کرو پریشان رہیں گے۔
معشوق	بیقرار ہو مگر وصل میں توقف بسیار شاید 36روز کے بعد ملاقی ہو۔
خبر	بادہوائی خبریں اکثر سنو گے مگر بعض جھوٹی ہوگی۔
بیمار	قبض اور تپ صفراوی ہو روز سہ شنبہ تک خوف ہے بعدازاں صورت شفا ہے۔
حاملہ	دیر سے بارآور ہوگی اور مشکل سے ایک دختر پیدا ہوگی۔
غلام	اور کنیزک بدفعل ہوں گے بہ نسبت خرید کے فروخت بہتر ہے۔



سوال	جواب
گریختہ	روز شنبہ کو امید گرفتاری ہے ورنہ 36 روز توقف کرنا پڑے گا۔
نکاح	بڑی مشکل سے سرانجام ہوگا آخر میں اس عورت سے دل خوش نہ رہے گا۔
شراکت	فائدہ اور منفعت ہوگی کر لینا اچھا ہے۔
غائب	جلد آئے گا اس کا دل وطن کو بہت چاہتا ہے۔
غالب مغلوب	تم کامیاب ہو گے' کوئی اندیشہ نہیں۔
وزد	شخص معیوب بدفعل بداصل اوپر پاؤں کے نشان 36 روز تک کوئی امید ملنے کی نہیں۔
قرض	معاملہ دادوستد میں تم حیرانی و پریشانی اٹھاؤ گے۔
خواب	خدا کے فضل سے اس خواب کا نتیجہ تمہارے حق میں مفید ہوگا۔
سفر	توقف کرو۔ ان دنوں طالع منحوس ہے تکلیف ہوگی۔
روزگار	36 روز تک کوئی کام راست نہیں ہے بلکہ خوف واندیشہ ہر حال میں ہوگا۔
مادر	کوئی فائدہ نہیں ہوگا وہ خود متفکر ہے۔
احوال سال	نرخ گراں ہوگا' میوہ آفت اور بلائے ناگہانی سے تباہ ہوگا' موت کی واردتیں بہت ہوں گی۔
دوست	تم کبھی اعتبار نہ کرو بلکہ سخت دشمنی کریں گے۔
دشمن	قوی زبردست ہے مگر تم ہر طرح سے کامیاب رہو گے۔
محبوس	طالع منحوس ہے 36 روز کے بعد کوئی تجویز کارگر ہوگی۔
چہارپایہ	تلف ہوں گے خرید وفروخت میں نقصان خاموشی بہتر ہے۔
تجارت	36 روز تک خرید وفروخت کرنا چاہیے کیونکہ نقصان کا اندیشہ ہے۔



سوال	جواب
منسوب	کنواں خشک اور جائے ویران اور وہ جگہ جہاں پتھر بہت ہوں جنگل بیابان وغیرہ ہے۔
ضمیر	برائے بیمار یا روزگار یا واسطے نکاح کے ہوگا۔
خبایا	جو چیز زمین سے پیدا ہو دیگر حیوانی جو آگ کھائے ہوئے ہو۔
دفین	جائے مشتبہ کے جانب مغرب یا جنوب کے ظن پڑتا ہے۔
نفس	بعض امورات دنیاوی میں حیرانی وپشیمانی میں پیش آئے۔
مال	خرچ زیادہ آمدن کم ہو چند روز اس طرح گزریں گے۔
برادران	اگرچہ وہ تمہاری مرضی کے خلاف ہیں مگر اپنے حال میں خوش رہیں گے۔
نقل وحرکت	روز پنجشنبہ تمہاری امید بر آنے کے لیے مبارک ہے۔
باپ	نیک طالع صاحب قسمت۔ تم کو کافی فائدہ پہنچے گا۔
املاک	فائدہ اتنا نہ ہوگا مگر ہر طرح سے سبز وشاداب رہے گا۔
عمر	خوشی سے گزرے گی۔ سال میں بیماری سخت 45 سال میں خوف مرگ ورنہ 50 سال عمر ہوگی۔
فرزندان	نیک حال وخوش اور روز بروز ترقی مرتبہ پائیں گے۔
معشوق	وہ تمہاری نسبت کوئی خیال محبت دل میں نہیں رکھتا تم خواہ مخواہ شہیدوں میں داخل ہوتے ہو خیال چھوڑ دو۔
خبر	کوئی خوشی کی خبر یا کسی دوست کا پیغام جلد پہنچے گا۔
بیمار	حرارت وتپ واسہال ہوں گے۔ روز پنجشنبہ کو زیادہ تکلیف ہوگی بعدازاں صورت صحت ہوگی۔
حاملہ	جلدی بارآور ہوگی۔ فرزند دلپسند پیدا ہوگا۔
غلام	اور کنیزک مرضی کے موافق کام کریں گے۔ فائدہ ہوگا۔



سوال	جواب
گریختہ	اگر پنجشنبہ تک آ گیا تو خیر ورنہ 55روز توقف ہو۔
نکاح	دیر سے ہوگا وہ عورت بلند قد کوچک سر' سفید رنگ' ہمیشہ مطیع رہے گی۔
شراکت	متوسط رہے گی' نتیجہ آخرکار کسی قدر فائدہ کا ہوگا۔
غائب	ایک جگہ مقیم نہیں۔ اس لیے امید ہے کہ 55روز تک آئے گا۔
غالب مغلوب	حاسد و مخالف غالب اور مغلوب ہو جاؤ گے۔
وزد	شخص بزرگ خاندان گندم گوں' خال اور چہرہ یا سر میں زخم 55روز کے اندر پتہ لگے گا۔
قرض	معاملہ داد و ستد میں کچھ خلل ہوگا۔
خواب	اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ کوئی دشمن مغلوب ہوگا' تمہارے دل کی امید بر آئے گی۔
سفر	مبارک اور ہر طرح سے کامیابی ہوگی' راستہ میں بھی فائدہ ہوگا۔
روزگار	بباعث کم یافت کے تم ترک کر دو گے بعد 55روز کے دل کی مراد بر آئے گی۔
مادر	تندرست خوشحال' تم سے محبت و پیار بہت کرے۔
احوال سال	نیک ہوگا' غلہ بہت میوہ زیادہ ہو معتدل چہار پایہ بہت ہوں گے نرخ ارزاں رہے گا۔
دوست	نیک ضرور ہیں مگر تمہاری امید 55روز کے بعد بر آئے گی۔
دشمن	قوی و زبردست ہیں آخرکار خود بخود دشمنی سے باز آئیں گے۔
محبوس	روز پنجشنبہ کو طالع موافق ہوگا شاید خلاصی پائے۔
چہار پایہ	فروخت عمدہ' خرید نامیانہ' اگر گمشدہ ہیں تو توقف سے پتہ لگے گا۔
تجارت	خرید میں تو فائدہ نہیں البتہ فروخت مال میں فائدہ ہوگا اگر سابقہ ہو تو بے حد۔



سوال	جواب
منسوب	خزانہ و دارالضرب و بازار جوہریاں و مکان زرگراں سے متعلق ہیں۔
ضمیر	برائے حصول مال یا خواہش عورت یا واسطے احوال بادشاہ کے ہونا چاہیے۔
خبایا	اگر وہ چیزیں ہیں تو یکے حیوانی سفید دیگرے معدنی قیمت دار ہو۔
دفین	تم کو چاہیے کہ اپنے مکان کے گوشہ مغرب اور جنوب کو دیکھ لو۔
نفس	خوش دل مگر بزرگی کا خواہشمند اور نقل و حرکت حسب منشاء ہو۔
مال	خرچ باختیار ہوگا مگر آمدن کم رہے گی' فائدہ عنقریب ہوگا۔
برادران	جاہ و حشمت میں ہیں تم کو ہر طرح سے فائدہ پہنچائیں گے۔
نقل و حرکت	نہایت نیک ہے یک شنبہ کا روز حصول مراد کے لیے مبارک ہے۔
باپ	صاحب ہمت اور خوشحال ہے مگر تم کو دیری سے فائدہ ہوگا۔
املاک	معمور رہے گا بلکہ کچھ اور بھی خریدو گے مگر اس کا نتیجہ نیک نہیں۔
عمر	اول سے آخر تک عمدہ گزرے گی۔ 45سال کے بعد مرتبہ بڑھے گا 19و50سال میں خوف مرگ بعد ازاں 90سال عمر ہو۔
فرزندان	خوش قسمت ہیں جو کام کریں گے فائدہ اٹھائیں گے' تم نیک نام ہوں گے۔
معشوق	تم تو عاشق بنتے ہو مگر معشوق کہتا ہے جس طرف تم خیال لگائے ہوئے ہو وہ تو بیگانہ ہے تم فضول کرتے ہو۔
خبر	جو خبریں تم سنو گے وہ راست اور مفید ہوں گی۔
بیمار	اسہال یا بخار ہو یکشنبہ تک تکلیف بعد ازاں سخت ہوگی۔
حاملہ	جلدی بار آور ہوگی اور لڑکا صاحب قسمت پیدا ہوگا۔
غلام	اور کنیزک سے پرہیز رکھو۔ ان سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

سوال	جواب
گریختہ	روز یک شنبہ تک آئے گا ورنہ 4ماہ 6روز کے بعد اس کا خیال ترک کرنا پڑے گا۔
نکاح	مبارک تو ہے مگر توقف سے ہوگا وہ عورت خوش قد باریک بینی خندہ پیشانی ہوگی۔
شراکت	نیک اور فائدہ مند ہے تم کو بھی امداد پہنچے گی۔
غائب	نقل وحرکت بہت کرتا ہے اس لیے اس کے آنے میں دیری ہے مگر روپیہ خوب کماتا ہے۔
غالب مغلوب	تم دونوں مساوی رہو گے آخرکار انجام بصلاح ہوگا۔
وزد	شخص بزرگ نسب وصاحب مرتبہ اس کا ملنا محال ہے۔ خیال چھوڑ دو۔
قرض	معاملہ دادوستد کا ان دنوں ہونا محال ہے۔ صبر بہتر۔
خواب	کسی بزرگ عالی مرتبہ صاحب کرامت کی امداد سے دلی مقصود حاصل کرو گے۔
سفر	نیک ہوگا بلکہ اس سفر میں کمال فائدہ ہوگا۔
روزگار	جلد ملے گا اور تم ایک اعلیٰ درجہ کی عزت حاصل کرو گے۔
مادر	طالع سعادت میں ہے اکثر آزاد چشم میں مبتلا رہتی ہے۔
احوال سال	نرخ غلہ ارزاں رہے گا' بیماری کم گرمی زیادہ ہوگی' بیوپار خوب ہوگا۔
دوست	بزرگ اور سعادت مند ہیں تمہاری امید بعد کچھ عرصہ کے بر آئے گی۔
دشمن	زبردست تو ہیں مگر باطن میں بھی دشمنی کر کے نابود ہو جائیں گے۔
محبوس	طالع تو عمدہ ہے اگر خدا کو منظور ہے تو جلد خلاصی پائے گا۔
چہارپایہ	حسب المراد فروخت کرو گے' خریدنا بھی مبارک ہوگا۔
تجارت	کار تجارت میں خدا برکت دے گا' ہر ایک کام میں فائدہ ہوگا' فورا کرلو۔

سوال	جواب
منسوب	جائے عالی یعنی تخت بادشاہ وشہر ہائے معظمہ سے منسوب ہے۔
ضمیر	واسطے حصول مال یا نکاح یا غائب کے لیے ہوگا۔
خبایا	اگر ہوں تو دو چیزیں یکے حیوانی وزن ثقیل دیگر معدنی ہو۔
دفین	گمان پڑتا ہے کہ تمہارے مکان کے اندر مشرق یا جنوب کی طرف ہوگا۔
نفس	فتح ونصرت میں خیالات دوڑتے ہیں اور طبیعت متفکر ہے۔
مال	عنقریب ایک معقول فائدہ پہنچنے کی صورت پیدا ہوگی۔
برادران	خویش واقارب بحال خودخوش گزران ہیں تم کو فائدہ ہوگا۔
نقل وحرکت	کچھ دنوں کے بعد واقع ہوگی مگر فائدہ اچھا ہوگا۔
باپ	زروثمت سے خوش ہے' تم کو فائدہ پہنچے گا مگر توقف ہے۔
املاک	معمور سرسبز رہے گا اور جو ویران ہے وہ بھی آباد رہے گا۔
عمر	خوشی سے گزرے گی خوب دولت پیدا کرو گے بشرطیکہ 19، 29، 39 سال کی بیماری سے بچ گئے۔
فرزندان	عزت ومرتبہ پائیں گے تم نیک نام ہو گے' فائدہ ہوگا۔
معشوق	کسی قدر تمہارا اُس کو خیال ضرور ہے شاید یکشنبہ کو ملے ورنہ چند روز کے بعد سرراہ ملے گا۔
خبر	منحوس اور خطرناک خبریں سننے میں آئیں گی۔
بیمار	تپ صفراوی یا اسہال ہوں گے یکشنبہ گراں ہے بعد صحت ہوگی۔
حاملہ	وضع حمل میں تکلیف ہوگی مگر آخرکار لڑکی ہوگی۔
غلام	اور کنیزک وغیرہ سے کامل آرام اور فائدہ پہنچے گا۔



سوال	جواب
گریختہ	روز یک شنبہ تک امید واپسی کی ہے ورنہ توقف۔
نکاح	ایک ایسی عورت سے نکاح ہوگا جو متقی و پرہیز گار اور یادخدا میں محو رہے گی۔
شراکت	جس شخص سے کرنا چاہتے ہو وہ صاحب قسمت ہے اس کی بدولت تم کو بھی فائدہ ہوگا۔
غائب	عنقریب مراجعت کرے گا اپنے حال میں خوش ہے۔
غالب مغلوب	دشمن مغلوب اور تم غالب ہو جاؤ گے۔
دزد	شخص سبز رنگ میانہ قد اوپر گردن کے نشان مگر مال ملنا محال ہے۔
قرض	جس شخص سے طلب کرو گے دے گا مگر تم سے ادا دیری سے ہوگا۔
خواب	اس کا نتیجہ تمہاری آئندہ امیدوں میں کامیابی کی بشارت ہے۔
سفر	توقف سے ہوگا اگر جاؤ گے جلد شاد بامراد ہو گے۔
روزگار	جس جگہ ملے گا باثبات ہوگا اگر ہے تو عنقریب ترقی ہوگی۔
مادر	تندرست فائدہ رساں ہے۔
احوال سال	اشیائے سرخ ارزاں' بارش زیادہ' نباتات بہت' میوہ فراواں ہوگا۔
دوست	امداد دیں گے مگر امید بعد 45 روز بر آئے گی۔
دشمن	45 روز تک خوب زور دکھلا دیں گے بعدازاں کسی قدر محبت کریں گے۔
محبوس	طالع سعد بیت میں ہے شاید رہائی پا جائے۔
چہارپایہ	گھوڑے اور ہاتھی کی سواری نصیب میں ہے' ان سے کافی آرام رہے گا۔
تجارت	خرید وفروخت میں فائدہ اچھا ہوگا' کام شروع کرلو۔



سوال	جواب
منسوب	وہ جگہ جہاں خشت اور پتھر ہوں یا پہاڑ جو کہ آگ سے جلا ہوا ہو۔
ضمیر	واسطے نکاح یا بیمار یا چیزے ازدست رفتہ کا ہونا چاہیے۔
خبایا	چیزے معدنی کم قیمت از جنس آہن برنگ کبود ہو۔
دفین	اگر تم کو یقین کامل ہو تو جائے مشتبہ کے مغرب اور جنوب میں دیکھو۔
نفس	15 روز تک طبیعت حیران رہے گی بلکہ استقلال بھی نہیں ہوگا۔
مال	حصول مال جلد ہوگا چند یوم منحوس ہیں۔
برادران	خویش وآقارب سے بعض معاملات میں رنج پیدا ہوگی۔
نقل وحرکت	میں توقف ہوگا' تو بہتر ہے جانے میں فائدہ نہیں۔
باپ	پراگندہ خیال ہوتا ہے مگر تم کو فائدہ ضرور پہنچے گا۔
املاک	موجودہ ملک کے سوائے اور بھی خریدو گے فائدہ کم ہوگا۔
عمر	45,12 سال میں خوف مرگ ہے اگر تم بچ گئے تو کامل آرام پاؤ گے عمر 50 سال ہوگی۔
فرزندان	نافرمانبردار ہوں گے بلکہ تم کو دشمن خیال کریں گے۔
معشوق	امید تو ہے ملے گا 75 روز کا توقف نظر آتا ہے۔
خبر	جس خبر کی تم کو امید ہے عنقریب تمہارے حسب منشاء پہنچے گی۔
بیمار	تپ ورطوبت اندرونی ہے پنجشنبہ کا دن گراں ہے امید صحت کی نظر آتی ہے۔
حاملہ	دیر سے بارآور ہو اور دختر صاحب جمال پیدا ہو۔
غلام	درکنیزک سے تم کو فائدہ ہوگا تم ان کو عزت کی نگاہ سے دیکھو گے۔

سوال	جواب
گریختہ	روز پنجشنبہ کو گرفتار ہو گا ورنہ 70 روز توقف۔
نکاح	جلدی ہو گا وہ عورت گندم رنگ شعلا چشم کشادہ ابرو ہمیشہ مطیع و تابعداری کرے گی۔
شراکت	جس شخص سے تمہاری منشا ہے وہ شرائط منظور نہیں کرے گا۔
غائب	خوش ہے امید ہے کہ عنقریب پہنچے گا ورنہ 78 روز کے بعد آئے گا۔
غالب مغلوب	پرہیز کرو تم مقابلہ میں مغلوب ہو جاؤ گے۔
دزد	شخص بزرگ نشان بر پہلو اور خال برپائے امید کہ معہ مال کے پکڑا جائے گا۔
قرض	حصول مراد ہو گی مگر ادا دیری سے ہو گا۔
خواب	آشفتہ و ہولناک دیکھا ہو گا مگر تعبیر نہ نیک نہ بد۔
سفر	78 روز تک ارادہ ترک کر دو ورنہ تکلیف اٹھاؤ گے۔
روزگار	نیک ہو گا اور نفع پہنچے گا مگر ہمیشہ پنجشنبہ کا روز تمہارے واسطے مبارک ہو گا۔
مادر	ہر طرح سے خوش تم کو فائدہ ہو گا۔
احوال سال	آگ بہت لگے حیوانات کم شگافتہ بہت ہوں گے' غلہ کا نرخ اوسط پر رہے گا۔
دوست	تمہاری معاونت کریں گے اور وہ ایک اعلیٰ مرتبہ پائیں گے۔
دشمن	ہر طرح سے تم کو رنج و تکلیف دے گا' بہتر تو یہ ہے کہ تم صلح کر لو۔
محبوس	خدا رحم کرے' طالع ان دنوں منحوس ہے۔
چہارپایہ	سے فائدہ ہو گا' اگر دست رفتہ ہیں تو جلد ملیں گے۔
تجارت	78 روز کے بعد جو کام کرو گے فائدہ ہو گا۔

سوال	جواب
منسوب	جائے بزرگ و شہر ہائے آباد و مکان عالیشان اور خوش وضع ہے۔
ضمیر	چیزے دست رفتہ یا رنجور یا کسی دوست کے لیے ہو گا۔
خبایا	نباتی رنگ سفید دیگر کافی کم قیمت تیرہ رنگ۔
دفین	مشرق اور جنوب کی طرف دیکھو۔
نفس	خوش خورم اور ہر طرح سے تندرست ہو۔
مال	شاید کہ چوری جائے' حصول مال میں توقف بسیار ہے۔
برادران	تنگ دست بلکہ مقروض ہوں گے اور تم کو ان سے رنج پہنچے گا۔
نقل و حرکت	ہرگز نہ کرو نقصان اور تکلیف ہو گی۔
باپ	طالع منحوس' گمان ہے کہ مردہ ہو یا عنقریب مر جائے۔
املاک	خراب ہو گا اور کوئی فائدہ پہنچنے کی امید نہیں۔
عمر	تفکرات اور مایوسی سے گزرے گی۔ 15 یا 45 سال میں خوف مرگ ورنہ 66 سال عمر ہو گی۔
فرزندان	تمہاری منشاء کے بموجب ہرگز کام نہیں کریں گے بلکہ نامراد منحوس ہوں گے۔
معشوق	تم حیران ہوتے ہو مگر اس کا ملنا محال ہے اگر یک شنبہ تک نہ ملا تو مدت کے بعد ملے گا۔
خبر	ناخوش اور حیرانی و پریشانی کی خبریں پہنچے گی۔
بیمار	روز یک شنبہ و نسب یک شنبہ کو زیادہ تکلیف، ہوتی ہو گی بعد ایک ماہ کے صورت صحت ہو۔
حاملہ	تکلیف اٹھائے گی' لڑکا ہو گا مگر زندگی اس کی محال نظر آتی ہے۔
غلام	اور کنیز کہ، چور اور دغاباز ہوں گے' ان کے فریب سے بچو۔



سوال	جواب
گرفتار	گرفتار ہونا محال ہے خوف ہے کہ سرگردانی میں جان سے گزر جائے۔
نکاح	امید نہیں کہ ہو کیونکہ بنا بنایا کام بگڑ جائے گا مگر بعد کچھ عرصہ کے کوئی تجویز ہو گی۔
شراکت	ہرگز نہ کرو مال تباہ ہو گا' صبر اچھا ہے۔
غائب	کی خبر ناخوش پہنچے گی' وہ سخت حیرانی اور پریشانی میں ہے شاید مردہ یا بیمار ہو۔
غالب مغلوب	دشمن زیر ہو گا تم غالب ہو گے۔
دزد	شخص بداصل پیوستہ ابرو اگر جلد مل گیا تو خیر ورنہ امید ترک کر دو۔
قرض	طلب کرو تو ملے نہیں اگر دو تو خصومت اور جھگڑے سے ملے۔
خواب	اس کی تعبیر تمہارے حق میں عمدہ نہیں۔ اکثر امراض سے تکلیف پائے۔
سفر	راستہ میں تکلیف ہو گی اور چوروں کا خوف ہو یا جسم کو اذیت پہنچے۔
روزگار	طالع منحوس ہے بنا ہوا کام بھی بگڑنے کا اندیشہ ہے۔ 4 ماہ تک صبر کرو۔
مادر	حالت عمدہ نہیں۔ اکثر امراض سے تکلیف پائے۔
احوال سال	نرخ گراں لوگوں میں باہم رنجش ہو شاید کہ قحط سالی بھی ہو۔
دوست	ہرگز امید راحت کی نہ رکھو تم سے عداوت رکھتے ہیں۔
دشمن	خود بخود زیر ہو جائیں گے' تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے۔
محبوس	حالت نازک اور خطرناک ہے کیونکہ ایام ناقص ہیں۔
چہارپایہ	سے نقصان ہو گا خرید و فروخت بھی مفید نہ ہو گی' اگر دست رفتہ ہیں جلد ملیں گے۔
تجارت	کوئی معاملہ فی الحال نہ کرو نقصان ہو گا' 56 روز پرہیز رکھو۔



سوال	جواب
منسوب	مسجد و مینارہ و کشتی و گورستان و مکان ہماراں یعنی ہسپتال وغیرہ
ضمیر	واسطے بیمار یا حصول مال یا چیزے تلف شدہ کے ہو گا۔
خبایا	چیزے از جنس زمین' رنگ تیرہ' کم قیمت' وزن ثقیل۔
دفین	جس جگہ تم گمان کرتے ہو وہاں جنوب اور شمال کی طرف دیکھو۔
نفس	21 روز تک متحیر و متفکر رہو گے بعد ازاں خوشی ہو گی۔
مال	بوجہ مکروہ بعد 21 روز کے کچھ ہاتھ آئے گا۔
برادران	خویش و اقارب بدحال ہیں تم کو دشمن خیال کرتے ہیں۔
نقل و حرکت	نہایت منحوس ہے اس خیال کو ترک کر دو۔
باپ	پریشانی و حیرانی میں ہیں' تضیع اوقات کرتا ہے۔
املاک	خراب ہو گا بلکہ گھر کے آدمی اس کو برباد کریں گے۔
عمر	30 یا 43 سال میں بیماری سخت شاید کہ جان سے گزر جائے بعد 57 سال عمر ہو۔
فرزندان	بدفعلی میں بدنام ہوں گے اور تم کو بے شک فائدہ نہ ہو گا۔
معشوق	تم کو یاد ضرور کرتا ہے مگر ملنا محال ہے۔ 77 روز تک امید وصل ہے۔
خبر	جس پیغام کی تم کو انتظاری ہے عنقریب پہنچے گا۔
بیمار	امراض صفرا یا سودا ہو یا درد قولنج یا پشت ہو روز شنبہ گراں بعد ازاں صحت ہو۔
حاملہ	وضع حمل میں خوف ہے مگر لڑکا پیدا ہو گا۔
غلام	اور کنیزک باطن میں تم کو نقصان دیتے ہیں کیونکہ بدفعل و معیوب ہیں۔



سوال	جواب
گریختہ	عنقریب امید ہے کہ گرفتار ہو جائے گا۔
نکاح	تردد بہت ہو گا جس عورت سے نکاح ہو گا وہ کوتاہ قد رنگ زرد بزرگ شکم ہو۔
شراکت	کوئی فائدہ نہیں الٹا نقصان ہو گا۔
غائب	آنے کے واسطے متردد ہے مگر احوال منقلب ہو رہا ہے اگر خانہ نحس ہیں اندر زائچہ ہو تو بیمار ہو گا۔
غالب مغلوب	بحکم پروردگار تم غالب رہو گے۔
دزد	شخص بداصل بدفعل امید ترک کرداگر نہیں تو 55 روز کے بعد خیال چھوڑ دینا۔
قرض	معاملہ وادوستد میں چنداں تکلیف نہیں ہو گی۔
خواب	کسی دشمن کی بدولت ذلت وخواری کا موقعہ پیش آئے گا صدقہ دو بلا دُور ہو۔
سفر	فی الحال نہ جانا اچھا ہے۔ 7 روز کے بعد مبارک ہو گا۔
روزگار	کوئی عمدہ جگہ ملے گی اور حصول مراتب حسب منشاء ہو گی۔
مادر	اکثر امراض جسمی سے تکلیف اٹھاتی ہے خدا رحم کرے۔
احوال سال	نرخ گراں اور خلق اللہ میں تشویش تاجروں کو نقصان مگر آخر میں فائدہ ہو گا۔
دوست	تم سے نفاق کریں گے اور تمہاری امید مشکل سے حاصل ہو گی۔
دشمن	ہر چند وہ تم کو نقصان پہنچانے کے واسطے کوشش کریں گے مگر تم بچ جاؤ گے۔
محبوس	55 روز تک طالع منحوس ہے۔
چہارپایہ	نقصان ہو گا' خرید وفروخت بھی موافق نہیں' 55 روز تک توقف کرو۔
تجارت	کوئی کام راست نہیں آئے گا۔ 55 روز صبر سے کاٹو۔



سوال	جواب
منسوب	مقام تاریک وتنگ اور کوہستان اور جائے بدبودار وملبہ کی جگہ سے متعلق ہے۔
ضمیر	خواہش عورت یا دلربا یا رنجور یا غائب ومحبوس کا سوال ہو۔
خبایا	یکے معدنی از جنس زمین رنگ تیرہ کم قیمت۔
دفین	جائے مشتبہ کے جانب مشرق اور جنوب کے دیکھنا چاہیے۔
نفس	پریشان وحیران وسرگرداں وبعض امور دنیاوی۔
مال	4 ماہ تک کیسہ تنگ رہے گا' خرچ زیادہ آمدن کم۔
برادران	باہم نفاق اور رنجور ہوں گے اور فائدہ کم ہو گا۔
نقل وحرکت	بہتر تو یہ ہے کہ نہ کرو کیونکہ ندامت ہو گی۔
باپ	اپنے آپ میں متحیر ہے' تمہاری نسبت کیا کر سکتا ہے۔
املاک	خراب وبرباد ہو گا' کوئی فریب دے گا۔
عمر	45,20 سال میں بیماری سخت ہو گی اگر بچ گئے تو عمر 80 سال ہو۔
فرزندان	متحیر ومتفکر رہتی ہے تم کو فائدہ کچھ نہیں ہو گا۔
معشوق	ہو تو شاید دلیل ملاقات کی کرتا ہے مگر بباعث خوف مجبور ہے۔
خبر	عنقریب ایک خوشی کا پیغام پہنچے گا۔
بیمار	درد شکم وبخار میں مبتلا' چہار شنبہ گراں بعد ازاں صحت ہو گی۔
حاملہ	وضع حمل میں تکلیف ہو اور لڑکی تولد ہو گی۔
غلام	اور کنیزکوں سے زحمت پہنچے گی' وہ بدفعل اور معیوب ہوں گے۔



سوال	جواب
گریختہ	چار ماہ کے بعد ملے گا' کوشش فضول ہے۔
نکاح	جس جگہ تم خیال کرتے ہو اگر ہو گیا تو آخرکار تم ندامت اٹھاؤ گے۔
شراکت	یہ دن درست نہیں 54 یوم کے بعد کرنا۔
غائب	عنقریب آئے گا زیادہ سے زیادہ اس کے آنے کی مدت 4 ماہ ہے۔
غالب مغلوب	ہرگز مقابلہ نہ کرو مغلوب ہو جاؤ گے۔
دزد	شخص سیاہ فام اوپر منہ یا سینہ یا زانوں کے نشان اگر چہارشنبہ تک نہ ملا تو ترک کر دینا۔
قرض	چار ماہ تک معاملہ دادرستہ میں گڑبڑ رہے گی۔
خواب	اگر کسی مُردہ کو دیکھا ہے' خوشی ہو گی' بہرحال نتیجہ اچھا ہے۔
سفر	فی الحال ارادہ ملتوی رکھو جاؤ گے تو نقصان ہو گا۔
روزگار	بستگی طالع ہے 4 ماہ تک صبر سے گزارو بعدازاں بہتری ہو گی۔
مادر	خیالات پراگندہ اور اکثر بیمار رہے۔
احوال سال	نرخ بدرجہ اوسط سیاہ رنگ کی چیزیں ارزاں رہیں جانور زیادہ مریں۔
دوست	دل میں خیال دشمنی کا رکھتے ہیں۔ 2 ماہ تک امید دلی ترک کر دو۔
دشمن	بہت پیدا ہوں گے اور تم کو نقصان پہنچا دیں گے۔
محبوس	بہت مشکل سے رہائی پائے گا' طالع منحوس ہے۔
چہارپایہ	خریدنا اور فروخت کرنا درست نہیں' نقصان ہو گا۔
تجارت	3 ماہ کے بعد کچھ صورت فائدہ کی ہو گی' فی الحال خاموشی اختیار کرو۔



سوال	جواب
منسوب	جائے منقش وراگ رنگ وآب رواں سے متعلق ہے۔
ضمیر	برائے معشوق یا فرزند یا آمد غائب کے ہو۔
خبایا	چیزے حیوانی سوراخدار رنگ سرخی مائل منقش ہو۔
دفین	جس جگہ تم کو گمان پڑتا ہے اس کے جانب غرب اور شمال کے دیکھو۔
نفس	اکثر خیالات فاسد اور عشق بازی میں مائل ہوں۔
مال	کسی قدر مال یا زر سرخ بوجہ حرام حاصل ہو۔
برادران	بری معاملہ کے باعث بدنام ہیں بلکہ تم کو نقصان پہنچائیں گے۔
نقل وحرکت	درست نہیں تکلیف پاؤ گے۔
باپ	پریشان وسرگرداں ہے دشمن اس کے درپے آزار ہوں۔
املاک	کوئی بداصل آدمی تم کو دھوکا دے کر نقصان پہنچائے گا۔
عمر	17 یا 40 سال میں خوف مرگ اگر بچ گئے تو عمر 86 سال ہو گی آرام ملے گا۔
فرزندان	فعل ناشائستہ کریں گے جن کے باعث تم کو رنج پہنچے گا۔
معشوق	اس کا دل بہت چاہتا ہے اگر چہارشنبہ تک ملا تو خیر ورنہ بعد 28 روز امید رکھو۔
خبر	جس خبر کی تم کو انتظاری ہے وہ فی الحال نہیں پہنچے گی۔
بیمار	حرارت خون میں مبتلا روز شنبہ گراں بعد 28 روز کے صورت شفا ہو گی۔
حاملہ	خوشی وخورمی سے لڑکا پیدا ہو گا مگر عمر کم ہو گی۔
غلام	اور کنیزک بداصل وبدفعل نابکار ہیں' پرہیز کرو۔



سوال	جواب
گریختہ	تکلیف اور پریشانی میں ہے یوم سہ شنبہ کو آئے ورنہ 28 روز کے بعد ملے۔
نکاح	وہ عورت بلند قد سرخ رنگ گربہ چشم ہو گی اور ہمیشہ گھر میں فتنہ اور فساد رکھے گی۔
شراکت	جس آدمی کو شامل کرو گے اس سے فائدہ پہنچے گا۔
غائب	دیر سے آئے گا' ہر طرح سے خوش ہے اگر 28 روز میں نہ آیا تو دیر لگے گی۔
غالب مغلوب	دشمن مغلوب ہو گا تم غالب رہو گے۔
وزد	شخص بلند قد گربہ چشم منہ پر آبلہ یا کوئی زخم روز شنبہ کو پہنچے ورنہ ملنا محال ہے۔
قرض	سخت تکلیف اور حیرانی ہو گی۔
خواب	اس کا نتیجہ خدا کے فضل سے عمدہ ہو گا' کہیں سے فائدہ پہنچے گا۔
سفر	امید کلی تو نہیں مگر جزوی ضرور حاصل ہو گی' جانا بہتر ہے۔
روزگار	28 روز گزار و بعدازاں صورت اچھی ہو گی' ترقی و مرتبہ بھی ہو۔
مادر	وہ کسی اندرونی رنجش سے بے چین رہتی ہے۔
احوال سال	قتل و خون کی وارداتیں بہت ہوں گی' حیوانات بہت' گوشت ارزاں رہے۔
دوست	بباعث مقروضی کے حیران و پریشان رہتے ہیں۔
دشمن	تم کو نقصان پہنچانے کی فکر کر رہے ہیں مگر دشمن چہ کند چو مہربان باشد دوست۔
محبوس	اگر 28 روز کے اندر رہا ہو گا تو بہتر ورنہ خوف مرگ ہے۔
چہارپایہ	ضائع اور تباہ ہوں گے اگر گمشدہ ہیں تو 28 روز کے بعد ملیں گے۔
تجارت	کار تجارت میں کس قدر نقصان ہو گا' کوئی شخص خیانت کرے گا۔

سوال	جواب
منسوب	جائے آتش خورد یگدان و مکان سرخ وغیرہ سے متعلق ہے۔
ضمیر	چیزے گمشدہ یا برائے غائب یا بیمار کے لیے ہو۔
خبایا	چیزے معدنی کم قیمت' رنگ سرخ مائل سرخی۔
دفین	تمہارا خیال تو خام ہے مگر خیر شمال اور غرب کو دیکھو۔
لقس	متحیر و متفکر و پراگندہ خیال یا کسی کے عشق میں محو۔
مال	اگر خرچ برابر رہے گا 28 روز کے بعد حصول مراد ہو گی۔
برادران	خوش خرم نیک حال ہیں تم کو فائدہ پہنچائیں گے۔
نقل و حرکت	روز جمعہ نقل و حرکت کے لیے تمہیں مبارک رہے گا۔
باپ	طالع سعادت میں ہے تم کو اس سے خوف پیدا ہو گا۔
املاک	آباد رہے گا اور جو شخص اس میں رہیں گے' خوش رہیں گے۔
عمر	عیش و عشرت سے گزرے گی۔ 28 یا 48 سال میں بیماری مہلک ہو اور 87 سال میں مرگ۔
فرزندان	خوش دل صاحب قسمت' تم کو کامل فائدہ پہنچے گا۔
معشوق	جس طرح تم عاشق ہو اسی طرح وہ بھی تمہارے خیال میں مستغرق ہے روز جمعہ وصل کے لیے مبارک رہے گا۔
خبر	عنقریب کوئی خوشی کی خبر پہنچے گی' خاصہ روز جمعہ۔
بیمار	اسہال میں مبتلا ہو' روز جمعہ گراں ہے' کچھ صدقہ دو خدا شفا دے گا۔
حاملہ	آسانی سے حاملہ کے پسر پیدا ہو گا۔
غلام	اور کنیزک سے تم عیش و عشرت کرو گے' وہ تمہاری مرضی کے موافق رہیں گے۔



سوال	جواب
گریختہ	خود بخود واپس آئے گا' روز جمعہ تک نہ آیا تو 55 روز تک امید رکھو۔
نکاح	موافق ہوگا وہ عورت مطیع اور فرمانبردار رہے گی' اولاد بہت ہوگی۔
شراکت	جس شخص سے کرو گے آخر کو جھگڑا پڑے گا۔
غائب	اپنے جائے قیام پر خوش ہے' توقف سے آئے گا۔
غالب مغلوب	مخالف تم پر غالب آئیں گے' خدا سے دعا مانگو۔
دزد	شخص سرخ رنگ معہ مال کے ملنا مشکل ہے اگر 15 روز تک نہ ملا تو خیال چھوڑ دینا۔
قرض	معاملہ دادوستد میں بہتری ہوگی۔
خواب	کسی مرد بزرگ کی وساطت سے تم کو فائدہ پہنچے گا۔
سفر	نیک اور فائدہ مند ہوگا' جاؤ توقف نہ کرو۔
روزگار	اگر موجود ہو تو نقل مکان ہو ورنہ عنقریب صورت بن جائے گی۔
مادر	نیک ہے تم کو کافی فائدہ پہنچے گا۔
احوال سال	نرخ غلہ ارزاں بارش اور ہوا زیادہ جانور بہت مریں گے۔
دوست	عشق بازی میں مشغول ہوں ظاہر میں خاطر کریں۔
دشمن	متردد و متفکر ہوں گے اور تم کو نقصان دیں گے۔
محبوس	روز جمعہ تک تو طالع سعادت میں ہے' آئندہ خدا مالک ہے۔
چہارپایہ	خرید وفروخت میں منفعت ہوگی مگر گمشدہ دیر سے ملیں۔
تجارت	توقف کرو' 28 یوم کے بعد کچھ کام شروع کرنا فائدہ ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	جائے آب رواں وسبزہ زار اور پھول سرخ رنگ سے نسبت ہے۔
ضمیر	برائے سفر یار نجور یا وصل عورت کے لیے ہوگا۔
خبایا	چیزے دباتی وزن قلیل برنگ سفید مائل سرخی۔
دفین	شاید گوشہ شمال وجنوب میں کوئی سرخ رنگ کی چیز گڑی ہو۔
نفس	تندرست نیک حال مگر حرارت مزاج میں مبتلا طبیعت میں فکر پیدا ہو۔
مال	مال حرام کا کہیں سے ملے مگر جلد خرچ ہو جائے۔
برادران	متوسط حال میں ہوں تم کو ان سے رنج پہنچے گا۔
نقل وحرکت	دس روز تک تو تم توقف کرو' بعد ازاں اختیار ہے۔
باپ	پریشان ومتردد ہے' اس کی طبیعت میں رنج وغصہ زیادہ ہے۔
املاک	آگ وغیرہ سے ملک کو نقصان پہنچے گا' خدا فضل کرے۔
عمر	15 سال یا 45 سال میں خوف مرگ اگر بچ گئے تو عمر 66 سال ہوگی۔
فرزندان	ہمیشہ عشقبازی میں مبتلا رہیں گے تم کو زحمت پہنچے گی۔
معشوق	تم کو معلوم نہیں مگر وہ تمہاری محبت میں دیوانہ ہے 77 روز کے بعد دیکھنا کہ ملے گا۔
خبر	منحوس اور جھوٹی خبریں سننے میں آئیں گی۔
بیمار	بخار میں مبتلا' یکشنبہ گراں ہے' کچھ خیرات کرو تاکہ صحت ہو۔
حاملہ	دیر سے بارآور ہوگی اور اس کے دختر پیدا ہو۔
غلام	اور کنیزک معیوب اور باہم اتفاق رکھیں گے۔

سوال	جواب
گریختہ	راستہ سے یا تو واپس آئے یا پکڑا جائے ورنہ 77 روز توقف۔
ازدواج	51 روز توقف کرو۔ ایک ایسی عورت سے ہوگا جو میانہ قد رنگ سرخ مگر فتنہ وفساد کی جڑ ہوگی۔
شراکت	نقصان ہوگا ہرگز نہ کرو توقف اچھا ہے۔
غائب	کسی خرابی میں پڑا ہوا ہے شاید کسی کے عشق میں مبتلا ہو 15 روز ورنہ 77 روز کے بعد آئے گا۔
غالب مغلوب	تم کامیاب رہو گے روز سہ شنبہ تمہارے لیے مبارک ہے۔
وزد	سرخ رنگ اوپر سر کے نشان شنبہ تک امید گرفتاری ورنہ 77 روز توقف۔
قرض	معاملہ لین دین میں جھگڑا اور فساد ہوگا۔
خواب	بشارت نیک ہے شاید تمہارے ہاں لڑکا پیدا ہو یا کسی عزیز سے وصل ہو۔
سفر	فی الحال ارادہ ترک کر دو راستہ میں خوف اور تکلیف ہوگی۔
روزگار	بہت مشکل سے ملے گا بعد 77 روز کے تمہارے حسب منشاء کام ہوگا۔
مادر	حیران و پریشان نفع نہیں ہوگا۔
احوال سال	میانہ رہے گا بعض غلہ کو آفت سے نقصان پہنچے گا گرمی سخت ہوگی۔
دوست	جو امید تم رکھتے ہو دشواری سے بر آئے گی۔
دشمن	مغلوب ہوں گے اور ذلت اٹھائیں گے بلکہ نیست و نابود ہو جائیں گے۔
محبوس	15 روز ورنہ 77 روز کے بعد طالع سعادت میں ہوگا۔
چہارپایہ	بیمار بلکہ مر جائیں خرید و فروخت سے نفع نہیں کشدہ مشکل سے ملیں۔
تجارت	معاملہ راست نہیں ہوگا اور بعد فائدہ کے نقصان اٹھاؤ گے۔

سوال	جواب
منسوب	آب رواں و چورستہ یا گورستان سے متعلق ہے۔
ضمیر	برائے معشوق یا سفر یا رنجور کے لیے ہو۔
خبایا	یکے معدنی کم قیمت دیگرے نباتی سفید قلیل القیمت۔
دفین	موجود تھا مگر اب کچھ نہیں اگر ظن ہو تو جنوب و شمال کی طرف دیکھو۔
نقش	متفکر و متفکر یا کسی دلربا کی یاد میں مست۔
مال	عنقریب آپ کو ایک جگہ سے فائدہ پہنچے گا۔
برادران	خوش نیک طالع سعادت مند فرمانبردار ہوں گے۔
نقل و حرکت	فوراً جاؤ مراد حسب دلخواہ پاؤ گے۔
باپ	فائدہ قلیل ہوگا مگر اندرونی محبت بہت ہوگی۔
املاک	سرسبز رہے گا جو شخص اس میں قیام کریں گے نیک ہوں گے۔
عمر	خوب ترقی پاؤ گے اور نیکی کے کام زیادہ کرو گے۔ 29,15 سال میں خوف مرگ ورنہ 100 سال عمر ہو۔
فرزندان	نیک حال صاحب اقبال ہوں گے نام روشن کریں گے۔
معشوق	تم عاشق بنے پھرتے ہو وہ تمہاری پرواہ نہیں کرتا اس خیال کو چھوڑ دو۔
خبر	دیری سے ایک خبر پہنچے گی ظاہر میں ناخوش اور باطن میں خوشی ہوگی۔
بیمار	رطوبتی مرض ہو سہ شنبہ دوشنبہ سخت ہو نتیجہ میں صحت ہو۔
حاملہ	خوش ہے مگر اس کے دختر پیدا ہوگی۔
غلام	دکنیزک نیک ہوں تم ان کو زیادہ پیار کرو گے۔



سوال	جواب
گریختہ	روز دوشنبہ امید گرفتاری ورنہ بعد دس روز کے۔
نکاح	صبر کرو تمہارا نکاح ایک خوبصورت سے قرار پائے گا' 10روز یا 55روز کے بعد۔
شراکت	وہ شخص تو نیک نیت ہے مگر تم خود خیانت کرو گے۔
غائب	10روز واپسی میں توقف بعدازاں جلد پہنچے گا۔
غالب مغلوب	تم مغلوب رہو گے مقابلہ ہرگز نہ کرو۔
دزد	شخص اوپر زانو کے زخم یا خال اگر 10روز میں ملا تو بہتر ورنہ 55روز توقف۔
قرض	مقروضی سے رہائی مشکل اگر اور مانگو تو 10روز کے بعد ملے گا۔
خواب	تم ایک اعلیٰ مرتبہ پا کر تنزل میں گرو گے صدقہ دینا واجب ہے۔
دشمن	قوی اور زبردست ہیں مگر طالع تمہارا بھی سعادت میں ہے صلح کرلو ورنہ دونوں کا نقصان ہوگا۔
محبوس	طالع تو سعادت میں ہے رہائی خدا کے ہاتھ ہے۔
چہارپایہ	بہ نسبت فروخت کے خرید میں فائدہ ہوگا مگر کسی جانور سے تم کو اذیت پہنچے گی۔
تجارت	سرخ اشیاء خرید و کافی فائدہ ہونے کی دلیل ہے۔



سوال	جواب
منسوب	جائے خزانہ یا ٹکسال اور بازار جوہریاں یا جائے معاملہ داد وستد سے متعلق ہے۔
ضمیر	برائے آمد غائب یا حصول علم یا متعلق بہ اتصال ہوگا۔
خبایا	چیزے حیوانی مطلق دیگر نباتی سید وزرد رنگ ہونی چاہیے۔
دفین	بطرف مشرق یا جانب مغرب گمان پڑتا ہے۔
نفس	خوش طبیعت بیفکری کا عالم ہے مگر یاد رکھو کہ چند روز میں ایک امر پرتشویش پیش آئے گا۔
مال	توقف سے حاصل ہوگا اس وقت بھی بہ نسبت خرچ کے آمدن زیادہ ہے۔
برادران	نیک حال ہیں مگر جو تم خیال رکھتے ہو توقف سے حاصل ہوگا۔
نقل وحرکت	فی الحال 3ماہ 6روز تک توقف کرو بعدازاں بہتری ہوگی۔
باپ	تم کو والد سے نفع ہوگا کیونکہ وہ صاحب اقبال ہے۔
املاک	جو شخص تمہارے ملک میں رہیں گے تم ان سے عشقبازی کرو گے اس لیے اندیشہ خرابی کا ہے۔
عمر	خوشی سے گزرے گی 32,28سال میں بیماری سخت ہوگی اگر بچ گئے تو عمر 90سال ہوگی۔
فرزندان	نیک حال مگر عشقبازی میں نقصان زر ومال کریں حکمت عملی سے تم فائدہ اٹھاؤ گے۔
معشوق	وہ تو حیران ہے مگر تم اس کے منتظر ہو وہ عورت نہایت خوبصورت ہے خدا تمہاری آرزو کو جلد پورا کرے۔
خبر	کسی دلربا کا پیغام پہنچے گا مگر کسی کا دھوکا نہ کھانا۔
بیمار	شکم میں درد یا آراس ہو چہارشنبہ تک خوف ورنہ بعد مدت کے شفا پائے گا۔
حاملہ	وضع حمل میں کچھ تکلیف ہوگی لیکن لڑکا ہوگا۔
غلام	کنیزک خوشی سے رہیں گے کیونکہ تم ان سے محبت و پیار کرو گے بہ نسبت خرید کے فروخت بہتر ہے۔



سوال	جواب
گریختہ	اگر چہارشنبہ تک ملا تو بہتر ورنہ 2 ماہ 6 روز تک تلاش نہ کرنا۔
نکاح	مشکل سے ہوا تو ہوگا مگر وہ عورت خوش کلام پارسا ہوگی۔
شراکت	نہایت مبارک ہے کرلو مفاد پہنچے گا۔
غائب	جائے قیام پر خوش ہے اگر چہارشنبہ تک نہ آیا تو 2 ماہ 6 روز آنے میں توقف ہوگا۔
غالب، مغلوب	تم فتح پاؤ گے حاسد تمہارے پشیمان ہوں گے۔
دزد	شخص بلند قد اوپر سینہ کے نشان اگر چہار شنبہ تک نہ ملا تو 2 ماہ 6 روز میں معہ مال ملے گا۔
قرض	معاملہ دادوستد میں توقف کرو اگر کسی کو دو گے تو نہیں ملے گا۔
خواب	ترقی آبرو وبلندی مرتبہ کی بشارت ہوئی ہے خدا کا شکریہ ادا کرو۔
سفر	فی الحال درست نہیں 4 ماہ 10 روز تک صبر کرو بعدازاں بہتری ہوگی۔
روزگار	نیک اور فائدہ مند ہے مرتبہ بلند ہوگا اگر روزگار نہیں تو عنقریب حاصل ہوگا۔
مادر	تم کو والدین سے فائدہ پہنچے گا وہ تمہاری بہتری میں ہیں۔
احوال سال	نرخ ارزاں نعمت زیادہ بارش بکثرت ہوگی لوگ آرام پائیں گے۔
دوست	آسودہ وتونگر ہوں گے مگر امید توقف سے بر آئے گی۔
دشمن	زبردست اور قوی ہیں مگر تمہارا طالع سعادت میں ہوگا وہ کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔
محبوس	بعد 2 ماہ 6 روز کے طالع سعادت میں ہوگا خدا رحم کرے گا۔
چہارپایہ	تم چہارپایہ بکثرت رکھو گے مگر ان دنوں نہ خریدنا بعد چند یوم کے ارزاں ملیں گے۔
تجارت	فی الحال 4 ماہ 6 روز تک توقف کرو بعدازاں منافع کی ضرورت ہوگی۔

سوال	جواب
منسوب	جائے منقش وتخت وصندوق اور وہ مقام جہاں حکمت ازقسم جراحی کا کام ہو متعلق ہے۔
ضمیر	برائے ملاقات ہو یا حصول مال یا غائب کا ہوگا۔
خبایا	چیزے معدنی جس پر نقش کیا ہو اور گول ہو یا نباتی زرد رنگ ہو۔
دفین	گمان ہے کہ جس جگہ تم کو شک ہے اس کے جانب غرب وشمال کچھ ہو۔
نفس	طالع تو سعادت میں ہے مگر تمہارے دل میں وہمی خیالات پیدا ہوتے ہیں۔
مال	عنقریب ہے کہ کوئی صورت مال کی خدا نمودار کرے گا۔
برادران	خوش اور نیک حال ہیں بلکہ تم سے زیادہ محبت رکھیں گے اور تمہارا مقصود جلد حاصل ہوگا۔
نقل وحرکت	باعث مانع ہونے دوستوں کے توقف ہونا اگر جاؤ گے فائدہ ہوگا۔
باپ	نیک حال بلند اقبال ہو اور تم کو والد سے میراث ملے گی۔
املاک	معمور رہے گا بلکہ دن بدن اس میں ترقی ہوگی فائدہ کامل ہوگا۔
عمر	خوشی خوری سے گزرے گی 39,19 سال مرگ اگر بچ گئے تو عمر 82 سال ہوگی۔
فرزندان	تندرست ہیں مگر ہمیشہ تم سے خوش رہیں گے۔
معشوق	وصل کا خواہشمند ہے وہ عورت شعلہ چشم پیوستہ ابرو دلربا ہے اگر ملے گی تو پھر عمر بھر ذوق شوق سے رہو گے۔
خبر	عنقریب ایک وصل کی خبر پہنچے گی کوئی دوست ملے گا۔
بیمار	گرمی وخشکی سے قبض کی بیماری ہے روز یکشنبہ یا 45 یوم تک تکلیف ہے بعد دیکھا جائے گا۔
حاملہ	دیر سے فارغ ہو گی اور لڑکی جنے گی۔
غلام	وکنیزک نیک حال اور تم کو دوست خیال کریں گے مگر فائدہ کم ہوگا۔



سوال	جواب
گریختہ	خواہ وہ کسی جگہ چلا جائے مگر جلد واپس آئے گا۔
نکاح	جلدی سرانجام ہوگا وہ عورت پیوستہ ابرو لطیف اندام ہے او رہمیشہ فرمانبردار رہے گی۔
شراکت	ہر طرح سے مبارک ہوگی' تم دونوں کو فائدہ ہوگا۔
غائب	کسی تجارت کے کام میں مصروف ہے جلد آئے گا ورنہ بعد 44روز کے مراجعت کرے گا۔
غالب مغلوب	ہرگز اس کے مقابلہ میں نہ جانا' تم مغلوب رہو گے۔
دزد	شخص میانہ قد گردن پر نشان یکشنبہ تک امید ملنے کی ہے ورنہ 74روز کے بعد
قرض	قرض خواہوں سے رنج نہیں پہنچے گا بعد 74روز کے صورت عمدہ ہوگی۔
خواب	کسی اہل قلم کی بدولت تم کو فائدہ پہنچے گا' فکر دور کرو۔
سفر	مصلحت تو یہ ہے کہ ارادہ ملتوی کر دو جس جگہ جاؤ گے حیرانی و پریشانی ہو۔
روزگار	نیک اور فائدہ مند ہوگا اور کسی عمدہ جگہ پر تبدیل ہو کر جاؤ گے۔
مادر	والدین سے تم کو کافی فائدہ پہنچنے کی دلیل ہے۔
احوال سال	خوش اور نرخ ارزاں رہے گا مگر زنا کی کثرت ہوگی' نقاشوں کا کام خوب چلے گا۔
دوست	خوش ہیں تم کو بھی فائدہ پہنچائیں گے مگر توقف لازم ہے۔
دشمن	شخص میانہ قد پیوستہ ابرو شاید کہ ابتدا میں تمہارا دوست ہو صلح بہتر ہے۔
محبوس	بعد 50روز کے امید رہائی کی نظر آتی ہے۔
چہارپایہ	خوب فربہ ہوں گے' خرید نا مبارک ہوگا' دست رفتہ جلد ملیں گے۔
تجارت	منافع ہوگا مگر خریدنا ان دنوں بہ نسبت فروخت کے بہتر ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	جائے کوہستان وجنگل خشک وبیابان گرم وجائے شورستان سے نسبت ہے۔
ضمیر	برائے گم شدہ یا ملاقات یا صحت بیمار کے لیے ہوگا۔
خبایا	چیزے کافی کم قیمت از جنس آہن دیگر حیوانی سفید وسبز دیگر بیابانی ہم جنس ہوگی۔
دفین	گمان پڑتا ہے کہ تمہارے مکان میں بطرف جنوب یا مغرب کے کوئی جنس مدفونہ ہو۔
نفس	پریشانی وحیرانی بہت ہوگی' 3ماہ 10یوم اس طرح گزریں گے کہ بعدازاں بہتری ہوگی۔
مال	بمشکل کچھ حاصل ہوگا مگر 21روز کے بعد صورت عمدہ ہو جائے گی۔
برادران	پریشان خاطر اور رنجور ہوں اور تم سے نفاق رکھیں۔
نقل وحرکت	ہرگز نہ جاؤ نقصان کے علاوہ شرمندگی ہوگی۔
باپ	پراگندہ حال اور رنجور ہو تم سے بھی کم التفات کرے۔
املاک	خراب ہوگا بلکہ خوب ہے کہ صدمہ آگ کا پہنچے۔
عمر	نصف عمر رنج وزحمت سے گزرے بعدازاں بہتری ہوگی مگر 43,30سال میں خوف مرگ ورنہ عمر 50سال۔
فرزندان	بدحال پریشان رہیں گے اور تم کو ان سے زحمت پہنچے گی۔
معشوق	تم حیران وپریشان ہو شاید روز شنبہ تک مراد بر آئے ورنہ 107روز توقف کرو۔
خبر	کوئی پیغام خوشی کا ملے گا مگر اکثر جھوٹ ہونے کا شک ہے۔
بیمار	امراض قولنج وتپ وسردی میں مبتلا روز شنبہ تک خوف ہے بعدازاں توقف سے صحت ہوگی۔
حاملہ	وضع حمل میں تکلیف از حد ہوگی مگر خدا کے فضل سے لڑکا ہوگا۔
غلام	وکنیزک معیوب اور چور ہوں گے' تم کو رنج پہنچائیں گے۔



سوال	جواب
گریختہ	جلد پکڑا جائے گا اگر روز شنبہ تک نہ آیا تو 77روز توقف ہوگا۔
نکاح	ایک ایسی عورت سے ہوگا جس کا چہرہ سیاہ اور شکم بزرگ ہوگا مگر پارسا اور نیک ہوگی۔
شراکت	ناحق کرتے ہو تو اس شخص کے دام فریب میں آ کر نقصان اٹھائیں گے۔
غائب	جائے قیام پر خوش ہے اگر جلد آیا تو بہتر ورنہ 77روز کے بعد مراجعت کرے گا۔
غالب مغلوب	تم حیران ہو گے کیونکہ وہ شخص تم پر غالب آئے گا۔
دزد	شخص سیاہ رنگ بڑا پیٹ اگر شنبہ تک ملا تو بہتر ورنہ خیال چھوڑ دینا۔
قرض	فی الحال تو ادا نہیں ہوتا' 6ماہ تک ادا ہو جائے گا۔
خواب	متحیر و پریشانی کی دلیل ہے نتیجہ اس کا تمہاری امیدوں میں ضعف پہنچانے کا ہے۔
سفر	توقف کرو' اگر جاؤ گے تو بیمار ہو جاؤ گے' فائدہ نہ ہوگا۔
روزگار	نیک اور فائدہ مند ہوگا لیکن توقف سے بعد 77روز کے حالت عمدہ ہوگی۔
مادر	پریشان حال ہے تم کو فائدہ نہیں پہنچے گا۔
احوال سال	نرخ ارزاں بیماری اندک ہوگی' طالع بادشاہ قوت میں ہوگا۔
دوست	رنج و مصیبت میں مبتلا ہیں' امید بر نہ آئے گی۔
دشمن	زبردست اور قوی طالع ہیں بہتر ہے کہ تم صلح کرلو ورنہ زک اٹھاؤ گے۔
محبوس	77روز کے بعد طالع قوی ہوگا اگر رمل میں غلبہ کرے تو بندی خانہ میں مر جائے۔
چہارپایہ	ضائع اور مر جائیں گے خریدنا اور فروخت کرنا نامبارک ہوگا۔
تجارت	منافع تو ضرور ہوگا مگر کوئی مخالف رخنہ اندازی کرے گا۔



سوال	جواب
منسوب	جائے تاریک وغار و گورستان وجائے شکستہ سے متعلق ہے۔
ضمیر	برائے گم شدہ یا وصل یا رنجور یا حاملہ کے لیے ہوگا۔
خبایا	چیزے کم قیمت رنگ سیاہ اندروں سوراخ ہو۔
دفین	بطرف جنوب یا مغرب کے ظن موجودگی کا ہے۔
نفس	پشیمان و حیران ہوگا' یکسوئی قلب 25یوم تک نہ ہوگی۔
مال	ضائع ہوا ہو یا کوئی شخص امانت میں خیانت کرے گا۔
برادران	خویش واقارب تنگدستی کی حالت میں ہوں مشکل سے مقصود برآئے گا۔
نقل وحرکت	تم کسی رنجش کی وجہ سے ارادہ کرتے ہو مگر نہ جاؤ تو بہتر ہے۔
باپ	طالع منحوس ہے تم کو اکثر رنج پہنچتا ہے مگر تقدیر میں یہ ہی لکھا ہے۔
املاک	خراب وتباہ ہوگا بلکہ ہاتھ سے نکل جائے گا۔
عمر	اوائل عمر تنگی سے گزرے گی درمیانی عمر میں تکلیفیں رفع ہوں گی' 42,31سال میں خوف مرگ ورنہ عمر 80سال ہوگی۔
فرزندان	تم سے مخالفت کریں گے اس لیے تم ان کو زیادہ منہ نہ لگاؤ۔
معشوق	تم دونوں آپس میں دوست ہو یکشنبہ تک ملے گا ورنہ 71روز کے بعد امید رکھو۔
خبر	پُرتشویش خبر جن کی اصلیت کچھ بھی نہ ہوگی پہنچے گی۔
بیمار	گرمی اور خشکی کی مرض ہو یکشنبہ تک خوف بعدازاں 31یوم کے بعد صورت شفا ہو۔
حاملہ	وضع حمل میں تکلیف مگر لڑکا ہوگا۔
غلام	وکنیزک بدفعل ومعیوب ہیں فروخت بہتر ہے۔



سوال	جواب
گریختہ	دور چلا جائے گا' اگر جلد نہ ملا تو 17 روز تک توقف ہوگا۔
نکاح	نہیں ہوگا' اگر ہوا بعد پچھتاؤ گے جس عورت سے ہوگا موافقت نہ ہوگی۔
شراکت	ہرگز نہ کرو' خیانت سے نقصان پہنچے گا۔
غائب	جائے قیام پر خوش نہیں ادارہ دیگر سفر کا کرتا ہے تم کو اس کا پیغام جلد آئے گا اور 107 یوم کے بعد مراجعت کرے گا۔
غالب مغلوب	وہ شخص مغلوب ہوگا' تم غالب رہو گے۔
دزد	شخص سفید چہرہ کشادہ اوپر منہ کے نشان خال 37 روز میں مال ملنے کی امید پڑتی ہے۔
قرض	معاملہ دادوستد میں فائدہ ہوگا۔
خواب	گو تم نے خواب میں مُردوں اور منحوس آدمیوں کو دیکھا ہے مگر نتیجہ اس کا نیک نکلے گا۔
سفر	فی الحال نہ جاؤ ورنہ راستہ میں چوروں کا خوف ہوگا اور کچھ نقصان بھی ہو 2 ماہ تک توقف کرو۔
روزگار	موجودہ روزگار میں بھی خلل واقع ہوگا' اگر طالب ہو تو توقف سے ہوگا۔
مادر	حالات اس کے بدرجہا خراب ہیں تم کو رنج پہنچے گا۔
احوال سال	اوائل سال میں فتنہ وفساد وبادشاہ ظلم کریں گے اور قحط ہوگا آخر میں کسی قدر آرام ملے گا۔
دوست	تم ناحق دوست بناتے ہو باطن میں وہ تم کو دشمن خیال کرتے ہیں اپنی امید کو ترک کر دو۔
دشمن	خوف تو ضرور ہے مگر تم ہرگز نہ ڈرو تم کو ضرر نہیں پہنچے گا۔
محبوس	یک شنبہ تک خوف ہے بعدازاں صورت اچھی ہو جائے گی۔
چہارپایہ	نقصان اور تلف ہوں گے شاید کہ چوری چلے جائیں' فائدہ نہیں ہوگا۔
تجارت	3 ماہ 5 یوم تک توقف کرو' بعدازاں کاروبار تجارت بوجہ احسن چلے گا۔



سوال	جواب
منسوب	صحرائے کشادہ اور دریائے کلاں اور بازار وچورستہ سے متعلق ہے۔
ضمیر	برائے غائب یا وصلت ماحصول مال کے لیے ہوگا۔
خبایا	دو جنس یکے معدنی ودیگر نباتی کم قیمت رنگ تیرہ ہو۔
دفین	جائے مشتبہ کے جانب مغرب یا شمال دیکھو۔
نفس	خاموشی اور سکوت زیادہ ہوگا اور بباعث تفکرات ارادہ سفر کا ہو۔
مال	عنقریب ایک جگہ سے مفاد پہنچنے والا ہے' گھبراؤ نہیں۔
برادران	تم جس بات کا خیال کرتے ہو وہ خویش واقارب سے جلد حاصل ہوگی۔
نقل وحرکت	توقف لازم ہے کیونکہ اس کام کے لیے وقت درست نہیں۔
باپ	تمہارا باپ خوش ہے تم اس کے زیرحکم رہے تو مفاد پہنچے گا۔
املاک	موجودہ ملک کے سوائے اور بھی خرید گے اور اس کے ذریعہ تم کو کافی آمدنی ہوگی۔
عمر	عیش سے گزرے گی مگر 39,19 سال میں خوف بیماری اگر بچ گئے تو عمر 88 سال ہوگی۔
فرزندان	کاروبار میں ترقی کریں گے بلکہ تم کو کامل آرام ملے گا۔
معشوق	وہ تو سرکش ہے تم زیادہ اس کی طرف توجہ نہ رکھو اگر باز نہ آئے تو بدنام ہو جاؤ گے۔
خبر	کوئی خبر آئے گی' تم کو کسی جگہ جانا پڑے گا۔
بیمار	تپ اور رطوبت سردی میں مبتلا رہے اور پنجشنبہ کا خوف ہے بعدازاں آہستہ آہستہ صحت ہوگی۔
حاملہ	وضع حمل میں تکلیف ضرور ہے مگر لڑکی تولد ہوگی۔
غلام	وکنیزک سے تمہارا دلی منشا پورا نہ ہو' فروخت بہتر ہے۔



سوال	جواب
گربختہ	حیران ہو کر خود بخود آئے گا ورنہ 36 روز کے بعد پکڑا جائے گا' خبر پہنچے گی۔
نکاح	ہو جائے گا وہ گندم رنگ پیوستہ ابرو ہو گی' تمام عمر مطیع فرمانبردار رہے گی۔
شراکت	نہایت مبارک ہے' اس شخص کو شامل کر کے کام شروع کر دو۔
غائب	خوش ہے حسب مراد جلد آنے والا ہے زیادہ سے زیادہ اس کے آنے میں 2 ماہ 15 روز کا توقف ہے۔
غالب مغلوب	گو وہ قوی ہے مگر خدا کے حکم سے تم کو فتح نصیب ہو گی۔
وزد	شخص میانہ قد گندم گون گمان تو یہ ہے کہ تمہارا کوئی دوست ہو گا' جلد اس کا بھید کھل جائے گا۔
قرض	معاملہ دادوستد میں تکلیف ہو گی لینا دینا درست نہیں رہے گا۔
خواب	گو خواب میں تم نے خوشی کی ہے مگر انجام اس کا تمہارے لیے اس خوشی سے زیادہ پیدا کرنے والا ہے۔
سفر	دوستوں کی خاطر تم کو توقف کرنا پڑے گا مگر سفر میں تم بعد 2 ماہ 18 یوم کے کامل مفاد اٹھاؤ گے۔
روزگار	نیک اور پائیدار ملے گا اگر موجود ہے تو ترقی مرتبہ ہو گی' حاکم خوش رہے گا۔
مادر	والدہ سے تم کو کچھ مال ملے گا لیکن بھائی ناراض رہیں گے۔
احوال سال	نرخ غلہ ارزاں بارش زیادہ پیداوار عمدہ مگر ٹڈی دل سے فصل کو نقصان پہنچے گا۔
دوست	نیک حال تندرست ہیں' تم کو فائدہ پہنچائیں گے۔
دشمن	وہ شخص کسی کے شر سے تمہارے پیچھے پڑا ہوا ہے مگر جلد رفع ہو جائے گا۔
محبوس	بعد 2 ماہ 28 روز کے امید رہائی کی ہے۔
چہارپایہ	سے فائدہ ہو گا خرید وفروخت موافق ہو گی دست رفتہ ہیں تو توقف سے ہاتھ آئیں گے۔
تجارت	2 ماہ 18 روز تک کاروبار بدرجہ اوسط بعدازاں بہتر ہو گا۔



سوال	جواب
منسوب	سبزہ زار وگلستان وجائے آب روان وجائے خلوت سے متعلق ہے۔
ضمیر	برائے معشوق یا روزگار یا واسطے غائب کے ہو گا۔
خبایا	چیزے نباتی قیمت دار رنگ سفید مائل زردی دیگر کافی کم قیمت ہو۔
دفین	گمان ہے کہ جائے مشتبہ کے جانب مغرب یا شمال کچھ ہو۔
نفس	عیش وعشرت وجمعیت ساتھ دوستوں کے حاصل ہو اور کوئی فکر دامنگیر نہ ہو۔
مال	بمشکل فائدہ کی صورت پیدا ہو گی مگر حاسد درپے آزار لگے رہیں گے۔
برادران	نیک وپارسا وعاقل ہیں اور جو خیال تمہارا ہے وہ جلد بر آئے گا۔
نقل وحرکت	توقف ہو گا' اگر جاؤ گے تو کامیابی ہو گی۔
باپ	طالع قوی ہے تم کو والد سے راحت پہنچے گی' مگر توقف سے۔
املاک	معمور رہے گا' اور ترقی ہو گی' آمدنی زیادہ ہو۔
عمر	خوشی اور دولتمندی سے گزرے گی مگر 47,8 سال میں خوف مرگ ورنہ عمر 80 سال ہو گی۔
فرزندان	نیکو حال ہوں تم کو کافی فائدہ پہنچا دیں گے۔
معشوق	وصل کے لیے موقع کا منتظر تم کو کمال دوست جانتا ہے جلد ملے گا محبت میں پائداری ہو گی۔
خبر	کوئی خوشی کا پیغام عنقریب پہنچے گا۔
بیمار	قبض شکم ہے اور چہارشنبہ تک خوف ہے' بعدازاں صحت بمشکل ہو گی۔
حاملہ	دیر سے فارغ ہو گی اور بآسانی دختر تولد ہو گی۔
غلام	وکنیزک نیک ہوں گے' ان کی بدولت فائدہ پہنچے گا۔



سوال	جواب
گریختہ	روز چہار شنبہ امید گرفتاری ورنہ توقف بسیار ہوگا۔
نکاح	سرانجام ہوگا وہ عورت سبزہ رنگ فراخ سینہ خوش کلام عاقل ودانا ہوگی مگر اس کے لڑکیاں بہت۔
شراکت	جس شخص سے ارادہ کرتے ہو اس کی شمولیت سے فائدہ ہوگا۔
غائب	جائے قیام پر خوش ہے اور ارادہ آئے گا اگر چہارشنبہ تک نہ پہنچا تو 4ماہ کے بعد آئے گا۔
غالب مغلوب	وہ شخص تمہارے مقابلہ کی تاب نہیں لاسکتا تم فوراً اس کو زیر کرلو گے۔
وزد	شخص بلند قد سبز رنگ ریش دراز نشان اوپر پہلو کے ہو 4ماہ کے بعد امید ملنے کی ہے۔
قرض	مسئلہ دوادوستد میں 4ماہ 9روز توقف کرو بعدازاں بہتر ہوگا۔
خواب	دریائی چیزیں یا کسی مرد بزرگ کو دیکھا ہو نتیجہ اس کا بہرحال نیکی پر دلالت کرتا ہے۔
سفر	چار ماہ تک جانا نہیں ہوگا بعدازاں بامراد جاؤ گے۔
روزگار	جلد ملے گا اگر موجود ہے تو عنقریب ترقی مرتبہ ہو جائے گی' فائدہ ہوگا۔
مادر	خوش اور نیک طالع ہے تم کو فائدہ ہوگا۔
احوال سال	نرخ غلہ ارزاں ہوگا مگر ترش اشیاء گراں رہے گی حیوانات بہت پیدا ہوں گے۔
دوست	پیار ومحبت کریں گے' فائدہ تو ہوگا مگر 4ماہ کے بعد۔
دشمن	گو تمہارے مخالف ایک پارٹی ہے مگر سب دفع ہو جائیں گے۔
محبوس	چار ماہ تک طالع منحوس ہے کسی کی مدد سے رہائی ہوگی۔
چہارپایہ	بہت ہوں گے اور تم کو فائدہ ان کی بدولت پہنچے گا' دست رفتہ دیری سے ملیں گے۔
تجارت	بعد 4ماہ کے معاملہ خرید وفروخت با منفعت ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	سبزہ زار وآب روان وجائے معاشرت اور مقام مطربان سے متعلق ہے۔
ضمیر	برائے حصول مال یا وصل یا بلندی مرتبہ یا گمشدہ کا ہوگا۔
خبایا	چیزے معدنی کم قیمت ضرب خوردہ از جنس آہن یا سنگ دیگر حیوانی ہوگی۔
دفین	جائے مشتبہ کے جانب مغرب یا شمال ہوگا۔
نفس	آسودہ حال وخوشدل اور عیش وعشرت میں مشغول ہو یا کسی کے عشق میں حیرانی ہو۔
مال	مال ضائع ہوگا یا چوری چلا جائے گا بعد 21روز کے بہتری ہوگی۔
برادران	حالت ان کی خراب ہے تمہارے مال میں بھی خیال کریں گے۔
نقل وحرکت	چند روز توقف کرو کیونکہ یہ موقع درست نہیں۔
باپ	بعد 21روز کے تم کو والد سے فائدہ ہوگا اور وہ تم کو نیک نظر دیکھے گا۔
املاک	تمہارے ملک کو نقصان پہنچے گا اور دشمن تمہارے درپے آزار رہیں گے۔
عمر	رنج وراحت تو درکنار تم کو زندگی میں سخت حادثہ پیش آئیں گے' 30سال کی بیماری سے بچ گئے تو عمر 47سال ہو۔
فرزندان	بدحال وفعل بد کریں بلکہ تم کو بھی ان سے نقصان پہنچے۔
معشوق	بباعث کسی دشمن کے ملاقات کرنے سے پرہیز کرتا ہے مگر 21روز کے بعد امید وصل ہے۔
خبر	جس خبر یا خط کے تم منتظر ہو اس کا جواب دیری سے آئے گا۔
بیمار	تپ وحرارت خون سے نالاں ہو صحت میں شک ہے مگر 21 روز کے بعد امید وصل ہے۔
حاملہ	اس عمل میں اس کی جان کا خوف ہے مگر اس کے لڑکا ہوگا۔
غلام	دکنیزک خیانت کریں گے اور ان سے زحمت پہنچے گی بلکہ تمہارے دشمن ہو جائیں گے۔



سوال	جواب
گریختہ	عنقریب واپس آئے گا ورنہ 21 روز کے بعد اپنی جائے قیام پر آئے گا۔
نکاح	ہوگا مگر آخر میں تم پریشان ہو گے وہ عورت تمہاری مرضی کے موافق نہ ہوگی۔
شراکت	ہرگز نہ کرو' علاوہ نقصان مال کے پشیمانی اٹھاؤ گے۔
غائب	جائے قیام پر ناخوش ہے مگر بے اختیار ہے اگر 21 روز کے اندر نہ کیا تو بعد 3ماہ 1روز کے آئے گا۔
غالب مغلوب	تم اس کو فوراً مغلوب کر لو گے خواہ وہ کیسا ہی زبردست ہو۔
دزد	شخص بدفعل ونامراد جس کا پیشہ ہی یہی ہے مال لے کر رفو چکر ہو گیا ہے مگر یہ کارروائی کسی واقف کار کی معرفت ہوئی ہے۔
قرض	دادوستد میں تم کو ان دنوں نقصان پہنچے گا' صبر کرو۔
خواب	شیطانی صورتیں نظر آتی ہیں اس کا نتیجہ ناقص ہے رات کو سوتے وقت اسم ربانی کا ورد کیا کرو۔
سفر	بعد 21یوم کے اگر جاؤ تو کامل فائدہ اٹھاؤ گے۔
روزگار	موجودہ روزگار بھی 21روز تک ٹھیک نہیں اندیشہ معزولی کا ہے 2ماہ 15روز کے بعد صورت فائدہ ہو گی۔
مادر	اگر مردہ نہیں ہے تو جان لو کہ اب اس کی عمر کا حصہ ختم ہونے کو ہے۔
احوال سال	نرخ غلہ گراں رہے گا' فصل عمدہ نہ ہو گی' بارش بہت کم ہو گی' چوری کا زور رہے گا۔
دوست	ایسے دوستوں سے پناہ مانگو وہ تو تمہارے دشمن ہیں تم دوست خیال کرتے ہو۔
دشمن	تم کو تکلیف دینے کے لیے کئی منصوبہ بازیاں کرے گا مگر آخر میں ناکامیاب ہوگا۔
محبوس	21روز تک طالع اس کا منحوس ہے' بعد اس کے خدا فضل کرے گا۔
چہارپایہ	تباہ اور ضائع ہوں گے خرید وفروخت سے نقصان پہنچے گا۔
تجارت	ہرگز نہ کرو نقصان زر ومال ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	موضع خراب جائے وزدان وجنگل وکوہستان سے منسوب ہے۔
ضمیر	برائے گمشدہ یا غائب یا معشوق یا حصول مال ہوگا۔
خبایا	چیزے کافی قیمت خفیف ازجنس آہن یا سنگ دیگر حیوانی ہو۔
دفین	اگر بھائی تم کو وہم ہے تو اپنی مشتبہ جگہ کے شمال یا مشرق کو دیکھو۔
نفس	پریشان بدحال شب وروز فکر سے تکلیف ہو مگر 15روز کے بعد بہتری ہو گی۔
مال	خرچ زیادہ آمدن کم مگر بعد چند روز خانہ مال میں قوت ہو گی۔
برادران	ہر طرح سے خوش وخرم ہوں' تم کو ان کی بدولت فائدہ ہوگا۔
نقل وحرکت	مبارک وحصول مراد ہو گی' جمعہ کا دن مبارک ہوگا۔
باپ	طالع سعادت میں ہے تمہارا مقصود جلد حاصل ہوگا۔
املاک	آباد رہے گا' تم کو فائدہ ہوگا' گمان پڑتا ہے کہ تم اور بھی ملک بناؤ گے۔
عمر	جس طرح تم بڑے ہو گے اسی طرح دنیاوی نعمت سے خوش ہوں گے مگر 48,20 سال نحس ہیں اور عمر 55 سال ہے۔
فرزندان	ان کی کمائی سے تم کو فائدہ پہنچے گا اور وہ نیک کام کریں گے۔
معشوق	تم دونوں ملاقات کے لیے حیران ہو' عنقریب تم کو پیغام پہنچے گا اور وہ نیک کام کریں گے۔
خبر	ایک خوشی کی خبر ان دنوں آئے گی۔
بیمار	امراض سوداوی میں مبتلا ہوگا' روز جمعہ کے بعد دوائی اثر کرے گی۔
حاملہ	وضع حمل میں آسانی اور لڑکا پیدا ہوگا۔
غلام	وکنیزک کی خرید وفروخت موافق منشاء ہو فائدہ رہے گا۔



سوال	جواب
گریختہ	اگر روز جمعہ تک خود بخود واپس نہ آیا تو پھر بعد 2ماہ 18روز کے آئے گا۔
نکاح	جلد ہوگا وہ عورت حسین اور عاقل مگر شائق راگ ورنگ ہوگی اگر جمعہ تک ہوا تو 2ماہ 18روز میں ہوگا۔
شراکت	نقصان تو نہیں ہوگا مگر دونوں کی رائے مختلف ہوگی۔
غائب	جائے قیام پر خوش ہے اگر جمعہ تک نہ آیا تو بہتر ورنہ 2ماہ 12یوم کے بعد مراجعت کرے گا۔
غالب مغلوب	ہرگز مقابلہ مت کرو وہ تم کو مغلوب کر دے گا۔
وزد	شخص میانہ قد اور پہلو کے نشان یا زخم ہوجائے بعد 2ماہ 14روز کے پیدا ہوگا۔
قرض	قرض خواہ تمہاری مدد کریں گے تم ہرگز نہ گھبراؤ' جلد قرض سابقہ ادا ہوگا۔
خواب	اس کا نتیجہ تمہارے واسطے مبارک ہے تم ایک خفیہ بھید سے آگاہ کیے گئے ہو۔
سفر	مبارک ہوگا گوہر مقصود حاصل ہوگا اور شاد بامراد مراجعت کرو گے۔
روزگار	ترقی مرتبہ ہوگی اگر طالب ہو تو عنقریب روزگار ملے گا۔
مادر	خوشی خوری سے ہے تم کو فائدہ ہوگا۔
احوال سال	نرخ ارزاں بارش بہت میوہ زیادہ مگر لوگ عشق بازی میں مشغول رہیں گے۔
دوست	طبیعت ان کی پراگندہ ہے مگر تم سے محبت کریں گے اور امید جلد بر آئے گی۔
دشمن	شاید اہل طرف سے کوئی دشمن ہے یہ تمہارا فرزند ہی ہے مگر وہ زبردست ہے۔
محبوس	روز جمعہ اس کی بہتری کے لیے مبارک ہے خدا فضل کرے گا۔
چہارپایہ	خرید وفروخت سے فائدہ دست رفتہ جلد ہاتھ آئیں۔
تجارت	جس کام کا ارادہ ہے کرلو' اس میں نفع اچھا ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	جائے سنگستان وکنواں خشک وجائے خزاں یا اسپاں سے متعلق ہے۔
ضمیر	واسطے غائب یا سفر یا وصل یا قرض کے لیے ہوگا۔
خبایا	چیزے نباتی پیدائش آب دیگر حیوانی از قسم ہدف ومروارید اگر کانی ہو تو قسم سنگ ہو۔
دفین	شک پڑتا ہے کہ جائے صحن میں جانب جنوب یا مغرب کے ہوگا۔
نفس	بباعث مخالفاں حیران وپریشان ہو اور غم زیادہ ہورہے۔
مال	بعد دس روز کے تم کو کسی جگہ سے روپیہ کا فائدہ ہوگا۔
برادران	نیک حال تندرست ہیں تم کو فائدہ پہنچا دیں گے۔
نقل وحرکت	جانا نہیں ہوگا' ارادہ تمہارا فسخ ہو جائے گا۔
باپ	خوش وخرم ہے تم کو کچھ فائدہ توقف سے پہنچے گا۔
املاک	مبارک ہوگا بلکہ اس میں ترقی ہوگی یعنی امید ہے کہ تم کو اور ملک ملے گا۔
عمر	خوشی وخوری سے گزرے گی 39,27 سال میں خوف مرگ ورنہ عمر 56 سال ہوگی۔
فرزندان	خوش قسمت ہوں گے' تمہاری مراد ان سے بر آئے گی۔
معشوق	وہ عورت خوش خلق گول چہرہ چشم خوبصورت ہے تم کو ملے گی مگر بعد دس یوم کے پیغام ملے گا۔
خبر	کسی عزیز کی خبر منحوس پہنچے گی۔
بیمار	مرض سخت ہے آرام مشکل ہے بعد صحت کے شاید پھر عود کر آئے دوشنبہ سخت گراں ہے۔
حاملہ	دیر سے فارغ ہوگی مگر لڑکی نحس طالع پیدا ہو۔
غلام	دکنیزک نیک حال' خرید وفروخت میانہ رہے گی۔



سوال	جواب
گریختہ	اگر روز دوشنبہ تک نہ آیا تو پھر بعد 10 روز کے آئے گا۔
نکاح	جس عورت سے ہوگا وہ خوش سخن لطیف اندام ہوگی اور ہمیشہ سازگاری رہے گی۔
شراکت	اگر تم کرو گے تو امید ہے کہ فائدہ کمال ہوگا۔
غائب	اگر دس یوم میں نہ آیا تو پھر بعد 6 ماہ کے مراجعت کرے گا مگر عنقریب کچھ مال اس کا آئے گا۔
غالب مغلوب	تم مغلوب اور مخالف تمہارا غالب ہوگا۔
دزد	شخص رنگ سرخ وسفید نشان اوپر گردن کے اگر 10 روز کے اندر نہ ملا تو امید ترک کر دینا۔
قرض	معاملہ داد وستد کا ان دنوں درست نہیں توقف کرو۔
خواب	اس کا نتیجہ تمہارے حق میں مضر پڑے گا' خدا سے دعا مانگو۔
سفر	بعد 10 یوم کے سفر کرنا مبارک ہوگا جس جگہ جاؤ گے شاد بامراد ہو گے۔
روزگار	تم کو حاکم وقت سے عزت ومرتبہ ملے گا اور کاروبار تمہارا کشادہ ہوگا۔
مادر	خوش ہے تم کو عنقریب اپنا اثاثہ البیت سپرد کرے گی۔
احوال سال	حیوانات بہت ہوں گے نرخ ارزاں میں زیادہ بارش بکثرت مگر موت زیادہ ہوگی۔
دوست	خوش خلق ہیں تمہارے لیے کوئی صورت فائدہ کی کرے گی۔
دشمن	زبردست اور طالع ان کا قوی ہے صلح کر لو ورنہ وہ تم کو خراب کریں گے۔
محبوس	بعد 10 یوم کے طالع اس کا سعادت میں ہوگا۔
چہارپایہ	خرید وفروخت میں نفع نہیں ہوگا' دست رفتہ بھی دیر سے ملیں گے۔
تجارت	جو کام شروع کرے گا اول تو خوب چلے گا مگر بعد میں چند یوم تک سست رہے گا۔



سوال	جواب
منسوب	جائے سفید وسبزہ زار اور باغ خوش وضع اور اشیا وسفید رنگ سے متعلق ہے۔
ضمیر	برائے سفر یا غائب یا حصول عورت کے لیے ہوگا۔
خبایا	چیزے معدنی ضرب خوردہ رنگ سفید ہو۔
دفین	جائے مشتبہ کے مغرب یا جنوب کی طرف دیکھو۔
نفس	تندرست مگر حصول زر کے لیے متفکر ہو چند روز کے بعد خیالات عمدہ ہوں گے۔
مال	تنگدستی ضرور ہے مگر پریشر پردہ غیب سے کوئی صورت پیدا کر دے گا۔
برادران	خوش وخرم جو کام وہ کریں گے نیک اور فائدہ مند ہوگا۔
نقل وحرکت	توقف ہوگا مگر مبارک اور حصول مراد ہوگی۔
باپ	طالع اس کا منحوس وپریشانی کی حالت میں ہے تم کو کیا فائدہ ہوگا۔
املاک	بباعث دشمنان خراب وضائع ہوگا۔
عمر	تم تنگ دست رہو گے اور مقروض ہو جاؤ گے' 30 و 43 سال میں خوف مرگ ورنہ عمر 77 سال ہوگی۔
فرزندان	اولاد سے تم کو بجائے راحت کے رنج پہنچے گا۔
معشوق	خیال چھوڑ دو تو اچھا ہے ورنہ رسوا وبدنام ہو جاؤ گے شاید 26 روز کے بعد ملاقات ہو۔
خبر	دروغ اور جھوٹی خبریں زیادہ سنو گے۔
بیمار	خشکی کی مرض کا غلبہ ہے 36 روز گزارنے کے بعد آثار تندرستی ہوں گے۔
حاملہ	وضع حمل میں تکلیف اور دختر تولد ہوگی۔
غلام	وکنیزک بدفعل اور بدامل ہیں' ان سے نقصان پہنچے گا۔



سوال	جواب
گریختہ	بڑی مشکل سے امید پڑتی ہے کہ بروز دوشنبہ تک واپس آئے۔
نکاح	تمام ہوگا مگر تکلیف سے وہ عورت بدفعل اور مکارہ ہے ناسازگاری رہے گی۔
شراکت	منحوس ہے خیانت سے تمہارا روپیہ ضائع ہوگا۔
غائب	جائے قیام پر ناخوش ہے امید جلدی واپسی کی ہے مگر 36 روز توقف۔
غالب مغلوب	تم غالب رہو گے ہرگز خوف نہ کرو۔
دزد	شخص سیاہ چہرہ اگر شنبہ تک نہ ملا تو 26 روز کے بعد مل جائے گا۔
قرض	معاملہ دادوستد میں تکلیف ہوگی نہ کرو تو اچھا ہے۔
خواب	اس کا ثمرہ نیک نہیں تم کو پریشانی دکھلا دے گا۔
سفر	توقف کرو اگر جاؤ گے نقصان اٹھاؤ گے 26 روز کے بعد بہتری ہوگی۔
روزگار	اگر موجود ہے تو اندیشہ معزولی کا ہے مگر بعد 45 یوم کے سعادت ہوگی۔
مادر	کوئی مقصود تمہارا بر نہ آئے گا کیونکہ وہ رنج میں ہے۔
احوال سال	اول سال گرانی آخر میں ارزانی ہو زیادہ غلہ پر آفت پڑے گی۔
دوست	نامراد پریشان ہیں کوئی امید بر نہ آئے گی۔
دشمن	زیر ہوں گے اور یہ دشمن کسی خویش کی مدد سے پیدا ہوا ہے۔
محبوس	طالع تو منحوس ہے شاید رہائی ہو جائے۔
چہارپایہ	ضائع ہوں گے بلکہ مر جائیں گے نقصان ہوگا' خرید میں توقف ہوگا۔
تجارت	بعد 26 روز کے کوئی کام شروع کرنا یہ دن نحس ہیں۔



سوال	جواب
منسوب	پہاڑی بلند ومقام ہولناک ولوہارخانہ اور میدان کارزار کی جگہ سے متفق ہے۔
ضمیر	برائے وزد یا وصل عورت یا حصول مال کا ہوگا۔
خبایا	چیزے حیوانی رنگ سرخ دیگر معدنی از قسم لعل وعقیق۔
دفین	جائے مشتبہ کے جانب جنوب یا مغرب کو دیکھو۔
نفس	حیران وپریشان اور متفکر از جہت دشمناں۔
مال	بہت جلد مفاد پہنچے گا' بلاوسائل کوئی مدد کرے گا۔
برادران	ہر طرح سے آرام وآسائش میں ہیں تم کو خوش رکھیں گے۔
نقل وحرکت	چند یوم تک توقف ہے بعدازاں بہتری ہوگی۔
باپ	تم سے کید وخاطر ہے اور تم کو اپنے نزدیک اچھا نہیں جانتا۔
املاک	آباد رہے گا بلکہ تم کو اسے کامل فائدہ پہنچے گا۔
عمر	خوشی سے گزرے گی 22,12 و40 سال میں خوف مرگ ورنہ عمر 70 سال ہوگی۔
فرزندان	خوش قسمت ہیں' دولت خوب پیدا کریں گے' تم کو راحت پہنچے گی۔
معشوق	تم دونوں کئی مرتبہ مل چکے ہو ان دنوں کچھ کدورت ہوگئی ہے امید ہے کہ چند روز تک صاف ہو جائے گی۔
خبر	خوشی کے پیغام پہنچیں گے' سفر ہوگا۔
بیمار	خونی بیماری میں مبتلا ہے' 31 روز سخت ہیں بعدازاں صحت ہوگی۔
حاملہ	وضع حمل آسانی ہوگی مگر دختر تولد ہوگی۔
غلام	وکنیزک کا خرید وفروخت مبارک ہوگا ان سے راحت پہنچے گی۔



سوال	جواب
گریختہ	گو تمہارے نزدیک چلا گیا ہے مگر وہ اس جگہ ہے روز جمعہ تک ملے گا۔
نکاح	جلد ہوگا وہ عورت سیاہ چشم پیوستہ ابرو نیک ہے تمام عمر خوشی سے گزرے گی۔
شراکت	جس شخص کا ارادہ کرتے ہو کرلو فائدہ ہوگا۔
غائب	خوش ہے عنقریب آیا چاہتا ہے تسلی رکھو کامیابی سے مراجعت کرے گا۔
غالب مغلوب	ہرگز مقابلہ نہ کرو تم مغلوب ہو جاؤ گے۔
دزد	شخص شریف رنگ گندم پیوستہ ابرو روز جمعہ تک ملنے کی امید ہے ورنہ بعد 6 یوم کے معلوم ہوگا۔
قرض	اگر طلب کرو گے ملے گا نہیں اگر دو گے تو نقصان اٹھاؤ گے۔
خواب	کسی زہرہ جبین کی ملاقات سے لطف اٹھاؤ گے۔
سفر	بعد 6 روز کے نیک ہوگا اور دو ماہ 18 روز تک یہ سفر مبارک رہے گا۔
روزگار	دلی مراد جلد حاصل ہوگی اور عزت و مرتبہ بڑھے گا۔
مادر	نیک حال و تندرست ہے مگر تمہاری عورت سے خوش نہیں۔
احوال سال	نرخ غلہ ارزاں رہے گا لوگ عیش و عشرت میں زیادہ مصروف رہیں گے۔
دوست	ان سے فائدہ ہوگا اور مراد جلد بر آئے گی۔
دشمن	زبردست ہیں ان سے صلح کر لینا تمہارے واسطے مفید ہے۔
محبوس	اگر 6 روز تک رہائی نہ ہوئی تو بمشکل بہتری ہوگی۔
چہارپایہ	سے منافع کثیر ہوگا اگر گمشدہ ہیں تو جلد ملیں گے۔
تجارت	ہر کام تمہاری مرضی کے موافق ہوگا اور خرید و فروخت میں فائدہ ہو۔



سوال	جواب
منسوب	جائے خوش و عیش گاہ و مکان مطربیاں سے متعلق ہے۔
ضمیر	برائے معشوق یا حصول مال یا زر ہوگا۔
خبایا	حیوانی مطلق رنگ سرخ و سفید منقش ہوگی۔
دفین	جس جگہ پر تم کو گمان ہے اس جانب مغرب و جنوب کے دیکھو۔
نفس	عیش و عشرت میں مشغول ہو یا کسی اہل نشاط میں سرگرداں ہوں گے۔
مال	عنقریب مال حرام کا ملے گا مگر پائداری نہ ہوگی۔
برادران	28 روز تک ان کا طالعہ منحوس ہے کوئی شخص ان پر تہمت لگائے گا۔
نقل و حرکت	منحوس ہے تم جاؤ گے تو پشیمان ہوں گے۔
باپ	خود کردہ را علاج نیست بہ گردش فلکی کا باعث ہے۔
املاک	کوئی عزیزوں سے تمہارے ملک کو خراب کرنے کی کوشش کرے گا۔
عمر	اوائل عمر میں تنگی آخر میں فراخی ہوگی 15 یا 45 سال میں خوف مرگ پھر 50 سال عمر ہوگی۔
فرزندان	کام جو کریں گے اس میں بدنام اور رسوا ہوں گے بلکہ تم کو بھی زحمت پہنچے گی۔
معشوق	حیران و پریشان ہے تم 28 روز تک خیال چھوڑ دو ورنہ بدنام ہو جاؤ گے۔
خبر	کوئی دل کو رنج پہنچانے والی خبر تم کو معلوم ہوگی۔
بیمار	آتش سے جلد ہو یا بلندی سے گرا ہو سہ شنبہ تک خوف گزرنے پر جلد صحت ہو گی۔
حاملہ	دیر سے فارغ ہوگی مگر بفضل خدا لڑکا جنے گی۔
غلام	وکنیزک بدفعل و معیوب ہیں ان سے تم کو نقصان پہنچے گا۔



سوال	جواب
گریختہ	عنقریب کسی نزدیک جگہ سے پکڑا جائے گا۔
نکاح	ایک باکرہ عورت سے نسبت ہوگی جس کا رنگ سرخ ارزق چشم مگر تم ہمیشہ اس پر بدگمان رہو گے۔
شراکت	تم دونوں باہم خیانت کرو گے اس میں نقصان ہوگا۔
غائب	جس جگہ ہے وہ جگہ اس کے حق میں ناقص ہے امید ہے کہ بعد 28 روز کے مراجعت کرے گا۔
غالب مغلوب	تم غالب اور وہ مغلوب ہوگا اور تمہاری فتح ہوگی۔
دزد	شخص بلند قد ارزق چشم جاہل ہے اور اس کے سر پر زخم ہے روز شنبہ تک ملے گا ورنہ بعد توقف کے۔
قرض	دیا ہوا بھی 28 روز کے بعد مشکل سے ملے گا اور اگر قرضدار ہو تو توقف سے ادا ہوگا۔
خواب	تمہاری طبیعت میں صفرادی مادہ بڑھا ہوا ہے اس لیے پریشان خواب دیکھتے ہو۔
سفر	جلد ہوگا مگر یاد رکھو کہ کوئی شخص تمہارا مال چوری کرے گا اگر 28 روز کے بعد جاؤ تو اچھا ہے۔
روزگار	پائدار ملے گا اور تمہاری دلی مراد پوری ہوگی۔
مادر	ہر وقت لڑائی جھگڑا رہے گا اور فائدہ کم ہوگا۔
احوال سال	جنگ وجدل ہوگا خونریزی زیادہ ہوگی مگر اول سال میں بارش سے نقصان ہوگا۔
دوست	بدحال پریشان حال ہیں امید تمہاری مشکل سے برآئے گی۔
دشمن	ہر چند تم کو دھوکا دیں گے مگر یاد رکھو مغلوب ہو کر پشیمان ہوں گے۔
محبوس	28 روز تک تو اس کا طالع منحوس ہے بعدازاں بہتری ہوگی۔
چہارپایہ	مرجائیں تباہ وضائع ہو جائیں فروخت سے بھی نقصان ہوگا۔
تجارت	خرید وفروخت میں 27 روز توقف کرو بعدازاں نیک ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	مکان بلند وحرم سرائے بادشاہ یا عدل وانصاف کی جگہ سے متعلق ہے۔
ضمیر	برائے بادشاہ یا سفر یا کسی دولت کے لیے ہوگا۔
خبایا	چیزے آتشی ضرب خوردہ ہرنگ زرد ودیگر نباتی رنگ سفید۔
دفین	تمہارے مکان کے اندر کوئی چیز جانب مشرق یا شمال کے دفین ہے۔
نفس	تم کو ہر وقت بزرگی اور بلندی حاصل کرنے کا فکر دامنگیر ہے مگر بدوں کچھ نہیں ہوگا۔
مال	آمدن وخرچ ان دنوں برابر ہے چند روز کے بہتری ہوگی۔
برادران	نیک کاموں میں متوجہ ہوں اور تم کو راحت پہنچے۔
نقل وحرکت	مبارک اور ہر طرح سے فائدہ مند ہوگی۔
باپ	اپنے کاموں میں خوش ہے تم کو فائدہ ہوگا۔
املاک	اور بھی بڑھے گا خریدنا تمہارے لیے بہتر ہوگا۔
عمر	دولتمند اور صاحب اقبال ہو گے مگر 39,27 سال میں خوف مرگ ورنہ عمر 90 سال ہو۔
فرزندان	عمران کی دراز ہوگی جو کام کریں گے نیک کریں گے۔
معشوق	تم کو عنقریب اس زہرہ جبیں کا وصل ہوگا اگر نہ ہو تو 2 ماہ 27 یوم کے بعد مراد برآئے گی۔
خبر	کسی حاکم وقت کی طرف سے خوشنودی مزاج کی خبر سنو گے۔
بیمار	سردرد وتپ لرزہ ہے اور دوشنبہ تک خوف بعدازاں صحت ہوگی۔
حاملہ	وضع حمل میں آسانی سے دختر ہوگی۔
غلام	وکنیزک کی خرید وفروخت مبارک وبا منفعت ہوگی۔

سوال	جواب
گریختہ	اگر دو ماہ 6 یوم تک نہ آیا تو 3 ماہ کے بعد آئے گا۔
نکاح	3 ماہ کے بعد سرانجام ہوگا وہ عورت پارسا نیک وفرمانبردار رہے گی۔
شراکت	فی الحال نہ کر 3 ماہ تک صبر کرو بعدازاں کرنا۔
غائب	جائے قیام پر خوش ہے عنقریب خط یا خبر آئے گی ورنہ 2 ماہ 10 یوم کے بعد مراجعت کرے گا۔
غالب مغلوب	وہ تمہارے مقابلہ سے بھاگ جائے گا بدوں کوشش غالب رہو گے۔
دزد	شخص سبز رنگ نشان اوپر ران کے اگر یک شنبہ یا دوشنبہ تک نہ ملا تو 3 و28 روز کے بعد معلوم ہوگا۔
قرض	دیا ہوا بعد 3 ماہ کے ملے گا اگر مقروض ہو تو بعد ایک سال کے ادا ہوگا۔
خواب	اس کا نتیجہ یہ ہے اگر تم بیکار ہو تو روزگار ملے گا اگر نوکر ہو تو مرتبہ بلند ہوگا۔
سفر	جلدی جاؤ گے اور منافع کافی اٹھاؤ گے۔
روزگار	عنقریب حصول مراد ہوگی 28 روز تک صبر کرو۔
مادر	خوش دلی ہے مگر تم کو اس سے فائدہ آخرت میں پہنچے گا۔
احوال سال	نرخ ارزاں ہوگا بارش بکثرت اور ہر ایک میوہ آفت سے محفوظ رہے گا۔
دوست	ارادہ سفر کا رکھتے ہیں امید دیر کے بعد بر آئے گی۔
دشمن	کا طالع منحوس ہے گو وہ تم کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہے مگر انجام کار مغلوب ہوگا۔
محبوس	عنقریب رہائی ہوگی خاصہ روز دوشنبہ کو مراد بر آئے گی۔
چہارپایہ	خرید وفروخت سے فائدہ ہوگا اور ہر طرح سے مفاد پہنچے گا۔
تجارت	خرید وفروخت میں تم کو کافی فائدہ ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	جائے آبرواں ومکان خوش قطع ودرختاں بے بروجنگل کشادہ سے نسبت ہے۔
ضمیر	برائے سفر یا بادشاہ یا وصل عورت یا دوست کے ہوگا۔
خبایا	وہ چیز جس کی پیدائش آبی ہو دیگر معدنی مرکب یا حیوانی ہو۔
دفین	گمان ہے کہ جائے مشتبہ کے نزدیک شمال یا مشرق کی جانب کچھ ہو۔
نفس	خوش دل مگر امور خانہ داری میں شب وروز متفکر ارادہ شر ہو۔
مال	حسب منشاء خرچ کرو گے چند روز میں آمدن کا دروازہ کھل جائے گا۔
برادران	خویش واقارب سے تمہارا مقصد جلد حاصل ہوگا۔
نقل وحرکت	روز یک شنبہ تمہاری امید کے لیے مبارک ہوگا۔
باپ	بزرگی پائے گا اس کے قبضہ میں مال ہے مگر تم کو بمشکل آخر میں ملے گا۔
املاک	فروخت سے فائدہ خرید سے نقصان اٹھاؤ گے۔
عمر	عزت ومرتبہ پاؤ گے 39,19 سال میں سخت بیماری کا سامان ہوگا خوف مرگ ورنہ عمر 90 سال ہوگی۔
فرزندان	بزرگی ومرتبہ پائیں گے لیکن تمہاری توجہ کم کریں گے۔
معشوق	امید ہے کہ عنقریب ملاقاتی ہوگا مگر تمہارا کوئی دشمن اس کو بگاڑ دے گا تم بدنام ہو گے۔
خبر	تمہارے حسب منشاء وہ خبر جس کے تم منتظر ہو آیا چاہتی ہے۔
بیمار	گرمی وخشکی میں مبتلا ہے چند روز کے بعد دوائی اثر پذیر ہوگی۔
حاملہ	بآسانی لڑکا صاحب اقبال پیدا ہوگا بشرطیکہ زندہ رہا۔
غلام	وکنیزک نیک حال مگر آزادی پسند ہوں گے فروخت بہتر ہے۔



سوال	جواب
گریختہ	اگر دوشنبہ تک واپس نہ آیا تو دو ماہ کے بعد آئے گا۔
نکاح	2ماہ 18روز کا توقف تو ہے مگر شاید جلدی ہو جائے تمہاری اس عورت سے ناچاقی رہے گی۔
شراکت	نیک اور فائدہ مند ہو گی کرلو۔
غائب	جائے قیام پر خوش ہے اگر جلد نہ آیا تو بعد 4یوم کے مراجعت کرے گا۔
غالب مغلوب	صلح کرلو مقابلہ درست نہیں کیونکہ تم کو زک پہنچے گی۔
دزد	شخص خوش قد باریک بینی اوپر سینہ کے نشان روز یکشنبہ امید ملنے کی ورنہ ترک کر دینا۔
قرض	کوئی دوست قرض نے گا اور اگر تم مقروض ہو تو جلد ادا ہو جائے گا۔
خواب	اس خواب کا نتیجہ تمہارے حق میں مضر ہے کچھ صدقہ دو تا کہ بلا میں نہ پڑو۔
سفر	عنقریب ایک سفر ہو گا جس سے کامل مفاد پہنچے گا۔
روزگار	نیک اور بامنفعت ہاتھ آئے گا موجودہ روزگار میں بھی ترقی ہو گی۔
مادر	خوش ہے عنقریب تجھ کو کچھ زر ونقدی دے گی۔
احوال سال	نرخ ارزاں میوہ زیادہ نعمت فراخ ہو گی خلق اللہ ہر طرح خوش رہے گی۔
دوست	بزرگی ومرتبہ پائیں گے لیکن تمہاری امید دوماہ کے بعد بر آئے گی۔
دشمن	ابتدا میں دشمنی کمال کرے گا مگر انجام کار صلح پر راضی ہو جائے گا۔
محبوس	جلد رہائی ملے گی طالع سعادت میں ہے۔
چہارپایہ	فروخت سے فائدہ ہو گا اگر دست رفتہ میں دیر سے ملیں گے۔
تجارت	جو کام شروع کرو گے بحکم خدا اس میں منافع ہو گا۔



سوال	جواب
منسوب	جائے بلند یا سبز کی جگہ یا دیوار گنبد وباغ خوش سے متعلق ہے۔
ضمیر	برائے گم شدہ یا غائب یا معشوق کے لیے ہو گا۔
خبایا	چیزے معدنی ضرب خوردہ دیگر حیوانی برنگ سفید ہو۔
دفین	ظن تو ہے کہ جائے مشتبہ کے جانب شمال یا مشرق ہو۔
نفس	خوش خاطر اور ہر طرح سے خوش اور کوئی بزرگ ملے گا۔
مال	چوری چلا جائے یا کوئی شخص زبردستی چھین لے۔
برادران	خویش واقارب کے رنج پہنچے گا بلکہ تمہارے بعض کاموں میں رخنہ اندازی کرے گا۔
نقل وحرکت	جانا تو ہو گا مگر پشیمانی ہو گی۔
باپ	پریشان حالت میں ہو اور نقصان مال اٹھائے۔
املاک	خراب ہو گا بلکہ ہاتھ سے نکل جائے گا خرید توقف ہو گا۔
عمر	کسی دشمن کی بدولت سخت تکلیف اٹھاؤ گے۔ 32,23سال میں خوف مرگ ورنہ عمر 70سال ہو۔
فرزندان	بدفعل ومعیوب اور منحوس طالع ہوں گے تم کو رسوا کریں گے۔
معشوق	ملاقات کا خواہشمند اگر چہارشنبہ تک نہ ملا تو 10یوم کو وصل کی دلیل ہے۔
خبر	ایک خوشی کا پیغام آئے گا مگر انجام کار جھوٹ نکلے گا۔
بیمار	صفرا یا کسی زخم کی وجہ سے حیران ہو روز چہارشنبہ تک خوف مرگ بعد ازاں بہتری ہو گی۔
حاملہ	بمشکل وضع حمل ہو گا اس کی زندگی کی امید کم ہے۔
غلام	وکنیزک بداصل ہونے کے بجائے فائدہ کے نقصان پہنچائے گا۔



سوال	جواب
گریختہ	21 روز تک امید ہے کہ آئے گا ورنہ اس مدت کے بعد پیغام اس کا پہنچے گا۔
نکاح	21 روز توقف ہے مگر یہ نکاح تم کو مبارک نہیں ہوگا' لڑائی جھگڑے سے عمر گزرے گی۔
شراکت	مال نقصان ہوگا اور معاملہ عدالت تک پہنچیں گے۔
غائب	اس جگہ سے بہت دور ہے خبر نحس اس کی پہنچے گی' اگر 21 روز کے اندر پہنچے تو بعد 6 ماہ 6 روز مراجعت کرے گا۔
غالب مغلوب	تم اپنے مخالف پر غالب رہو گے۔
وزد	شخص دراز قد چہرہ ہولناک دندان شکستہ اور شکم کے زخم یا خال مال تو ضائع کر چکا ہے صبر بہتر ہے۔
قرض	ہرگز نہ مانگو نہیں ملے گا اور سابقہ دیری سے ادا ہوگا۔
خواب	آشفتہ دیکھا ہے اس کا ثمرہ نیک نہیں 2 ماہ کے بعد زحمت پہنچے گی۔
سفر	21 روز تک نامبارک بعدازاں مبارک ہوگا۔
روزگار	اگر موجود ہے تو اندیشہ معزولی کا ہے تم کو نقصان اور تکلیف پہنچے گی۔
مادر	تم سے خوش نہیں اور ہر وقت رنج وفکر میں رہتی ہے۔
احوال سال	بارش کم غلہ گران میوہ آفت ارضی سے تباہ اور جور وظلم ہوگا۔
دوست	بدحال ہیں اور تم سے سخت عداوت کریں گے۔
دشمن	زبردست تو ہیں مگر دشمن چہ کند چو مہربان باشد دوست۔
محبوس	یہ دن مبارک ہیں کوشش کرو رہائی ہو جائے گی۔
چہارپایہ	ضائع ہونگے نفع نہ ہوگا' دست رفتہ بھی نہ ملیں گے۔
تجارت	بعد 4 ماہ 6 روز کے معاملہ خرید وفروخت میں بہتری ہوگی۔



سوال	جواب
منسوب	جائے سنگستان وبیابان کوہستان بلند وموضع ناخوش وسہناک سے نسبت ہے۔
ضمیر	برائے گم شدہ یا غائب یا سفر یا معشوق کا ہوگا۔
خبایا	چیزے معدنی یا قیمتی دیگر حیوانی منقش رنگ سرخی مائل ہو۔
دفین	جائے مشتبہ میں اگر تم کو گمان ہے تو مشرق اور شمال کو دیکھو۔
نفس	بباعث خوف دشمنان تم کو حیرانی ہوگی' چند روز اس طرح گزریں گے۔
مال	خرچ زیادہ اور آمدن کم ہے۔ 21 روز کے بعد بہتری ہوگی۔
برادران	احوال ان کا نیک ہے اس لیے تم کو مفاد پہنچے گا۔
نقل وحرکت	مبارک ہوگی۔
باپ	نیک وعامل خوش دل تم کو کامل فائدہ ہو مگر بمشکل تمام۔
املاک	خریدنا مبارک ہے مگر شک پڑتا ہے کہ تم فروخت کردو گے۔
عمر	جس طرح تمہاری عمر زیادہ ہوگی اس طرح مفاد ہوگا مگر 47,21 سال خوف مرگ ورنہ عمر 90 سال ہو۔
فرزندان	بزرگی ومرتبہ پائیں گے خاندان کا نام روشن کریں گے۔
معشوق	مطیع نہیں ہوگا مطلب کا یار بنے گا۔
خبر	جس خبر کے تم منتظر ہو ہرگز نہیں آئے گی۔
بیمار	امراض خونی میں مبتلا ہے خوف مرگ ہے 2 ماہ کے بعد بشرط زندگی صحت ہو گی۔
حاملہ	آسانی سے ایک لڑکا پیدا ہوگا۔
غلام	وکنیزک سے تو یہ ہے کہ ان سے پرہیز رکھو۔



سوال	جواب
گریختہ	بعد دو ماہ 6روز کے امید واپسی کی ہے۔
نکاح	وہ عورت خوبصورت تو ہے مگر اس کی آنکھ میں نقص ہے اور تمہاری مرضی کے موافق کم رہے گی۔
شراکت	نیک اور مبارک تو مگر جلد ٹوٹ جائے گی۔
غائب	جائے قیام پر خوش پنجشنبہ تک خبر پہنچے اور 2ماہ 6روز کے بعد واپس وطن آئے۔
غالب مغلوب	ہرگز مقابلہ نہ کرو پریشانی اٹھاؤ گے آخر مغلوب ہو جاؤ گے۔
وزد	شخص کو چک سربزرگ ریش اگر پنجشنبہ تک نہ ملا تو 2ماہ 6روز کے پتہ معلوم ہوگا۔
قرض	مقروض تمہارا روپیہ ادا کر دیں گے اور بھی تم سے لیں مگر تمہارا قرضہ دیر سے ادا ہوگا۔
خواب	خوش نظر آتے ہیں تمہارے روزگار میں برکت کی بشارت ہے۔
سفر	جاؤ مبارک اور حصول مراد ہوگی روانگی کے لیے پنجشنبہ کا دن مبارک ہوگا۔
روزگار	نیک اور آسانی سے ملے گا اور ترقی مرتبہ ہوگی۔
مادر	نیکوحال سعادت مند تم کو کامل آرام ملے گا۔
احوال سال	نرخ ارزاں ہوگا' بادشاہ عادل ہوں گے' چوری کم مگر فتنہ انگیزی زیادہ ہوگی۔
دوست	فائدہ پہنچا دیتے مگر امید توقف سے برآئے گی۔
دشمن	قوی حال ہیں تم کو ضرر ضرور پہنچے گا بہتر تو یہ ہے کہ صلح کر لو۔
محبوس	روز پنجشنبہ اس کی رہائی کے لیے مبارک ہے۔
چہارپایہ	حسب مراد فروخت کرو گے اگر گم ہو گئے ہیں تو توقف سے سراغ ملے گا۔
تجارت	نسبت خرید کے فروخت میں فائدہ ہے سابقہ خرید شدہ سے تو بیچ دو۔

سوال	جواب
منسوب	یا زر صرافاں یا خانہ یا بادشاہ و درخت میوہ دار سے نسبت ہے۔
ضمیر	برائے دوست یا حصول مال یا واسطے غائب کے ہو۔
خبایا	چیز سے معدنی جس پر نقش کیا ہوا ہو۔
دفین	گمان ہے کہ تمہارے مکان کے اندر ایک کوٹھڑی میں کچھ دفن ہے۔
نفس	خوش مگر واسطے حصول مال کے سفر کی طرف توجہ ہو۔
مال	عنقریب ایک نئی صورت حصول مال کے لیے پیدا ہوگی۔
برادران	خویش واقارب دولتمند ہوں گے تمہاری امید ان سے برآئے گی۔
نقل وحرکت	میں کسی دوست کی خاطر توقف ہوگا۔
باپ	بزرگی پائے گا لوگ اس کو بزرگی کی نگاہ سے دیکھیں گے تم کو فائدہ ہوگا۔
املاک	خرید نا نامبارک فروخت کرنا ناقص ہوگا نقصان ہوگا۔
عمر	عیش وعشرت سے گزرے گی 22یا41سال میں خوف مرگ ورنہ عمر 50سال ہوگی۔
فرزندان	تمہاری عزت کریں گے' در بلند مرتبہ صاحب اقبال ہوں گے۔
معشوق	تم کو بسیار دوست خیال کرتی ہے روز پنجشنبہ تک امید وصل ہے تم کو راحت پہنچے گی۔
خبر	ان دنوں کوئی خبر نہیں آئے گی' انتظاری چھوڑ دو۔
بیمار	روز پنجشنبہ تک اس کو سخت تکلیف ہے' بعدازاں بمشکل تمام صحت ہوگی۔
حاملہ	دیر سے فارغ ہو اور اس کے لڑکی پیدا ہوگی۔
غلام	وکنیزک سے تمام مباشرت کرو گے اور نقصان مال اٹھاؤ گے۔



سوال	جواب
گریختہ	امید تو ہے کہ روز پنجشنبہ تک واپس آئے گا ورنہ توقف ہوگا۔
نکاح	عاقبت اچھی ہوگی وہ عورت تم سے محبت زیادہ رکھے گی اور تم بھی اس کے عاشق ہوگے۔
شراکت	کرلو ہر طرح سے فائدہ ہوگا۔
غائب	اگر جلد نہ آیا تو خط پنجشنبہ تک آئے گا اور 2 ماہ کے بعد مراجعت کا ارادہ کرے گا۔
غالب مغلوب	تم دونوں کے مابین صلح کل صلح کروادیں گے۔
وزد	شخص رنگ گندم نشان اوپر پہلو کے جلد پکڑا جائے گا۔
قرض	دیا ہوا نہیں ملے گا بلکہ اور طلب کریں گے 2 ماہ 28 روز کے بعد ملے گا۔
خواب	اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تم کو کسی جگہ سے کافی فائدہ پہنچے گا۔
سفر	بباعث دوستاں تمہارے جانے میں توقف آتا ہے۔
روزگار	پائدار اور منفعت ہوگی شاید ترقی مرتبہ سے تم کو کسی دوسری جگہ بدل جاؤ۔
مادر	نیک حال اور ہر طرح سے خوش تم کو کافی مفاد پہنچے گا۔
احوال سال	بارش بہت ہوگی نرخ ارزاں رہے گا اور خلق خدا خوشی سے دن گزارے گی۔
دوست	نیکوحال خوش دل ہیں تم سے محبت کریں گے۔
دشمن	ایک شخص جس کا قد بلند رنگ گندمی اور بڑا سر فتنہ انگیزی کرتا ہے مگر صلح ہو جائے گی۔
محبوس	اگر پنجشنبہ تک رہائی نہ ہوئی تو بعد 78 روز کے ہوگی۔
چہارپایہ	خرید وفروخت سے فائدہ ہوگا' دست رفتہ جلد ملیں گے۔
تجارت	نسبت فروخت کے خریدنا اچھا ہے' فائدہ معقول ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	جائے بزرگ اور وہ جگہ جہاں کسی مرد بزرگ کی رہائش ہو یا باغ وگلستان کی جگہ سے نسبت ہے۔
ضمیر	برائے معشوق یا غائب یا روزگار کے لیے ہوگا۔
خبایا	چیزے حیوانی سبز یا تیرہ رنگ نباتی زرد رنگ ہو۔
دفین	جانب جنوب یا مشرق دیکھو۔
نفس	دوستوں میں طبیعت خوش رہتی ہے جب علیحدہ ہوتے ہیں تو تفکر پیدا ہو جاتا ہے۔
مال	بلاوسائل خدا کوئی سبب پیدا کردے گا' گھبراؤ نہیں۔
برادران	نیک حال تو ہیں تمہارا گوہر مقصود جلد ملے گا۔
نقل وحرکت	توقف سے جاؤ گے بہرحال مبارک ہوگی۔
باپ	تندرست ہے چند روز میں اس کو تمہاری بہتری کا خیال آئے گا۔
املاک	خرید مبارک ہے فروخت اچھی نہیں' موجودہ آباد رہے گا۔
عمر	اچھی طرح گزرے گی' 31,19 سال میں خوف مرگ ورنہ 87 سال عمر ہوگی۔
فرزندان	خوش خاطر دانا ہیں تمہاری خاطر کریں گے۔
معشوق	تم دونوں کا پیار بہت ہے مگر دشمن درپے آزار ہیں لیکن تمہاری محبت ہمیشہ قائم رہے گی۔
خبر	ایک خبر خوشی کی ہفتہ عشرہ کے اندر پہنچے گی۔
بیمار	امراض خشکی سے تکلیف میں ہے' دوائی اثر نہیں کرتی اس مرض سے عارضی آرام ہوگا۔
حاملہ	دیر سے فارغ ہوگی اور لڑکی جنے گی۔
غلام	وکیزک زیادہ ہوں گے' خرید وفروخت میں فائدہ ہوگا۔



سوال	جواب
گریختہ	جلدی واپس آئے گا کوئی فکر مت کرو۔
نکاح	جلد ہوگا وہ عورت گندم رنگ سیاہ بال خوش چشم پارسا نیک ہوگی۔
شراکت	میں فائدہ ہوگا کر لو۔
غائب	یکشنبہ تک اول تو خود آئے ورنہ خبر یا خط پہنچے اور 47 روز کے بعد مراجعت کرے۔
غالب مغلوب	جب تک دونوں بارادہ فساد ہوں گے تو لوگ صلح کرا دیں گے۔
وزد	شخص بلند قد نشان بر گردن روز یکشنبہ تک امید گرفتاری ورنہ 47 روز تو قف۔
قرض	معاملہ دادوستد میں تم نقصان اٹھاؤ گے۔
خواب	اس کا ثمرہ واسطے حصول مراد مبارک ہوگا۔
سفر	توقف سے ہوگا اور جس کو ملنے کے لیے جاتے ہو شاید وہ یہاں ہی مل جائے۔
روزگار	بزرگی و مرتبہ پاؤ گے چند روز توقف کرو۔
مادر	تندرست ہے مگر باطن میں کچھ فکرمندی رہتی ہے۔
احوال سال	بارش کافی ہوگی نرخ گاہے گراں گاہے ارزاں رہے گا لوگ عیش بازی کریں گے۔
دوست	خوش دل وصاحب اقبال ہوں گے حصول مراد جلدی ہوگی۔
دشمن	ہر چند وہ تم کو نقصان پہنچائیں گے مگر آخرکار انجام بصلح ہوگا۔
محبوس	بعد 47 روز کے طالع اس کا سعادت میں ہوگا۔
چہارپایہ	زیادہ ہوں گے اگر خریدو گے تو فائدہ بہت ہوگا۔
تجارت	خرید وفروخت حسب منشاء اور مفاد اچھا ہوگا۔



سوال	جواب
منسوب	چورستہ وقار و جنگل وجائے ویران وزمین خشک وشورستان کی جگہ سے نسبت ہے۔
ضمیر	برائے گمشدہ یا دوست یا بادشاہ کے لیے ہوگا۔
خبایا	چیزے کانی ضرب خوردہ از جنس یاقوت زرد ہو۔
دفین	اگر تم کو یقین ہے تو جانب شمال یا جنوب کے دیکھو۔
نفس	پریشان وبدحال وخوارخستہ ہو بلکہ سوسائٹی میں بدنام ورسوا ہوگا۔
مال	26 روز تک خرچ زیادہ آمدن کم رہے گی۔
برادران	تندرست ہیں کوئی فکر مت کرو تمہاری مراد بر آئے گی۔
نقل وحرکت	روز یک شنبہ تمہاری امید کے لیے مبارک ہے۔
باپ	تندرست ہے مگر تم کو بڑی مشکل سے کچھ مفاد ہوگا۔
املاک	خرید وفروخت میں چنداں فائدہ نہیں البتہ دیر کے بعد پھر فروخت کرنا پڑے گا۔
عمر	بلند اقبال ہو گے مگر 35,19 سال میں خوف سخت ہوگا اگر بچ گئے تو عمر 100 سال ہوگی۔
فرزندان	نیک وفرمانبردار ہوں گے تم کو کامل آرام دیں گے۔
معشوق	وہ تم کو یاد نہیں کرتا مگر تم حیران ہو رہے ہو خیر ملے گا مگر یا تو 26 روز یا 2 ماہ بعد۔
خبر	جس خبر کی تم کو انتظاری ہے وہ عنقریب آتی ہے۔
بیمار	اسہال یا تپ محرقہ ہوگا' دوائی اثر نہیں کرتی 26 روز تک یہی حال رہے گا۔
حاملہ	بآسانی لڑکا ہوگا۔
غلام	وکنیزک آزادی پسند ہوں گے' فروخت اچھی ہے نسبت خرید کے۔



سوال	جواب
گریختہ	کوشش کرو کہ مل جائے ورنہ بعد 36 روز کے واپس آئے گا۔
نکاح	بعد 36 روز یا 2 ماہ 6 روز کے اتفاق ہو گا وہ عورت ہمیشہ تم سے سرکش رہے گی۔
شراکت	36 روز کے بعد کرنا یہ درست دن نہیں ہیں۔
غائب	کسی دیگر جگہ کا ارادہ کر رہا ہے اگر یکشنبہ تک نہ آیا تو 2 ماہ 36 روز کا توقف ہو گا۔
غالب مغلوب	ہرگز مقابلہ نہ کرو وہ تم پر غالب آئے گا۔
وزد	شخص بزرگ زرد رنگ گندم باریک ناک مگر حصول مال نہ ہو اگر ہو تو دیری سے۔
قرض	معاملہ دادوستد ہیں توقف ہو گا۔
خواب	ثمرہ اس کا نیک نہیں، کوئی دشمن پیدا ہو گا، نقصان پہنچا دے گا۔
سفر	تم کافی فائدہ اٹھاؤ گے، یہ موقع مبارک ہے۔
روزگار	حسب المراد ملے گا مگر پائداری نہ ہو گی کوئی دیگر جگہ مستقل پاؤ گے۔
مادر	تندرست ہو اور تم کو اس سے فائدہ پہنچے۔
احوال سال	مبارک اور آرام کا گزرے گا، غلہ کا نرخ ارزاں رہے گا۔
دوست	تندرست ہیں امید توقف سے بر آئے گی۔
دشمن	زبردست اور قوی ہیں تم کو زک دیں گے۔
محبوس	عنقریب بحکم خدا رہائی پائے گا۔
چہارپایہ	فروخت سے فائدہ ہو گا، گمشدہ کا دیر سے سراغ ملے گا۔
تجارت	خریدنا اچھا نہیں، فروخت سے فائدہ اٹھاؤ گے۔



سوال	جواب
منسوب	تخت گاہ بادشاہاں دشاہ راہ اور مقام بزرگ اور جائے بلند سے نسبت ہے۔
ضمیر	برائے بادشاہ یا معشوق یا گم شدہ کے لیے ہو گا۔
خبایا	چیزے معدنی سرخ رنگ دیگر حیوانی برنگ سیاہ ہو۔
دفین	بطرف مغرب یا شمال کے دیکھو۔
نفس	بباعث ضائع یا نقصان ہونے مال کے تمہاری طبیعت حیران و پریشان رہے گی۔
مال	مال تمہارا کوئی دھوکا سے نقصان کرے گا، تکلیف اٹھاؤ گے۔
برادران	نیکی نہیں کریں گے، تم سے اکثر عداوت کریں گے۔
نقل و حرکت	بہتر ہو کہ ارادہ ترک کر دو، طالع منحوس ہے۔
باپ	رنجور اور حالت اس کی نازک ہے، تم کو فکر بہت رہے گا۔
املاک	تمہارے ملک میں نقصان ہو گا بلکہ تم اس کو فروخت کر دو گے۔
عمر	رنج و فکر سے گزرے گی 40,15 یوگ میں خوف مرگ ورنہ عمر 66 سال ہو گی۔
فرزندان	بدحال پریشاں رہیں گے، تم رنج اٹھاؤ گے۔
معشوق	اکثر تم کو یاد کرتا ہے مگر موقع وصل نہیں پاتا، مشکل سے امید وصل پڑتی ہے۔
خبر	دہشت ناک اور بادہوائی خبریں پہنچے گی۔
بیمار	دردشکم ہو، علاج موافق ہو گا، مگر چند روز کی تکلیف کے بعد رہائی ہو گی۔
حاملہ	خوف ہے مگر جلد فارغ ہو کر لڑکا پیدا ہو گا۔
غلام	وکنیزک معیوب اور خیانت کریں گے، فروخت بہتر ہے۔

سوال	جواب
گریختہ	اگر 10یوم تک نہ آیا تو 3ماہ کے بعد ملے گا۔
نکاح	باعث خویشوں کے تجویز رک جائے گی اگر ہوا تو بعد 107یوم کے ہوگا مگر وہ عورت بدکار ہوگی۔
شراکت	زیاں مال اور عداوت ہوگی' نہ کرنا مناسب ہے۔
غائب	دیگر سفر کا ارادہ کرتا ہے خبر اس کی خوش آئے گی اور بعد 107یوم کے وہ واپس وطن کا ارادہ کرے گا۔
غالب مغلوب	مخالف پریشان ہوگا تم اس کو زیر کرلو گے۔
دزد	شخص میانہ قد دندان شکستہ شب یکشنبہ کو شاید گرفتار ہو جائے ورنہ توقف ہوگا۔
قرض	معاملہ داودستد میں تساہل ہوگا' قرض خواہوں سے رنج پہنچے گا۔
خواب	اس کا ثمرہ تمہارے واسطے نیک اثر پیدا کرے گا۔
سفر	تکلیف اٹھاؤ گے نقصان مال بھی ہوگا اور دیر سے واپس آؤ گے۔
روزگار	خطرہ ہے کہ تم معزول نہ ہو جاؤ کیونکہ حاکم تمہارا مخالف ہے۔
مادر	رنجور ہے شاید کہ مردہ ہو حالت عمدہ نہیں۔
احوال سال	پریشان اور حاکم جابر وظالم ہوں گے' قحط پڑے گا۔
دوست	تم سے مکر ودغا کریں گے' ان کی دوستی کا خیال چھوڑ دو۔
دشمن	تم کو پریشان ضرور کریں گے مگر آخر میں نیست ونابود ہو جائیں گے۔
محبوس	رہائی کی صورت نظر نہیں آتی' خدا فضل کرے تو بہتر ہے۔
چہارپایہ	تلف ہوں گے مگر چوری چلے جائیں گے' تم کو نقصان پہنچے گا۔
تجارت	ہرگز کوئی کام شروع نہ کرنا 3ماہ تک طالع تمہارا منحوس ہے۔



سوال	جواب
منسوب	جائے مباحثہ ومسجد اور وہ جگہ جہاں عالموں کا مجمع ہو۔
ضمیر	برائے رنجور یا غائب یا ملاقات کے لیے ہوگا۔
خبایا	حیوانی دیگر کانی از جنس آہن وغیرہ۔
دفین	تمہارے مکان میں گوشہ جنوب وشمال کی طرف گمان پڑتا ہے۔
نفس	تندرست مگر خیالات گوناگوں کا زور اور اکثر طبیعت بستہ ہو۔
مال	خانہ مال بستہ ہے بعد 2ماہ 6روز کے کشادہ ہوگا۔
برادران	خوش دل ہیں' عنقریب ان کی خبر خوشی کی آیا چاہتی ہے۔
نقل وحرکت	ان دنوں درست نہیں 2ماہ کے بعد حصول مراد ہوگی۔
